www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعرات 07 شعبان المعظم 1446ھ 06 فروری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 221

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

غزہ پر قبضہ کرکے کثیر القومیتی ملک بنائینگے، فلسطینی اردن اور مصر چلے جائیں، ڈونلڈ ٹرمپ کی نیتن یاہو کیساتھ مشترکہ پریس کانفرنس

غزہ میں طویل المدتی ملکیت کی پوزیشن دیکھ رہا ہوں، ہم غزہ کو ترقی دیں گے، علاقے کے لوگوں کو ملازمتیں دیں گے، شہریوں کو بسائیں گے، ہمیں امید ہے کہ جنگ بندی برقرار رہے گی

بہت سے ممالک جلد ہی ابراہام معاہدے میں شامل ہوں گے، میں ایران کے ساتھ ڈیل کرنا پسند کروں گا، اگر لگا کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار ہیں تو یہ ان کی بدقسمتی کا باعث ہوگا، امریکی صدر

واشنگٹن، غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ کی پٹی پر طویل عرصے تک قبضہ کرنے کا اعلان کردیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ اعلان اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے ہمراہ وائٹ ہاؤس میں ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا غزہ کی پٹی پر قبضہ کرلے گا، ہم اس کے مالک ہوں گے۔ جس کا مقصد اس علاقے میں استحکام لانا اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کرنا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ میں غزہ میں طویل المدتی ملکیت کی پوزیشن دیکھتا ہوں، ہم غزہ کو ترقی دیں گے۔ علاقے کے لوگوں کے لیے .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ، آسٹریلیا اور سعودی عرب نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ پر کنٹرول کے اعلان کو مسترد کردیا

ٹرمپ کا غزہ منصوبہ نسل کشی کے مترادف، فلسطینی ریاست کو ہمیشہ کے لیے ناممکن بنانے کا خطرہ ہے، اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل

نیویارک، ریاض، کینبرا (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ، آسٹریلیا اور سعودی عرب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان انتقال کرگئے

صدر، وزیراعظم، چیئرمین سینٹ، اسپیکر قومی اسمبلی اور وفاقی وزرا کا اظہار افسوس

پرنس آغا خان کی وصیت کے مطابق رحیم آغا خان اسماعیلی کمیونٹی کے 50 ویں امام بن گئے

اسلام آباد (م ڈ) اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان انتقال کرگئے۔ اعلامیے کے مطابق پرنس کریم آغا خان کا انتقال 4 فروری کو پرتگال کے دارالحکومت لزبن میں ہوا۔ ان کی عمر 88 برس تھی۔ انتقال کے وقت شاہ کریم کے اہل خانہ ان کے پاس موجود مولانا شاہ کریم......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری کی چینی ہم منصب سے ملاقات، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

وزیر داخلہ کی چینی باشندوں کی سیکورٹی پر بریفنگ

گریٹ ہال آف دی پیپلز آمد پر چینی صدر شی جن پنگ نے پرتپاک استقبال کیا، مسلح افواج کے چاک و چوبند دستوں کا گارڈ آف آنر

پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کے تحت باہمی طور پر سودمند تعاون کے تصور کی روشن مثال ہے، صدر

بیجنگ (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے چین کے دورے کے موقع پر چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات کی اور دورہ پاکستان کی دعوت دے دی، ملاقات کے دوران دوطرفہ معاشی تعاون کے منصوبوں سمیت علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر پاکستان اور چین کے درمیان مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے، ایوان صدر سے جاری اعلامیے کے مطابق بیجنگ میں صدر......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بیجنگ، صدر آصف علی زرداری چینی صدر شی جن پنگ سے مصافحہ کر رہے ہیں

مظفر آباد، وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر یادگار شہداء پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان عالمی فورمز پر کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان

ملک بھر میں ریلیاں کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کیلئے پاکستان کی جانب سے غیر متزلزل حمایت کا ثبوت ہیں، جعفر خان مندوخیل

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی، سیاسی، سماجی، سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے 5 فروری کو کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کی علامت کے طور پر منائے جانے والے یوم یکجہتی کشمیر کی اہمیت پر زور دیا جنہوں نے کئی دہائیوں سے بھارتی جبر کا سامنا کیا ہے۔ یہ دن کشمیریوں کی جدوجہد آزادی اور ان کے حق خودارادیت کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کے ثبوت کے طور پر کام کرتا ہے جیسا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں میں درج ہے......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت تنازعہ کشمیر پر بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کرے، 5 فروری کا دن بھارت کو چیخ چیخ کر یاد دلاتا ہے کہ کشمیر 5 اگست جیسے اقدامات سے اس کا حصہ نہیں بن سکتا، وزیراعظم

آزادی کشمیر کیلئے بھارت سے 10 جنگیں لڑنے کو تیار ہیں، آرمی چیف

پاک فوج پورے عزم سے قومی حاکمیت اور سرحدوں کا دفاع کرے گی، کشمیر اور پاکستان کا رشتہ لازم و ملزوم ہے، کشمیر کل بھی اور آج بھی پاکستان کا حصہ تھا اور رہے گا، کشمیر بنے گا پاکستان، جنرل سید عاصم منیر

کشمیر کو ایک نسل دوسری نسل کے حوالے کرتی چلی آرہی ہے، اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہم ہر مشکل کا سامنا کرسکتے ہیں کشمیر کا فیصلہ کشمیر کی عوام نے کرنا ہے نہ کہ مقبوضہ کشمیر میں کسی غاصب فوج نے

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے شہ رگ کاٹنے کا مطلب زندگی کا خاتمہ ہے، ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کی بنیاد پر اللہ کا گروہ ہی ہمیشہ غالب رہے گا، چیف آف آرمی اسٹاف کا کشمیری عمائدین سے خطاب

کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازعہ کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے، بھارتی فوج کی تعداد میں اضافے سے کشمیریوں کی آزادی کی تڑپ اور بڑھ رہی ہے

اسلحے کے انبار جمع کرنے سے خطے کے غریبوں کی زندگی نہیں بدلے گی، کلبھوشن اور ابھی نندن ہماری عسکری صلاحیت کا زندہ ثبوت ہیں، شہباز شریف کا آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے بھارت کو واضح اور دوٹوک پیغام میں کہا ہے......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 5 فروری پکار پکار کر یاد دلا رہا ہے کہ کسی 5 اگست......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

یوم کشمیر، کوئٹہ، اندرون بلوچستان ریلیاں، کشمیریوں پر بھارتی مظالم کیخلاف نعرے

کوئٹہ میں سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں سول سوسائٹی کے افراد کی ریلیاں، اقوام متحدہ سے مسئلہ کشمیر حل کرانے کا مطالبہ

سینکڑوں کشمیری نوجوان انڈیا کی مختلف جیلوں میں بند ہیں، شہداء کا خون ضرور رنگ لائے گا، رہنماؤں کا خطاب

وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور حریت رہنما، زاہد صافی کی قیادت میں کشمیریوں سے یکجہتی کیلئے جلوس، بھارت مخالف نعرے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور حریت رہنما زاہد صافی کی قیادت میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے نواں کلی سے ریلی نکالی گئی اور اسمبلی چوک پر مظاہرے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بخت محمد کاکڑ اور زاہد......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد میں غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو ڈی پورٹ کرنے کا فیصلہ

یورپی ممالک کو پاکستان میں مقیم افغانوں کا ویزا پراسیس تیز کرنے کا کہہ دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے اسلام آباد میں مقیم غیر قانونی افغان شہریوں سمیت دیگر غیر ملکیوں کو ڈی پورٹ کرنے کا فیصلہ کرلیا، اسلام آباد سے تا......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب، تین گاڑیوں میں تصادم، 4 افراد جاں بحق 5 زخمی

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مخالف سمت سے آنیوالی کار اور مسافر گاڑیاں ٹکرا گئیں

زخمیوں میں بچے اور خواتین شامل، جاں بحق و زخمی افراد کا تعلق کوئٹہ سے ہے، لیویز

سوراب (آن لائن) کوئٹہ کراچی شاہراہ پر حرمین ہوٹل ایریا میں تین گاڑیوں کے مابین خطرناک تصادم ہوا جسکے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق 5 زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق بروز بدھ سوراب کے ایریا میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کوئٹہ سے آنے والی فیلڈر اور کراچی سے کوئٹہ جانے والی فیلڈر کے مابین خطرناک ایکسیڈنٹ ہوا ساتھ ہی ساتھ اس دوران ٹوڈی......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرانسپورٹرز نے کوئٹہ سے پنجاب، اسلام آباد اور کے پی جانیوالی بسیں کھڑی کردیں

مسافروں اور ہمیں تحفظ نہیں، مسافر بس کو نذر آتش کرنے اور چیک پوسٹوں پر بلاجواز تنگ کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے

قومی شاہراہوں پر بھتہ خوری، عدم تحفظ کیخلاف کوئٹہ سے جانے والی ٹرانسپورٹ کو احتجاجاً بند کیا گیا ہے، سعد اللہ کاکڑ و دیگر

جب تک ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے ہم اپنی بسیں نہیں چلائیں گے، احتجاجی کیمپ میں بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا جانے والی مسافر کوچز کے مالکان نے شیرانی میں مسافر بس کو نذر آتش کرنے اور چیک پوسٹوں پر مسافروں اور ڈرائیوروں کو بلاجواز تنگ کرنے کے خلاف دوسرے روز بھی اپنی بسیں احتجاجاً بند رکھیں۔ ٹرانسپورٹر حاجی سعد اللہ کاکڑ اور حمید خان کاکڑ نے بتایا کہ گزشتہ دنوں شیرانی میں ایک ٹریفک حادثے کے بعد دہشتگرد عناصر نے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

ماہی گیر کارڈ کے اجراء سے متعلق قرار دادیں پیش کی جائیں گی

گوادر میں بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد بارے توجہ دلاؤ نوٹس پیش ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا پشین میں منشیات تدارک سینٹر کے قیام، رکن اسمبلی فضل قادر مندوخیل ژوب بائی پاس منصوبے پر کام کے آغاز، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن صوبے کے ماہی گیروں کے لئے ماہی گیر کارڈ کے اجراء سے متعلق الگ......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن جماعتوں کی پہلی میٹنگ بے سود، اتحاد تشکیل نہ پاسکا، حکومت سے دوبارہ الیکشن کا مطالبہ

26 ویں ترمیم آئین اور عدلیہ پر وار، اسے ختم کرنا ہوگا، مولانا فضل الرحمان نے ہمیں بڑی خرابی سے بچا لیا، شاہد خاقان

نواز شریف سے بات چیت ممکن ہے، لیکن وہ حکومت کا حصہ ہیں سارا معاملہ ناکام ہوجائے تو سڑکوں پر آنا آخری حربہ ہوتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ 8 فروری کو پی ٹی آئی کا احتجاج ہے اور 10 فروری کو مولانا کا جلسہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سارا معاملہ ناکام ہوجائے تو سڑکوں پر آنا آخری حربہ ہوتا ہے، کل اپوزیشن کی پہلی میٹنگ تھی، اتحاد تشکیل نہیں ہوا، اپوزیشن قیادت نے......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی احتجاج چیمپئنز ٹرافی کیخلاف وطن دشمن کوشش ہے، خواجہ آصف

پی ٹی آئی حکومت گرانے میں چار سال لگے اپوزیشن کو تو ابھی ایک سال بھی نہیں ہوا، وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا احتجاج پاکستان سے چیمپئنز ٹرافی کے بیچ چھیننے کی وطن دشمن کوشش ہے۔ خواجہ آصف......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ میں 10 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس آج ہوگا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائی کورٹ میں 10 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا معاملہ، چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس آج ہوگا، 10 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ کو انتظامیہ کی جانب سے سیل کردیا گیا

گوادر، کشتی میں آگ لگنے سے 3 ماہی گیر جاں بحق

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر کے قریب کشتی میں آگ لگنے سے 3 ماہی گیر جاں بحق ہوگئے۔ افسوسناک حادثہ پیشکان کے قریب سمندر میں موجود کشتی میں پیش آیا، حادثے میں جاں بحق ہونیوالے دو......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور قطر کے درمیان ہونیوالے سالانہ مذاکرات مؤخر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے چین جانے کے باعث مذاکرات مؤخر کرنا پڑے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی چین روانگی کے باعث پاکستان اور قطر کے درمیان ہونیوالے مذاکرات مؤخر کردیئے گئے، رپورٹ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی قیادت میں وفد نے مذاکرات میں......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کا پرنس کریم آغا خان کی وفات پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پرنس کریم آغا خان کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پرنس کریم آغا خان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں،......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایک سال کے دوران قرض 8.34 کھرب روپے بڑھ گیا، وزارت خزانہ

مالی سال 2024 کے دوران بیرونی قرضے میں 3 فیصد سالانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قرض کے حصول کے راستوں میں کمی آنے کے باوجود موجودہ حکومت مالی ذمہ داری اور قرض کی حد بندی ایکٹ (FRDLA) کے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

عمران نے درست بات نہ مانی تو صوبائی صدارت چھوڑ دوں گا، جنید اکبر

پارٹی میں گروپ بندی کا اعتراف، اداروں کے ساتھ بات کرنے کا حامی ہوں، خطاب

مردان (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے مانتا ہوں پارٹی میں متعدد گروپس ہیں، مردان میں پارٹی کارکنوں......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کے کچھ ارکان کا بیرسٹر گوہر کیخلاف عمران خان کو خط لکھنے کا فیصلہ

پارلیمانی رہنماؤں نے بیرسٹر گوہر پر پارٹی مفادات کے برعکس فیصلوں کا الزام لگاتے ہوئے پارلیمانی امور پر تحفظات کا اظہار کردیا

پرائیویٹ ممبر بل آئے تو ذاتی رائے دی جاتی ہے، معاملات پر قانون سازی کی ضرورت نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کا موقف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے کچھ ارکان نے بانی عمران خان کو خط لکھنے کا فیصلہ کرلیا، ذرائع کے مطابق پارلیمانی پارٹی ارکان پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر کے خلاف عمران خان کو خط لکھیں گے، پارلیمانی رہنماؤں نے بیرسٹر گوہر پر پارٹی مفادات کے برعکس فیصلوں کا الزام لگاتے ہوئے پارلیمانی امور پر تحفظات کا اظہار کردیا، بیرسٹر گوہر پر تحریک انصاف کے ایم این اے ڈاکٹر امجد خان نے سوالات اٹھائے، ڈاکٹر امجد خان......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل سے بی آر ایس پی کے چیئرمین ملک سلیم کاسی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

امریکا میں غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی تارکین وطن کی ملک بدری شروع

بھارتی غیر قانونی تارکین وطن کی تعداد تقریباً 7,25,000 ہے، رپورٹ

امریکا نے زیر حراست تارکین وطن کو گوانتاناموبے بھیجنا شروع کردیا

واشنگٹن (م ڈ) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے دورہ امریکا سے ایک ہفتہ قبل ہی امریکی حکام نے اپنے ہاں غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی تارکین وطن کی ملک بدری کا سلسلہ شروع کردیا ہے اور امریکی فوجی طیارہ 205 بھارتی تارکین کی پہلی کھیپ کو لے کر بھارتی صوبے پنجاب کے شہر امرتسر کے لئے روانہ کردیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فوج کے سی 17- طیارہ سان انٹونیو سے امرتسر کے لئے روانہ ہوا۔ کئی گھنٹوں کی اس پرواز میں سوار......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر سیف کی افغان سفیر سے ملاقات، عمران، گنڈاپور کا پیغام پہنچایا

پاکستان افغانستان کے مابین دوستانہ تعلقات کے خواہاں ہیں، مشیر اطلاعات کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کی قائم مقام افغان سفیر مولوی سردار احمد شکیب سے ملاقات ہوئی، طالبان قیادت کیلئے عمران خان کا پیغام پہنچایا، ملاقات میں بیرسٹر سیف نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور وزیراعلیٰ کے......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں پولیو ٹیم اور حفاظت پر مامور پولیس پر تیسرا حملہ، فائرنگ

جوابی فائرنگ پر زخمی دہشت گرد اسلحہ چھوڑ کر فرار، پولیس نے سرچ آپریشن شروع کردیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں پولیو اور سیکیورٹی پر مامور پولیس پر تیسرا حملہ کیا گیا، پولیس کے مطابق خیبر کے علاقے تھانہ ملوارڈ (باڑہ) میری خیل میں پولیو ٹیم پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی، پولیو ٹیم محفوظ رہی، پولیس کی جوابی کارروائی سے ایک دہشت گرد زخمی ہوا، جوابی فائرنگ پر دہشت گرد اسلحہ چھوڑ کر زخمی حالت میں فرار ہوگئے......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سیاسی جماعتوں سماجی تنظیموں اور سول سوسائٹی کے زیر اہتمام مظاہرے کیے جا رہے ہیں

آرمی چیف کو لکھے عمران خان کے خط کا جواب آنا تو دور رسید بھی نہیں آئیگی، عرفان صدیقی

خط چارج شیٹ ابھی تک نہ کسی نے دیکھا نہ پڑھا، پتہ نہیں کس کبوتر کی چونچ میں ہے اور وہ کب کس منڈیر پر اترے گا

پی ٹی آئی کے پاس مذاکرات کیلئے سنجیدہ راستہ بچا ہے، بے مقصد خطوط نویسی سے پہلے کچھ ملا نہ اب ملے گا، لیگی رہنما

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینئر رہنما مسلم لیگ (ن) سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ چیف آف آرمی اسٹاف کے نام عمران خان کا نام نہاد خط پرانی افسوسناک سوچ کی ترجمانی کرتا ہے، خط کا کوئی جواب آنا تو دور کی بات رسید تک بھی نہیں آئے گی......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

یوم کشمیر، اسلام آباد میں دفتر خارجہ سے ڈی چوک تک ریلی

بڑی تعداد میں عوام، سیاسی و سماجی رہنماں اور حکومتی شخصیات کی شرکت

مختلف مقامات، ہوائی اڈوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر بینرز آویزاں کیے گئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آج اسلام آباد میں دفتر خارجہ سے ڈی چوک تک ایک ریلی نکالی گئی، جس میں بڑی تعداد میں عوام، سیاسی و سماجی......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم، آرمی چیف کا دورہ آزاد کشمیر، یادگار شہداء پر حاضری، فاتحہ خوانی

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے آزاد کشمیر میں یادگار شہداء پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی، یادگار شہدائے کشمیر پر شہباز شریف کے ہمراہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر، وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق بھی موجود تھے، تینوں نے یادگار شہدائے کشمیر پر پھول رکھے اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔

کوئٹہ، صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ جانے والی مسافر بسیں احتجاجاً ایئرپورٹ روڈ پر کھڑی کی گئی ہیں

وزیراعلیٰ کی قیادت میں فروغ تعلیم کیلئے انقلابی اقدامات

اب تک 33,466 طلبہ کو 2.98 ارب روپے مالیت کی اسکالرشپس دی جا چکی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی میں کمی معاشی بہتری کا اشارہ ہے، نواز شریف

پاکستان کو جس پستی کی طرف دھکیل دیا گیا تھا اس میں ٹھہراؤ آنا خوش آئند ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

فیک نیوز، حکومتی رکن اسمبلی سونیا عاشر پیکا قانون کی زد میں آگئیں

سونیا عاشر کیخلاف فیک نیوز پھیلانے کی درخواست ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ کو موصول

لاہور (بیورو رپورٹ) حکومتی رکن اور پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور سونیا عاشر فیک نیوز پھیلانے پر پیکا قانون کی زد میں آگئیں، سونیا......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پسماندہ علاقوں کی ترقی میں این جی اوز کا کردار مثالی ہے، گورنر

بیوٹمز یونیورسٹی میں سینٹر آف ایکسیلینس کا قیام قابل تحسین اقدام ہے، جعفر خان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انٹرنیشنل اداروں اور این جی اوز نے بلوچستان کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو امداد فراہم......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے رینٹل سیلنگ بڑھانے کی سمری ارسال

6 شہروں کیلئے رینٹل سیلنگ میں 60 سے 125 فیصد اضافے کی سفارش کردی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اسٹیبلشمنٹ ٹرمپ کے بیان پر واضح موقف اپنا کر قوم کی ترجمانی کرے، فضل الرحمن

امریکی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو ملاقات کے دوران غزہ کے بارے میں ہرزہ سرائی پر امت مسلمہ سراپا احتجاج ہے

واضح پیغام دیتا ہوں کوئی مائی کا لال غزہ پر قبضہ نہیں کرسکتا، ٹرمپ کے بیان کو مسترد کرنے پر عرب لیگ کے موقف کو سراہتا ہوں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ فلسطین پر اسرائیلی قبضے کو تسلیم نہیں......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا غزہ خالی کرانے کا بیان احمقانہ، پاکستان مذمت کرے، حافظ نعیم الرحمن

امریکی صدر گرتی ہوئی اور شکست خوردہ صیہونیت کو سہارا دینے کیلئے کوشاں ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ٹرمپ گرتی ہوئی اور شکست خوردہ صیہونیت کو سہارا دینے کی کوشش کر رہے ہیں، منہ کی کھائیں گے، امریکی صدر کا غزہ کو خالی کرانے کا بیان احمقانہ ہے، پاکستان مذمت کرے، حماس......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

سویڈن کے اسکول میں فائرنگ سے 10 افراد ہلاک

اسلام آباد (م ڈ) سویڈن کے اسکول میں فائرنگ سے 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ مرنے والوں میں حملہ آور بھی شامل......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پرنس کریم آغا کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، بلاول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا اور آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کے سربراہ پرنس کریم آغا خان کے انتقال......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مظفر آباد، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر پھول پیش کرنے والے بچوں سے گفتگو کر رہے ہیں

شاہراہوں پر حادثات روکنے کیلئے ایمرجنسی رسپانس سسٹم یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری

پولیس، فائر ڈیپارٹمنٹس، اور ہسپتالوں کے باہمی تعاون سے ایک موثر رابطہ کاری کے بہتر نتائج برآمد ہوسکتے ہیں، شکیل قادر خان

کوئٹہ سے تونکنڈی کے راستے N-40 شاہراہ پر (ERCs) کیساتھ ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کا نیٹ ورک قائم کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت قومی شاہراہ N-40 پر میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کے قیام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ شاہراہوں......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

27 سال بعد اہلیہ کو طلاق دینے والے بل گیٹس نے لب کشائی کردی

پاؤلا ہرڈ سے تعلقات سنجیدہ نوعیت کے ہیں میں خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں

دبئی (م ڈ) مائیکروسافٹ کے بانی اور دنیا کے امیر ترین شخصیات میں سے ایک بل گیٹس نے بالآخر اپنی گرل فرینڈ کے بارے میں لب کشائی کردی۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو میں بل گیٹس نے بتایا کہ پاؤلا ہرڈ سے تعلقات سنجیدہ نوعیت کے ہیں۔ میں خود کو خوش......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اپر کرم میں بھی بنکرز گرانے کا عمل تیز، فریقین نے اسلحہ جمع کرانیکا طریقہ کار جمع کرادیا

ضلعی انتظامیہ، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اسلحہ جمع کرنے میں معاونت کریں گے، فریقین حکومت کسی بھی وقت دیکھ سکیں گے

ذاتی حفاظت کیلئے حکومت فریقین کو قانونی اسلحہ لائسنس جاری کرے گی، تمام بنکرز کو گرایا جائے گا، مشیر اطلاعات کے پی بیرسٹر

پشاور (بیورو رپورٹ) کرم میں امن و امان کے قیام کیلئے بنکرز گرانے کا سلسلہ جاری ہے اور اب اپر کرم میں بھی بنکرز گرانے کا عمل شروع کردیا گیا، ضلعی انتظامیہ کے مطابق اپر کرم میں پیوڑ اور گیدو میں 2 بنکرز گرا دیئے گئے جبکہ لوئر کرم میں اب تک 28 بنکرز گرائے......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

صنفی تشدد کے خاتمے کیلئے یوتھ اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لائے، سعدیہ اشفاق

قوانین پر عملدرآمد نہ ہونے اور قوانین سے آگاہی نہ ہونے کی وجہ سے صنفی تشدد روز بروز بڑھ رہا ہے

تعمیل یونیورسٹی کے سنٹر آغاز میں یوتھ لیڈرز ثمیہ عروج، جمیلہ فیاض، ارم امتیاز کی آرگنائز کردہ تربیتی ورکشاپ کے شرکا سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) ترقی فاؤنڈیشن کی پروجیکٹ افیسر سعدیہ اشفاق نے کہا ہے صنفی تشدد کی روک تھام کے لیے نوجوانوں کو اپنا کردار کرنا ہوگا، بلوچستان میں صنفی تشدد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعمیل یونیورسٹی کے یوتھ کے لیے قائم فری سہولت سنٹر آغاز میں یواین ووومن کے تعاون سے یوتھ لیڈرز ثمیا عروج، جمیلہ فیاض، ارم امتیاز کی جانب سے آرگنائز کردہ تربیتی ورکشاپ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ترقی فاؤنڈیشن کی پروجیکٹ آفیسر سعدیہ اشفاق نے کہا کہ خواتین پر تشدد کے خاتمے کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا اثر ورسوخ استعمال کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنفی تشدد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، جس کے سدباب کے لیے حکومت کو مذید قانون بنانے کے ساتھ پہلے سے موجود قوانین پر عملدرآمد میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہوگا۔ سعدیہ اشفاق نے بچیوں کی کم عمری کی شادی کو ایک سنگین مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے خلاف مسودہ قانون کئی برسوں سے زیر التوا ہے کم عمری کی شادی کی روک تھام کے لیے قانون سازی کرنے سے زچگی کے دوران مرنے والی لاکھوں کم سن ماؤں کی زندگی کو بچایا جا سکتا ہے سول سوسائٹی ارکین اسمبلی پر دباؤ ڈالیں تاکہ جلد یہ قانون بن سکے۔ انہوں نے گھریلو تشدد، جائیداوں میں خواتین کے حصے، روزگار اور کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے جیسے مسائل کو بھی اجاگر کیا اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ صنفی تشدد کے خلاف موجود قوانین سے آگاہی حاصل کریں اور یہ آگاہی دوسروں تک بھی پہنچائیں، اس موقع پر یواین وومن کے تعاون سے قائم فری ہیلپ لائن کے منیجر اشفاق مینگل نے ہیلپ لائن کے ذریعے دی جانے والی سہولیات کے بارے میں تفصلا بریفنگ دی، یوتھ لیڈرز نے گروپ ورک کے ذریعے صنفی تشدد کی روک تھام کے لیے اپنی تجاویز پیش کی، ورکشاپ کے شرکاء نے صوبے میں غیرت کے نام پر خواتین کے قتل کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے حکومت سے اس حوالے سے سخت قانون سازی کا مطالبہ کیا اور خواتین پر تشدد کے خاتمے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے صنفی مساوات کو فروغ دینے اور خواتین کو بااختیار بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا میں خواتین پر تشدد کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی اور اس کے خاتمے کے لیے تجاویز پیش کی گئیں۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ خواتین پر تشدد ایک سنگین مسئلہ ہے، جس کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں سول سوسائٹی، صحافیوں اور کالجز کی طالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی یوتھ نے ورکشاپ کو انتہائی مفید قرار دیا ترقی فاؤنڈیشن، یواین وومن، آغاز سنٹر انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا، بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کی ایگزیکٹیو رکن چوہدری امتیاز احمد اور پریس کلب کوئٹہ کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری نے ورکشاپ کے شرکا میں سرٹفکیٹ تقسیم کیے۔

رمضان المبارک سے قبل ذخیرہ اندوزوں کیخلاف ملک گیر گرینڈ آپریشن کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ میں بے روزگاری کے ساتھ مہنگائی بھی بڑھ رہی ہے، غریب دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان ہیں، بسم اللہ اچکزئی

صوبائی حکومت بے روزگاری اور مہنگائی کو روکنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، سردار عنایت اللہ خانزادہ اور دیگر کی، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) چینی کی قیمت ایک مہینے کے دوران فی کلو 19 روپے بڑھی رمضان المبارک سے قبل ذخیرہ اندوزی کا سلسلہ جاری کوئٹہ میں ایک جانب بے روزگاری بڑھ رہی ہے تو دوسری جانب بے روزگاری کے مقابلے میں مہنگائی بڑھ رہی ہے، غریب دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان ہیں، وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رمضان المبارک سے قبل ملک گیر ذخیرہ اندوزوں اور گرانفروشوں کیخلاف گرینڈ آپریشن کا مطالبہ کرتے ہیں۔ شہریوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری پر جہاں تک حکومت ناکام ہے وہاں پر پرائس کنٹرول کمیٹیاں بھی غیر فعال ہو چکی ہیں، کارروائیاں محض فوٹو سیشن کے حد تک محدود، بڑے بڑے ڈیلر مافیا ذخیرہ اندوزی میں ملوث، غریب عوام پر اشیاء خورد ونوش سمیت کئی اشیاء مہنگی کردی گئیں، عوام کا چیف سیکرٹری بلوچستان اور کمشنر کوئٹہ و دیگر اعلی حکام سے نوٹس لینے اور فوری کارروائی کرنے کا مطالبہ، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ کے شہریوں بسم اللہ اچکزئی، سردار عنایت اللہ خانزادہ، سردار داؤد اچکزئی، سلیم خان محمد شہی، فیض اللہ اچکزئی اور دیگر متعدد شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر نقطہ چینی کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران دالیں، سبزیاں اور خورد ونوش کی قیمتوں کو پر لگ گیا، اس کے علاوہ گزشتہ ایک مہینے کے دوران چینی کی قیمت 140 روپے سے بڑھ کر 160 روپے تک جا پہنچی، فی بوری 6500 روپے سے بڑھ کر 7500 روپے تک جا پہنچا، چینی گزشتہ تین ہفتوں میں فی کلو 19 روپے مہنگی کردی گئی، گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں چینی فی کلو 3 روپے اب مزید بڑھ گئی، شہریوں نے صوبے اور وفاق سے مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ رمضان المبارک سے قبل تمام اشیاء خوردونوش پر سبسڈی دی جائے اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، چینی سمیت دیگر اشیاء کیخلاف ملک گیر آپریشن کیا جائے، انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں ایک جانب بے روزگاری بڑھ رہی ہے، تو دوسری جانب بے روزگاری کے مقابلے میں مہنگائی بڑھ رہی ہے، ایسے میں بدامنی اور لاقانونیت میں ایک بار پھر اضافہ کا خدشہ ہے، کوئٹہ کے شہریوں نے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لینے اور انکوائری کمیٹی بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ اشیاء خورد ونوش کی قیمتیں بجائے رمضان سستا پیکیج لگانے کے ہی سستا ہو جائے۔

کوئٹہ پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری سردارزادہ عبدالصمد گورگیج کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سردارزادہ بلوچ گورگیج، میر عابد گورگیج، سردار سرور سلیمانخیل ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

قوم کشمیریوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیگی، حافظ محمد امجد اسلام

بھارت کشمیر سے دست بردار کرنے لیے پاکستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے زیر اہتمام صوبائی امیر سردار حافظ محمد امجد اسلام کی قیادت میں ایئر پورٹ روڈ سے یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئی شرکاء نے کشمیریوں کے حق اور بھارت کے خلاف نعرہ بازی کی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر مرکزی مسلم لیگ بلوچستان سردار حافظ محمد امجد اسلام، خدائے دوست کاکڑ، سردار اورنگزیب خلجی، میر عثمان گورگیج، شکر خان رئیسانی و دیگر نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیریوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیگی کشمیر عوام کا حق کہ وہ کشمیر کیلئے ہر طرح کی جدوجہد کریں پاکستانی عوام کشمیریوں کی حمایت کریں مسئلہ کشمیر حل ہوگا تو پاکستان میں بدامنی ختم ہوگی ملک میں معاشی استحکام بھی آئے گا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی حمایت سے کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے بھارتی افواج کشمیر میں سنگین جنگی جرائم میں ملوث ہیں بھارت پاکستان کو کشمیر سے دست بردار کرنے لیے پاکستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے اقوام متحدہ بھارت کو دہشت گرد ریاست ڈکلیئر کریا۔

کوئٹہ، گرینڈ الائنس میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے تنظیم میں آصف سلامت اور سلیم کی شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سردار جاوید اور شیر احمد محمد حسنی یوتھ فورم فار کشمیر کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے کردار ادا کرے، جاوید اقبال

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ ورکرز ویلفیئر یونین کے مرکزی صدر جاوید اقبال خان نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا کہ 5 فروری پوری پاکستانی قوم کے لیے اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم کشمیری بھائیوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اور ہم ہر سطح پر مظلوم کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی ریاستی دہشت گردی، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور نہتے کشمیریوں پر ظلم و ستم عالمی ضمیر کے لیے ایک سوالیہ نشان ہے۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے کردار ادا کرے تاکہ کشمیری عوام کو ان کا جائز اور قانونی حق دیا جا سکے۔

پاکستانی وفد کے اعزاز میں چینی صدر کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری چینی صدر شی جن پنگ سے مصافحہ کر رہے ہیں

کشمیری بہن بھائیوں کی تاریخی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ولی خان اچکزئی

کوئٹہ۔ (اے پی پی) ہلال احمر بلوچستان چیپٹر کے چیئرمین ولی خان اچکزئی، نائب چیئرمین موسی جان اچکزئی نے یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کے حوالے سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کشمیری بہن بھائیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کیا ہے کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر خاموش نہیں رہے گا، بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر پر اقوام متحدہ کی قرار دادوں پر عمل درآمد کرے۔ 7 دہائیوں سے بھارتی قابض افواج نے کشمیریوں پر مظالم ڈھائے ہیں اور انہیں ان کے حقوق سے محروم رکھا ہوا ہے، آج مقبوضہ جموں و کشمیر دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے علاقوں میں سے ایک ہے جہاں 9 لاکھ سے زیادہ قابض بھارتی فوج تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک کشمیری بھارتی مظالم کا شکار ہیں پاکستان بھی چین سے نہیں بیٹھے گا نہ خاموش تماشائی بنے گا۔

تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے انتخابات کے سلسلے میں کمیٹی کی تشکیل، انتخابات کا شیڈول جاری کردیا گیا

چھ سے دس فروری تک کاغذات نامزدگی کی وصولی، 16 فروری کو الیکشن ہوں گے، اعلامیہ الیکشن کمیٹی

کوئٹہ (پ ر) تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے انتخابات کے سلسلے میں الیکشن شیڈول کا اعلان کردیا گیا۔ تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق 2 فروری کو تنظیم کا کونسل سیشن اجلاس منعقد ہوا جہاں کونسل سیشن کی منظوری سے پانچ ممبران پر مشتمل الیکشن کمیٹی کی تشکیل ہوئی سرور علی چیئرمین الیکشن کمیٹی مقرر ہوئے جبکہ دیگر ممبران میں غلام نبی، احمد علی، محمد موسیٰ، عبدالواحد شامل ہیں ازیں بعد گزشتہ روز تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے انتخابات کے سلسلے میں الیکشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں الیکشن شیڈول کا اعلان کیا گیا شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کی وصولی 6 فروری سے 10 فروری تک ہوگی، گیارہ فروری تک کاغذات کی واپسی ہوگی، کاغذات کی جانچ پڑتال 13 فروری کو جبکہ 16 فروری کو الیکشن منعقد ہوں گے۔

لالا یوسف خلجی کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری قابل مذمت ہے، اے کیو ایم

قبائلی جھگڑوں کے پرامن حل کے لیے سرگرم رہنما کی گرفتاری سمجھ سے بالاتر ہے، مرکزی بیان

کوئٹہ (پ۔ر) لالا یوسف خلجی کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری قابل مذمت ہے، رہائی یقینی بنائی جائے۔ سیاسی جدوجہد کے ذریعے محکوم اقوام کے حقوق کے لیے آواز کو دبانا امن دشمنی ہے ناکردہ جرم کی بنا پر گرفتاری سمجھ سے بالاتر ہے۔ اے کیو ایم افغان قومی موومنٹ کے مرکزی پریس ریلیز میں گزشتہ روز بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی کو تھری ایم پی او کے بہانے ناکردہ گناہ کی پاداش میں ناروا گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے پشتون دشمنی کا تسلسل قرار دیتے ہوئے انکی رہائی کا پرزور مطالبہ کیا گیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ لالا یوسف خلجی طویل عرصے سے پرامن عوامی خدمت کی بلاتفریق قبائلی و سیاسی جدوجہد سے وابستہ ہے اس لئے انکی بلاجواز گرفتاری سے تمام پشتونوں و افغانوں کے احساسات مجروح ہوئے ہیں کیونکہ ایک پشتون افغان ہونے کے ناتے یہاں اس ملک میں متحدہ پشتونستان کے تمام پشتونوں کی دکھ درد ایک جیسی ہے اس لیے انکی گرفتاری ملکی دستور کے برخلاف اقدام کے مترادف ہے۔ ایک بزرگ سیاسی رہنما کو جیل کی سلاخوں میں ڈال کر پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسے سلوک کا گھناؤنی کھیل ہے لالا یوسف خلجی کسی قسم کی تخریب کاری میں ملوث ہے اور نہ ہی کسی شرپسند گروپ سے انکا تعلق ہے محض اس گناہ پر گرفتار کرنا کہ وہ حق گوئی سے باز نہیں آتا ایک پرامن تحریک کو بے جا تنگ کرکے اسے مذمتی تحریک پر اکسانے کے حربے ناقابل برداشت ہے اس قسم کے ناروا اور غیر قانونی طور پر رہنماؤں کو زدہ کوف کرنے کے ناروا حربے پشتون قوم کو اپنی اہداف کے حصول سے نہیں روک سکتے اس لئے لالا یوسف خلجی کو باعزت رہا کیا جاے۔

انتظامی آفیسران کی نااہلی کے باعث کوئٹہ کھنڈرات بن چکا ہے، رحیم کاکڑ

تمام یونین کونسلوں کی گلیاں اور روڈ ٹوٹ چکی ہیں، برساتی نالے کچرے سے بھر چکے ہیں

کوئٹہ (یواین اے) تحریک انصاف کے کارکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر وائس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ ضیا الحق ایڈووکیٹ توقیر بھٹی امین آغا ارشد اچکزئی نعمت اللہ نے کوئٹہ شہر جو کہ صوبے کا دارالحکومت ہے کو باہر سے لائے گئے انتظامی آفیسران کے نام پر کھنڈر میں تبدیل کروا دیا گیا ہے کوئٹہ مکمل طور سے لاوارث شہر بن چکا ہے ستم ظریفی دیکھیں کہ پورے شہر میں کوئی سٹریٹ لائٹ نام کا کوئی چیز نہیں ہے جگہ جگہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے شہر کے تمام برساتی نالے گندگی سے بھر چکے ہیں شہر کے تمام یونین کونسلوں کے گلیاں اور روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں اندرون صوبے پشتون بلوچ علاقوں کے لوگوں نے کوئٹہ کا لوکل بنا کر کوئٹہ کے مقامی لوگوں کا حق چھین لیا ہے تھوڑی بہت کسر کوئٹہ میں باہر کے لوگوں نے یہاں آ کر ڈومیسائل بنا کر پورا کر دیا ہے کوئٹہ شہر پولیس اینگل فورس ٹریفک پولیس کسٹم کے بھتہ خوری کا شکار ہیں کوئٹہ کے ہر روڈ پر پولیس لوٹ مار کر رہی ہے تحریک انصاف سدرن کمانڈر اور چیف جسٹس سپریم کورٹ اور بلوچستان ہائی کورٹ سے مطالبہ کرتی ہے کہ دارالحکومت پر کرپٹ باہر کے ٹولے اور ان کی سرپرستی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے

عالمی ادارے بھارتی مظالم پر آنکھیں بند کیے ہوئے ہیں، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کی کال پر 5 فروری کو کربلائے کشمیر کے حریت پسندوں سے بھرپور اظہار یکجہتی کیا گیا۔ اس موقع پر احتجاجی مظاہرے ہوئے اور ریلیاں نکالی گئیں۔ بیرونی ممالک میں اقوام متحدہ کے دفاتر اور بھارتی سفارتخانوں میں احتجاجی یادداشتیں پیش کی گئیں، امن عالم کے ڈھنڈورچی ادارے کشمیریوں پر مظالم سے چشم پوشی کر کے مجرمانہ خیانت کا مظاہرہ کر رہے ہیں راہ حسینیت پر گامزن کشمیریوں کی لہو رنگ تحریک کی پشت پناہی ہردم ہر آن جاری رکھیں گے مظلوم کشمیریوں کی آواز امن و انصاف کے ہر فورم تک پہنچائیں گے اسلام آباد میں مختار ایس او کا کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی جس کی قیادت تنظیم کے چیئرمین سید محمد عباس کاظمی نے کی۔ شرکاء ریلی سے خطاب تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان لسان تحریک طارق جعفری نے خطاب کرتے ہوئے کیا کہ مقبوضہ کشمیر میں طویل عرصہ سے جاری بھارتی سامراجی مظالم کی پرزور مذمت کی اور دیرینہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے کشمیریوں کے حق خودارادیت کی ادائیگی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر ایک قرارداد کے ذریعے کشمیری حریت پسندوں سے بھرپور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اس یقین کا اعادہ کیا گیا کہ وہ دن دور نہیں جب مقبوضہ کشمیر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا اور پاکستان کی شہ رگ کشمیر کی مقبوضہ وادی سے بھارتی جبر واستبداد کا خاتمہ ہوگا۔

کشمیریوں کی آزادی کیلئے جدوجہد ایک دن ضرور رنگ لائے گی، خان نیازی

کوئی طاقت آزادی کے حصول کے جذبے کو نہیں دبا سکتی، وائس چیئرمین نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے وائس چیئرمین حاجی سردار خان نیازی نے کہا ہے کہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے دنیا کی کوئی طاقت آزادی کے حصول کے جذبے کو نہیں دبا سکتی اور زندہ قومیں اس بنیادی حق کے حصول کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہتی ہیں کشمیریوں کی آزادی کیلئے جدوجہد ایک دن ضرور رنگ لائیگا ہماری ہمدردیاں کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر صوبائی چیئرمین ملک یحییٰ بشیر کاکڑ، سردار نصیر کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی لازوال جدوجہد آزادی کو ظلم اور جبر سے دبایا نہیں جا سکتا۔ علاوہ ازیں نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے وائس چیئرمین حاجی سردار خان نیازی کی قیادت میں چلتن اسٹاپ سے کوئٹہ پریس کلب تک کشمیری عوام سے یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی کوئٹہ پریس کلب پہنچ گئی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ اسے کوئی بھی طاقت پاکستان سے جدا نہیں کر سکتا۔

شمشان گھاٹ اور مندر میں توڑ پھوڑ چوری کی مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

ملوث عناصر کے خلاف فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ کے علاقہ کوٹی مارچوک ہندو برادری کے شمشان گھاٹ اور مندر کے اندر توڑ پھوڑ / چوری اور توہین کرنے کے ناروا اقدام پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملوث عناصر کے خلاف متعلقہ پولیس تھانہ کارروائی کرتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے آئین کے تحت ہر اقلیتی برادری کو مذہبی آزادی کا حق حاصل ہے اور ساتھ ہی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہمیشہ اس بات پر زور دیتی رہی ہے کہ تمام مذاہب، ان کی عبادت گاہوں کا احترام گاہوں کا احترام ضروری ہے۔ پشتونخوا وطن میں نسل، زبان، مذہب، فرقہ سے بالاتر ہو کر تمام انسانیت کی خدمت ان کے حقوق اور ان کے سر و مال کی تحفظ کیلئے پشتونخوامیپ ہمیشہ آواز بلند کرتے ہوئے ان کے لیے عملی جدوجہد کرتی آرہی ہے۔ بیان کے آخر میں ایک بار پھر ہندو برادری کے مندر کے اندر توڑ پھوڑ / چوری اور توہین آمیز واقعہ کی مذمت کی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کلیم اللہ کاکڑ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

لانگ روٹس مسافر کوچز ٹرانسپورٹرز کے مطالبات تسلیم کیے جائیں، محمود خان بادینی

قدرتی حادثہ کے بعد شرپسندوں کی جانب سے آگ لگانے جانے کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) آل تفتان رخشان بیلٹ کے ٹرانسپورٹرز کے رہنماؤں چیئرمین میر محمود خان بادینی، صدر بلوچستان ٹرانسپورٹ میر سعید احمد لہڑی صدر تفتان کوچز حاجی ملک شاہ جمالدینی سیکرٹری جنرل حاجی عبدالمالک محمد حسنی حاجی بلال محمد حسنی حاجی اللہ بخش بادینی میر احمد سالانی بابا جان شاہوانی طاہر خان محمد حسنی نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہیں کہ لانگ روٹس کے مسافر کوچز ٹرانسپورٹرز کو کوئٹہ سے خیبر پختونخواہ، پنجاب، سندھ تفتان ایران بارڈر پر چلنے والے ٹرانسپورٹروں کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے گزشتہ دنوں مسافر بس کو قدرتی حادثہ کے بنا پر دو سرے شرپسندوں کی جانب سے آگ لگانے جانے کی ہم سب ٹرانسپورٹرز سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں کہ ریاست اس نقصان کا ازالہ کریں، اندرون صوبہ اور دوسرے صوبوں تمام صوبوں میں بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کیا جائے اور وقت آ گیا ہے کہ بلوچستان کے تمام نیشنل ہائی ویز تفتان سیندک غازی خان اور گوادر سیندک اسماعیل خان تک قائم جگہ جگہ ہر روٹ پر درجنوں چیک پوسٹوں پر مسافر کوچز ٹرانسپورٹ کو روکنے کا سلسلہ ختم کیا جائے ضرورت پڑنے پر ایک روٹ کے ایک مسافر بس کو ایک دورانیہ سفر میں صرف ایک بار چیک کیا جائے خطرناک مواد کی روک تھام بارڈرز پر ہی واپٹ پر کیا جائے نہ کہ نیشنل ہائی ویز پر مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کو ہراساں کیا جائے۔

کوئٹہ، یومین رائٹس کونسل آف بلوچستان کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے گول میز کانفرنس سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن، تحریر یار قلندرانی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری مالیات حیات اللہ کاکڑ، فتح محمد حسنی کی عیادت کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں اس موقع پر دیگر قبائلی مشران بھی موجود تھے

لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، سی ای او کیسکو

میٹروں کو عوامی املاک سے ہٹا کر بجلی کے کھمبوں پر دوبارہ تنصیب کے عمل کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن)، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی خصوصی ہدایات پر کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی سہولت اور عوامی مطالبہ کے پیش نظر لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی لائنوں (فیڈروں) کو مرحلہ وار بجلی چوری سے پاک کرنے پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ اس مہم کے تحت سب ڈویژن کی سطح پر کچھ فیڈروں کا انتخاب کرکے سپیشل کامبنگ یعنی میٹروں کی نمایاں جگہ پر دوبارہ تنصیب کی جائے گی تاکہ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی حفاظتی اصولوں کے مطابق برقی میٹروں کو عوامی املاک سے ہٹا کر بجلی کے کھمبوں پر دوبارہ تنصیب کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ اس مہم کا مقصد عوام کے جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ درست اور بروقت میٹر ریڈنگ کو یقینی بنانا ہے نیز برقی میٹروں کی محفوظ اور نمایاں جگہوں پر از سرے نو تنصیب کا عمل زیادہ قابل اعتبار اور صارف دوست نظام کی جانب ایک سنگ میل ثابت ہوگا جس کے بعد بجلی چوری کی روک تھام میں بھی خاطر خواہ مدد ملے گی۔ کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مہم کی کامیابی کے لئے کیسکو ٹیموں سے تعاون کریں اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے اپنا انفرادی کردار ادا کریں نیز صارفین اپنے اردگرد بجلی چوری جیسے ناجائز عمل کے مرتکب افراد کی نشاندہی کریں تاکہ آپ کا جائز حق آپ کو مل سکے۔ صارفین اپنے اردگرد بجلی چوروں سے متعلق اطلاع کیلئے بذریعہ ویڈیو پیغام واٹس ایپ نمبر 03198088013 پر مذکورہ جگہ کی نشاندہی کیساتھ بھیج دیں جبکہ میسج بھیجنے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

معطل ملازمین میں فوت شدہ ملازمین کا ذکر ریکارڈ درستگی کے لیے کیا گیا، کمشنر آفس

سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر پر کمشنر کوئٹہ آفس کی طرف سے وضاحتی بیان جاری کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک وضاحتی بیان میں سوشل میڈیا پر کمشنر کوئٹہ کی جانب سے حال ہی میں ایک حکم کے تحت محکمہ ریونیو کے چھ ملازمین کو معطل کرنے جس میں مال کے 2 فوت شدہ ملازمین کا بھی ذکر ہوا کے بارے بیان دیا گیا ہے کہ مذکورہ آرڈر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو و اینٹی کرپشن بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں کیا گیا ہے تاکہ ریکارڈ کی درستگی اور پنشن کے معاملات کو درست سمت میں لایا جا سکے۔ مزید یہ کہ پنشن کے معاملات میں دوران سروس یا بعد از اں نہ صرف فوت شدہ سرکاری ملازمین کے ریکارڈ کو درست کیا جا سکے بلکہ اگر محکمہ مال کے ملازمین سے ریونیو ریکارڈ میں کوئی بھی بے ضابطگی سرزد ہوئی ہو اور دوران انکوائری وہ ثابت ہو جائے تو ریونیو ریکارڈ میں بھی مذکورہ انٹریز کی درستگی ممکن ہو سکے اور جن ملازمین کے خلاف اگر کوئی بھی انکوائری کسی بھی سطح پر چل رہی ہو تو فوتگی کے بعد بھی اسے نمٹا کر اینٹی کرپشن داخل کروانا لازمی ہوتا ہے کیونکہ انکوائری کے برخلاف ثابت ہونے پر ملازم سے ریکوری کے احکامات صادر ہو سکتے ہیں اور پنشن سے مذکورہ کٹوتی کے بعد از اں ہی بقایا پنشن فوت شدہ ملازم کے ورثا کو مل پائے گی اور مذکورہ ریونیو ریکارڈ کی بھی درستگی عمل میں لائی جا سکے گی۔ بیان میں مزید وضاحت کی گئی ہے کہ خصوصاً عملہ مال جن کے خلاف اگر کرپشن یا زمین کے لین دین کے دوران عملے کا مبینہ طور پر بے ضابطگیوں کے بابت کوئی بھی انکوائری چل رہی ہو تو فوتگی کے بعد بھی انکوائری ختم نہ ہوگی بلکہ قواعد و ضوابط کے مطابق انکوائری پوری کرکے اینٹی کرپشن کو جمع کروانا لازم ہوگا جو کہ محکمہ مال کے واضح احکامات ہیں۔ دریں اثنا سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے یہ کہا گیا ہے کہ خبر کو وائرل کرنے سے پہلے اس بابت ریسرچ کر کے تمام تفصیل کی آگاہی کے ساتھ عوام کے سامنے خبر رکھی جائے۔

کشمیر کی آزادی تک بھارتی جارحیت خلاف آواز اٹھتی رہے گی، میر علی بجاری

کوئٹہ (آن لائن) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سیاسی و سماجی رہنما پاکستان مسلم لیگ ن سریاب ٹاؤن کے سیکرٹری اطلاعات میر مہر علی بجاری نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور کشمیری عوام کا رشتہ کلمہ طیبہ کی بنیاد پر استوار ہے، اور یہ رشتہ ہر مشکل میں مضبوط سے مضبوط تر ہوتا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی تک پاکستان کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا، میر مہر علی بجاری نے مزید کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام پر بے شمار ظلم و ستم ڈھائے ہیں لیکن ان مظالم کے باوجود کشمیری عوام نے اپنی آزادی کی جدوجہد کو ترک نہیں کیا۔ پاکستان کی حکومت، عوام اور افواج ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہیں اور ان کے حقوق کے دفاع کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے میر مہر علی بجاری نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ بھارتی مظالم کے خلاف آواز اٹھائے اور کشمیریوں کے حق خود ارادیت کا احترام کرے پاکستان کی پاک فوج نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حقوق کا تحفظ کیا ہے اور ہر محاذ پر ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کی آزادی تک پاکستان اور کشمیری عوام کا رشتہ مضبوط اور قائم رہے گے۔

جھل مگسی، ڈی پی او سید رحمت اللہ شاہ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ نے کمپریسر مافیا کے خلاف کارروائیاں تیز کردی

اے سی ماریہ شمعون نے سریاب روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے 24 کمپریسر ضبط کرلیے

مجسٹریٹ سیف اللہ کاکڑ نے کچلاک سے 30 کمپریسر برآمد کرکے 4 دکاندار گرفتار کرلیے

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی زیرنگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کمپریسر بیچنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں کمپریسر فروخت کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 24 کمپریسر ضبط کرلیے۔ جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ سیف اللہ کاکڑ نے سب ڈویژن (کچلاک) میں مختلف دکانوں پر چھاپے مارے۔ جس میں مختلف دکانوں سے 30 گیس کمپریسر برآمد کر کے 4 دکانداروں کو گرفتار کرلیا اس دوران تمام برآمد ہونے والے کمپریسروں کو ضبط کر کے محکمہ گیس کے حوالے کر دیئے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ میں کمپریسر مافیا کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی۔ اگر پھر بھی دکانداروں نے خلاف ورزی کی تو انکی دکان سیل اور دکانداروں کو ایک مہینے کے لیے جیل بھجوائے جائیں گے۔

یوم یکجہتی کشمیر بھارتی مظالم کو عالمی سطح اجاگر کرنے کا دن ہے، فرید افغان

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان کا 5 فروری کشمیر ڈے کے موقع پر خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ آج کا دن بین الاقوامی سطح پر کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا دن ہے، جو بھارت کے مکروہ چہرے سے پردہ چاک کرتے ہوئے عالمی دنیا کو یہ بتاتا ہے کہ کشمیری عوام ہندوستان کے ظلم و جبر اور بربریت کا شکار ہیں۔ کشمیر کے عوام کے ساتھ ہم اپنی اخلاقی سماجی اور خونی رشتوں اور احساس کے جذبے کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے ساتھ ہمارا رشتہ صرف جغرافیہ یا سیاست کا نہیں، بلکہ یہ رشتہ کلمہ طیبہ کا ہے۔ اور ہمارا یہ رشتہ ہمارے ایمان کا جز ہے کشمیری عوام کے حقوق کی اس جدوجہد میں ہم ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے تھے کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پاک فوج نے ہمیشہ کشمیریوں کے حقوق کا دفاع کیا ہے اور لائن آف کنٹرول پر بھارتی فوج کے ظلم کے خلاف ہر محاذ پر بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ ہماری افواج کے جوان کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ان کے حق کے لیے ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں: سینئر مسلم لیگی رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا کہ کشمیر کی آزادی تک پاکستان اور کشمیری عوام کا رشتہ مضبوط رہے گا اور ہم ہر سطح پر کشمیری عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، جہانگیر شاہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیاسی و قبائلی رہنما جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ فارم 47 والی حکومت صوبے کے عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے چیف آرمی اسٹاف اور دیگر حکام سینئر سیاستدانوں کو اعتماد میں لیکر صوبے میں قیام امن کیلئے اقدامات اٹھائیں، عوام کے جان و مال اور سرحدوں کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے اہلکار ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیاں انشاء اللہ رائیگاں نہیں جائیں گی۔

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے حاجی سردار خان نیازی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرجن ڈاکٹر عبداللہ خان پر مبینہ قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہیں، عبدالستار شاہ چشتی

ڈاکٹروں کے لیے حفاظتی اقدامات کا نہ ہونا انتہائی مایوس کن و افسوسناک ہے، سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی نے سرجن ڈاکٹر عبداللہ خان پر مبینہ قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سرجن ڈاکٹر عبداللہ خان پر قاتلانہ حملے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے صوبے کی موجودہ حالات میں ڈاکٹروں کے لیے حفاظتی اقدامات کا نہ ہونا انتہائی مایوس کن و افسوسناک ہے بلوچستان میں ڈاکٹر نہ تو ہسپتالوں میں اور نہ ہی اپنے گھروں میں محفوظ ہیں اگر حکومت ڈاکٹرز کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہتی ہے تو پھر ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کو مجبوراً کام بند کرنا پڑتا ہے جس کا خمیازہ غریب مریض کو بھگتنا پڑیگا۔

میر امیر جان شاہوانی کی صاحبزادی انتقال کر گئیں

کوئٹہ (آئی این پی) میر امیر جان شاہوانی کی صاحبزادی انتقال کرگئیں وہ میر حبیب خان شاہوانی کی بھتیجی سردار اسد اللہ خان شاہوانی میر ذبیح اللہ شاہوانی کی کزن تھی اور نماز جنازہ ادا کرکے توفین سریاب شاہوانی قبرستان میں کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی کوئٹہ رضا محمد اسٹریٹ کوئٹہ میں ہو رہی ہے

کوئٹہ، این سی ایچ ڈی اور بی ای سی ایس ٹیچرز کے صوبائی صدر شاہین خان، میر مصطفیٰ سمالانی، فضل الہی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

این سی ایچ ڈی، بی ای سی ایس ٹیچرز کو مستقل کیا جائے، شاہین خان کاکڑ

26 ماہ سے بند تنخواہیں حکومت کے نوٹیفکیشن 37000 کے مطابق دی جائیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) این سی ایچ ڈی اور بی ای سی ایس ٹیچرز کے صوبائی صدر شاہین خان کاکڑ نے کہا ہے کہ این سی ایچ ڈی اور بی ای سی ایس کے ٹیچرز کو مستقل تعیناتی کے آرڈرز دیئے جائیں اور 26 ماہ سے بند تنخواہیں ادا کی جائیں، ہماری تنخواہیں حکومت کی جاری کردہ نوٹیفکیشن 37000 سے کم ماہانہ صرف 12000 ہزار ظلم اور ناانصافی ہے اگر مسائل حل نہ کیا گیا تو احتجاجی دھرنا اور شدید احتجاج کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران این سی ایچ ڈی اور بی ای سی ایس کے نو منتخب صوبائی کابینہ کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی صدر شاہین خان کاکڑ، نائب صدر میڈم بلقیس، جنرل سیکرٹری حلیمہ، سیکرٹری اطلاعات میر مصطفیٰ سمالانی، فنانس سیکرٹری مولانا فضل الہی شامل ہیں۔

آغا محمد خلجی وفات پاگئے

کوئٹہ (پ ر) آغا محمد خلجی وفات پاگئے وہ مرحوم خان محمد، حاجی سردار محمد خلجی کے بھائی، غلام محمد خلجی کے والد، جمعہ خان خلجی، موسیٰ خان خلجی، نصر اللہ خلجی، حاجی غلام دستگیر خلجی، محمد اکرم خان خلجی، محمد عمر خلجی، سالم خلجی کے چچا تھے۔ ان کی تدفین کاسی قبرستان میں کی گئی، نماز جنازہ و تدفین میں قبائلی وسیاسی رہنماؤں، علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی فاتحہ خوانی آج (بروز جمعرات سے) کاسی روڈ مجاہد اسٹریٹ ارباب مسجد میں ہوگی۔

کشمیر کے مسئلے پر پوری قوم یکجا ہے، حاجی کفایت اللہ آغا

مقبوضہ کشمیر کے عوام بھارت کی ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کررہی ہے، خطاب

کوئٹہ (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے موقع پر ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے کی ریلی میں مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مظلوم کشمیریوں کے حق میں جبکہ بھارتی مظالم اور غاصبانہ قبضے کے خلاف نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء نے پاکستان اور آزاد کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے مسئلے پر پوری قوم یکجا اور متحد ہے 5 فروری یوم اظہار یکجہتی کشمیر کا دن منانا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرنا ہے بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو جیل میں تبدیل کر دیا ہے پوری قوم کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے عالمی برادری کو تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنی چاہئیں۔ کشمیریوں کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو کچلنے کیلئے بھارتی سازشیں اور ہتھکنڈے ناکام ہو چکے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں ماورائے عدالت قتل کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ بھارتی قابض افواج نہتے کشمیری نوجوانوں کو نام نہاد سرچ آپریشنز اور جھوٹے مقابلوں میں شہید کر رہی ہے، مقبوضہ کشمیر کی عوام بھارت کی ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ بھارت کے تمام سفاکانہ اقدامات کو بے نقاب کیا اور آئندہ بھی کشمیریوں کے خلاف بھارتی مظالم کو دنیا کے سامنے لاتا رہے گا۔

مرحوم محمد یعقوب مغل کی بیوہ انتقال کرگئیں

قلات (آن لائن) مرحوم محمد یعقوب مغل کی بیوہ انتقال کرگئیں وہ محمد عارف مغل فیلڈ آفیسر این سی ایچ ڈی قلات محمد آصف مغل محمد باسط مغل محمد کاشف مغل کی والدہ تھیں ان کی فاتحہ خوانی مغل زئی نمبر 1 قلات میں جاری ہے دریں اثنا میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں نے انتہائی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کی مغفرت فرما کر پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطا فرمائے۔

منظور شدہ الاؤنسز کی کٹوتی کے عمل کی مذمت کرتے ہیں، ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ

یونیورسٹی انتظامیہ اور صوبائی حکومت، ماہانہ تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی یقینی بنائے

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملغانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور دیگر ایگزیکٹیو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد اور مسعود مندوخیل نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں اس بات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا کہ یونیورسٹی انتظامیہ اور صوبائی حکومت، ایک طرف تو وہ ماہانہ تنخواہیں اور پنشنز بروقت نہیں دے پاتے، تنخواہیں اور پنشنز اگر دیتے بھی ہیں تو وہ پورے نہیں ہوتے اور دوسری طرف انہوں نے یونیورسٹی کے پالیسی ساز اداروں، خزانہ کمیٹی اور سینڈیکیٹ سے منظور شدہ الاؤنسز کی کٹوتی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

بلوچستان کی شاہراہیں محفوظ ہیں نہ سکولوں کے بچے محفوظ ہیں، زاہد اختر بلوچ

عوام کو حقوق عزت و احترام دیکر زیادتیاں ناانصافیوں کا خاتمہ کیا جائے، نائب امیر صوبہ

کوئٹہ (پ ر) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہو رہے ہیں شاہراہیں محفوظ ہیں نہ عوام، سکول کے بچے محفوظ ہیں نہ تاجر ہر طرف پریشانی اور مشکل و خوف کا دور دورہ ہے دسترس میں نہ وسائل پر قابض قوتوں کو عوامی مسائل مشکلات کا کوئی فکر ہے بلوچستان کی اپنی روایات و ثقافت اور قبائلی رسم و رواج اور سنہرا تاریخ ہے بلوچستان کے سلگتے قومی اجتماعی مسائل کے حل میں ہمیشہ سے یہاں کے مخلص قوتوں نے بہترین کردار ادا کیا ہے۔

حق خودارادیت کشمیری عوام کا بنیادی حق ہے، انجینئر ہادی عسکری

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کیلئے عالمی برادری اور اقوام متحدہ اپنا بھرپور کردار ادا کریں

خانوزئی، پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم خان مندوخیل دیگر ... فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

اورماڑہ یوم یکجہتی کشمیر پر عظیم الشان ریلی کا انعقاد

اورماڑہ (یو این اے) 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاک آرمی کے زیر اہتمام اورماڑہ کے گورنمنٹ انٹر کالج کے طلبا اور اساتذہ نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا۔ ریلی کا آغاز صبح 09:30 بجے گورنمنٹ انٹر کالج اورماڑہ سے ہوا اور یہ شہر کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں سے ہوتی ہوئی دوبارہ کالج میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں گورنمنٹ انٹر کالج اور گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کے طلبا نے کشمیری عوام کے حق میں نعرے لگائے اور پلے کارڈ اٹھائے جن پر "کشمیر بنے گا۔

بھارت زیادہ دیر تک کشمیریوں پر مظالم جاری نہیں رکھ سکتا، سردار کوہیار ڈومکی

یوم سیاہ بھارت کو یہ پیغام ہے وہ جتنے ظلم کرے مگر معصوم کشمیریوں کی آواز کو دبا نہیں سکے گا، سردار زادہ دینار ڈومکی

کشمیر کے مسئلے کا واحد حل حق خودارادیت، اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کرا کر حق خودارادیت دے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی اور سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی نے ایک مشترکہ پیغام میں کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے پاکستانی عوام اور فوج کسی بھی صورت میں کشمیریوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ کشمیریوں کی اخلاقی سفارتی مدد کرتے رہیں گے۔ انشاء اللہ ظلم کی یہ سیاہ رات ڈھلنے والی ہے۔ بھارت زیادہ دیر تک کشمیریوں پر مظالم جاری نہیں رکھ سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے جاری اپنے مشترکہ پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی یکجہتی کشمیر کا دن جوش و خروش سے منائیں گے اور بھارت کو یہ پیغام دیں گے وہ جتنا چاہے ظلم کرے مگر معصوم کشمیریوں کی آواز کو دبا نہیں سکے گا اور نہ ہی وہ اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب ہو سکتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر کے مسئلے کا واحد حل حق خود ارادیت ہے۔ اقوام متحدہ اپنے قراردادوں پر عمل درآمد کرواتے ہوئے کشمیریوں کو حق خودارادیت دے مگر افسوس کی بات ہے

بارکھان، ڈپٹی کمشنر وقار خورشید عالم یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

پولیو کے خلاف جہاد کی ضرورت ہے، ڈی سی صحبت پور

پولیو مہم کے دوران کام کرنے والی ٹیموں پر خصوصی توجہ مبذول کریں، میڈم فریدہ ترین

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور میڈم فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو کے خلاف جہاد کے طور پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ضلع صحبت پور کی سرحدیں سندھ اور پنجاب کی سرحدوں سے ملتی ہیں اس لیے یہاں پہ خصوصی توجہ کی ضرورت ہے تمام مانیٹرنگ کرنے والے افسران کو چاہیے وہ ٹیموں کی کارکردگی پر گہری نظر رکھیں اور پولیو مہم کے دوران کام کرنے والی ٹیموں پر خصوصی توجہ مبذول کریں اور تشکیل کردہ ٹیموں کو چاہیے کہ اپنے فرائض منصبی خوش اسلوبی کے ساتھ ادا کریں تاکہ ہم پولیو کے خلاف شروع کی گئی مہم کو کامیابی سے ہمکنار کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو مہم کے دوران مختلف ایریاز میں دورے کے موقع پر پولیو ورکرز سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو وباء کے خاتمے کے لیے پولیو ورکرز اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لیے انہیں چاہیے اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں سستی کا مظاہرہ ہرگز نہ کریں بلکہ خلوص دل سے اپنے فرائض کی ادائیگی کریں تاکہ ہم اس وبا کو اپنے ضلع اور صوبے سے ختم کرنے میں کامیاب ہو سکے۔

اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی کا بیسک ہیلتھ یونٹ کوٹ مینگل کا دورہ

دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کریں، اسٹاف کو ہدایت

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کی ہدایت کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی مجیب الرحمن ساتکزئی نے بیسک ہیلتھ یونٹ کوٹ مینگل کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر انہوں نے بی ایچ یو میں ڈاکٹر و دیگر اسٹاف کا حاضری رجسٹر چیک کیا اور ادویات کا جائزہ لیا۔ اس سے قبل انہوں نے ضلع نصیرآباد میں جاری انسداد پولیو مہم کا بھی جائزہ لیا پولیو ورکرز سے ملاقات کر کے مہم کے متعلق آگاہی حاصل کی جبکہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلائے ان کے ہمراہ بابوزاہد سامت تھے بی ایچ یو کے دورے کے موقع پر انہوں نے اسٹاف کو سختی کے ساتھ ہدایات دیں کہ وہ اپنی ذمہ داریوں سے ہرگز روگردانی نہ کریں دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بہتر معنوں میں طبی سہولیات فراہم کریں ضلعی انتظامیہ کی کوشش رہے گی کہ مستقبل قریب میں بھی اسی طرح سرپرائز وزٹ کر کے تمام تر سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ ادویات کی قلت سے قبل ہی اپنے آفیسران کو آگاہی فراہم کی جائے تاکہ عوام کو مشکلات سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

کشمیریوں کی جدوجہد میں پوری قوم مضبوطی کیساتھ کھڑی ہے، اسماعیل ابراہیم

پوری پاکستانی قوم کشمیر کی آزادی تک ان کی جدوجہد کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی، ڈی سی کیچ

کشمیر جنت نظیر ہے اور پاکستان کا اٹوٹ انگ ہے جسے کس بھی صورت جدا نہیں کیا جا سکتا، ہیڈ ماسٹر محمد نسیم سنگھور

تربت (خ ن) ملک کے دیگر شہروں کی طرح ضلع کیچ کے ہیڈکوارٹر تربت میں بھی کشمیر بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لیے یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا۔ اس مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کیچ کی جانب سے ڈی سی دفتر کے احاطے میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر تمام سرکاری محکموں کے افسران، ضلعی انتظامیہ کے عملہ، سول سوسائٹی کے نمائندے سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی وہاں پر موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم نے قومی پرچم کو فضاء میں بلند کر کے دن بھر کی تقریبات کا آغاز کیا جبکہ لیویز فورس کے چاک و چوبند دستوں کی جانب سے مارچ پاسٹ کا شاندار مظاہرہ کر کے اپنے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کا بھرپور ثبوت دیا ڈپٹی کمشنر کیچ ابراہیم اسماعیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد اپنے کشمیری بھائیوں سمیت دنیا کے دیگر اقوام کو یہ پیغام دینا ہے کہ کشمیریوں کی جدوجہد میں ہم انکے ساتھ مضبوطی کے ساتھ کھڑے ہیں اور کشمیر کی آزادی تک ان کی جدوجہد کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کرتے رہینگے۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار کی طرف سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کے غیر آئینی اقدامات کو ہم نہیں مانتے اور کشمیر کی حق خود اختیاریت کے موقف کو دنیا کے ہر فورم پر اٹھاتے رہنگے، تاکہ کشمیر کے مسئلے کا حل اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق نکالا جا سکے دریں اثناء ضلع کیچ کے مختلف تعلیمی اداروں میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گوکدان میں کشمیر ڈے کی مناسبت سے ہیڈ ماسٹر محمد نسیم سنگھور کی زیر صدارت ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اس تقریب میں اسکول کے بچوں نے کشمیری بھائیوں سے محبت اور یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا۔ اس دوران طلبہ نے تقریر کے دوران اقوام متحدہ سے پرزور مطالبہ کیا

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر منیر احمد کاکڑ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت اور بلوچستان کے عوام مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اتحاد اور یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں جو سات دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں بھارتی قبضے اور بربریت کے سامنے ان کی غیر متزلزل جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین۔ عالمی برادری کو ان مظالم کا نوٹس لینا چاہیے اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کے احترام اور قبولیت کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

اسلام آباد، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد سے ڈائریکٹر جنرل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان ڈاکٹر جلال فیصل ملاقات کر رہے ہیں

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گوکدان میں سالانہ امتحانات 6 فروری کو شروع ہوں گے

نقل سمیت غیر قانونی طریقہ کار اپنانے والوں کیخلاف فوری کارروائی کی جائے، ماسٹر محمد نسیم

تربت (خ ن) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گوکدان میں سالانہ امتحانات 6 فروری کو شروع ہوں گے۔ ہیڈ ماسٹر محمد نسیم سنگھور کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گوکدان میں سالانہ امتحانات کی تیاریوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں اساتذہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسکول کے سالانہ امتحانات کے لیے محکمہ تعلیم کی تجویز کردہ تاریخ 6 فروری پر اتفاق کیا گیا اور اس پر امتحانی سوالنامہ اور دیگر تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی اجلاس میں اتفاق رائے سے پرائمری سیکشن میں امتحانی عملے کے لیے سپرنٹنڈنٹ وحید غلام محمد، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اکرم، ایڈیشنل یعقوب خان اور نگران کے لیے صادق علی عبدالوہاب، شکیل احمد، عادل علی اور نصیر احمد کی تقرری کی گئی جبکہ مڈل سیکشن میں تیمور خان سپرنٹنڈنٹ، طلال احمد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، شاہد علی ایڈیشنل اور خاطر علی جی ای ٹی، محمد سلیم ایس ایس ٹی، عبدالسلام، صغیر احمد پی ٹی آئی اور شمیم احمد کو نگران تعینات کیا گیا اجلاس میں ہیڈ ماسٹر محمد نسیم سنگھور نے تمام اساتذہ کو امتحانات کے دوران حاضر رہنے کی ہدایت اور نقل سمیت غیر قانونی طریقہ کار اپنانے کی ہر کوشش کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ نقل کا خاتمہ جب تک نہیں کیا جائے گا طلبہ کو اپنی محنت اور پڑھائی پر توجہ دینے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی اس لیے اسکول کا ہر ٹیچر پابندی کے ساتھ امتحانی عملے کی معاونت کرے اور نقل یا غیر قانونی طریقے سے پیپر حل کرنے کی کوشش ناکام بنادیں۔

بلوچستان میں بیروزگاری کم کرنے کیلئے بلوچستان میں صنعتیں لگائی جائیں، زمان خان

بلوچستان کے گرین بیلٹ میں رائس ملز اور دیگر صنعتوں کے مزدوروں کو سہولیات میسر نہیں، بشیر احمد، قاسم خان

فیڈریشن نے رائس ملز کے مزدوروں کو 22 سال بعد حقوق کیلئے جدوجہد کا آئینی حق دلایا ہے، حاجی عزیز شاہوانی

اوستہ محمد کی رائس ملز کے مزدوروں کو انکے تمام جائز حقوق دلائیں گے، معروف آزاد، عابد بٹ، دین محمد و دیگر رہنما

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد رند سیکرٹری جنرل قاسم خان حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عبدالمعروف آزاد، دین محمد محمد حسنی، عابد بٹ، عارف خان نیچاری، ملک وحید کاسی، ظفر خان رند، فضل محمد یوسفزئی، فیڈریشن رہنماؤں حبیب اللہ شیخ، سید اسماعیل شاہ، ممتاز علی کلاچی، منیر احمد چندرانی، حاجی ممتاز علی، محمد یار کدیزئی، امان اللہ خان طاہر و کلر سموترا اور دیگر رہنماؤں نے ضلع اوستہ محمد کی رائس کی صنعت سے وابستہ ہزاروں مزدوروں کو بی آئی آر اے 2022 کے تحت ٹریڈ یونین کی آزادی ملنے کو بلوچستان کے ہزاروں مزدوروں و ملازمین کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات کی کوششوں سے بلوچستان کی ایک بڑی صنعت کے مزدوروں کو 22 سال بعد اپنے سوفیصد تسلیم شدہ اور جائز حقوق کیلئے جدوجہد کا آئینی حق دلا دیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیر آباد جعفر آباد کی رائس ملز اور دیگر چھوٹی صنعتوں کے مزدوروں کو دیگر صوبوں کی طرح کوئی مراعات حاصل نہیں، انہوں نے کہا کہ رائس ملز ورکرز یونین اوستہ محمد کے نومنتخب عہدیداروں صدر گلزار احمد جنرل سیکرٹری سید پھل شاہ، سینئر نائب صدر سونا خان جمالی اور دیگر عہدیداروں ومزدوروں کو انکے جائز حقوق دلائیں گے، بلوچستان لیبر فیڈریشن صوبے میں لیبر قوانین پر عملدرآمد، بلوچستان کی 63 یونینز پر عدالتی اور بلاجواز پابندی اور اداروں کو پبلک پارٹنرشپ کے تحت ٹھیکیداروں کے حوالے کر کے فنڈز کے ضیاع کیخلاف بھرپور آواز بلند کرے گی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مزید صنعتیں قائم کی جائیں تاکہ بیروزگاری پر پایا جا سکے، رائس ملز ورکرز یونین اوستہ محمد کے مزدور تنہا نہیں بلوچستان لیبر فیڈریشن انکے حقوق کا بھرپور دفاع کرے گی۔

پی ٹی آئی بلوچستان کے ترجمان کی 3 رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بلوچستان کے ترجمان نے پارٹی کے 3 رہنماؤں کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ہمیشہ پرامن طریقے سے احتجاج کیا ہے اور اس بار بھی ہمارا احتجاج کامیاب ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی اپنے حقوق کا دفاع قانون کے دائرے میں رہ کر کرے گی

زیارت، ڈپٹی کمشنر ذکا اللہ درانی کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی جارہی ہے

ضلعی انتظامیہ پنجگور کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا

بہت جلد بھارتی ظلم وجبر اور ناجائز تسلط کا خاتمہ ہوگا، ڈی سی پنجگور

پنجگور (خ ن) ضلعی انتظامیہ پنجگور کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر زاہد احمد لانگو کی سربراہی میں ایک ریلی بھی نکالا گیا اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ یہ ریلی ڈی سی آفس سے نکالی گئی اور چتکان بازار پنجگور سے ہوتا ہوا واپس ڈی سی آفس کے مقام پر اختتام پذیر ہوا۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر پنجگور زاہد احمد لانگو نے ریلی کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ کشمیر پر بھارت کی طرف سے غاصبانہ قبضے کے خلاف اقوام عالم کو نوٹس لینا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں انکی سیاسی و اخلاقی سپورٹ جاری رکھیں گے

اقوام متحدہ کو کشمیریوں کا بہتا خون نظر کیوں نہیں آتا: پیٹر چارلس

بھارتی مظالم پر دنیا کی آنکھیں کب تک بند رہیں گی، عالمی ضمیر کب جاگے گا؟

کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے: چیئرمین پاکستان مائنارٹیز موومنٹ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی نظریاتی، جغرافیائی اور معاشی شہ رگ ہے، مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے بغیر تکمیل تحریک پاکستان ممکن نہیں، مقبوضہ وادی میں بھارت کی 10 لاکھ قابض فوج جنگی جرائم کا ارتکاب کر رہی ہے، اقوام متحدہ کو کشمیریوں کا بہتا ہوا خون نظر کیوں نہیں آتا، بھارتی مظالم پر دنیا کی آنکھیں کب کھلیں گی، عالمی ضمیر کب جاگے گا؟۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی جانے والی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس کا کہنا تھا کہ تحریک آزادی کشمیر دراصل تحریک پاکستان کا تسلسل ہے اور تکمیل پاکستان کی تحریک ہے اس تحریک کی کامیابی سے پاکستان کی ترقی وخوشحالی وابستہ ہے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اس تحریک کی کامیابی تک جدوجہد جاری رکھے گی اور ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرتی رہے گی۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ حق خودارادیت کیلئے یکجہتی اور عالمی برادری کی توجہ بھارتی مظالم کی جانب متوجہ کروانا اور آنے والی نسلوں پر بھارت کا مکروہ کردار اور چہرہ بے نقاب کرنا ہے، بھارت 5 اگست 2019، میں مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے باوجود جذبہ آزادی کو دبانے میں ناکام رہا ہے، حکومت پاکستان بھارت کے مظالم اور گھناؤنے کردار کو عالمی دنیا کے سامنے بے نقاب کرے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس کا کہنا تھا کہ تحریک آزادی کشمیر دراصل تحریک پاکستان کا تسلسل ہے اور تکمیل پاکستان کی تحریک ہے اس تحریک کی کامیابی سے پاکستان کی ترقی وخوشحالی وابستہ ہے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اس تحریک کی کامیابی تک جدوجہد جاری رکھے گی۔

کوئٹہ، رمضان کی آمد سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں رمضان کی آمد سے قبل مہنگائی کا جن بوتل سے نکل گیا کوئٹہ میں رمضان کی آمد سے قبل بیسن 450 چینی 175 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے سبزیوں کی فراہمی میں کمی اور بڑھتی ہوئی طلب کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کا سامنا ہے سبزیوں کی قیمتوں میں اضافے کا اثر خاص طور پر روزمرہ استعمال ہونے والی سبزیوں پر پڑا ہے جن میں آلو، ٹماٹر، پیاز، ہری مرچ اور دیگر سبزیاں شامل ہیں سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ سردی کی شدت اور بارشوں کے باعث سبزیوں کی پیداوار کم ہوئی ہے

عالمی برادری کشمیریوں پر بھارتی مظالم کا نوٹس لے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

ہم کشمیری عوام کی آزادی کی جنگ میں ان کیساتھ ہیں اور حمایت میں اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، صوبائی مشیر

عالمی برادری کو بھارتی افواج کی جانب سے کشمیری خواتین پر ہونے والے ظلم کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت اور صوبے کے عوام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا عہد کرتے ہیں، کشمیر کی خواتین اپنے حق خودارادیت کے لیے جدوجہد میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کشمیری عوام کی آزادی کی جنگ میں ان کے ساتھ ہیں اور ان کی حمایت میں اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، عالمی برادری کو بھارتی افواج کی جانب سے کشمیری خواتین پر ہونے والے ظلم کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے، کشمیری خواتین کے حقوق کی حمایت میں ہمیں اپنی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے

چمن، ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

پشتونخوا میپ کے رہنماؤں کا حاجی تورک الکوزئی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان ضلع سیکرٹری سید شراف آغا، تحصیل سیکرٹری نیاز بڑیچ و دیگر ایگزیکٹوز نے حاجی تورک الکوزئی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا کی ہے۔ مرحوم حاجی ملوک آغا الکوزئی کے فرزند، حاجی کاکا نگ، حاجی الولا، حاجی داد اللہ، حاجی موسیٰ کلیم کے بھائی، حاجی محمد رحیم الکوزئی کے چچازاد بھائی تھے۔

دلوں کے چین وسکون کا راز اللہ کے ذکر میں ہے، ذوالفقار طارق

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری سلسلہ قادریہ کے خلیفہ فقیر امتیاز حسین سروری قادری محمد عامر جتوئی سیاسی وسماجی رہنما ڈاکٹر محمد طاہر لانگو نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں عیش وعشرت کے بے شمار ظاہری اسباب مہیا ہونے کے باوجود معاشرے کا ہر دوسرا فرد بے چینی اور بے سکونی کی شکایت کرتا نظر آتا ہے مال ودولت کی فراوانی کے باوجود کئی لوگ سکون کی تلاش میں در در بھٹکتے نظر آتے ہیں زندگی پرسکون نہ ہونے کی وجہ سے طبیعت غصے چڑچڑے پن اور ذہنی دباؤ جیسے امراض کا شکار ہو جاتی ہے جس کے نتیجے میں بعض اوقات ذہن میں مختلف خیالات گردش کرنے لگتے ہیں اور بات خودکشی تک جا پہنچتی ہے یہ بات تو بلاشک مسلم ہے کہ مال ودولت یا شہرت وغیرہ سے سکون جیسی عظیم نعمت کو حاصل کرنا ناممکن ہے بڑے بڑے بنگلے ایئر کنڈیشنڈ کمرے و دیگر ذرائع آرام کے ذریعے چین وسکون کا حاصل ہو جانا بہت مشکل ہے مہنگی مہنگی دوائیاں لینے کے باوجود بھی پوری رات کروٹیں بدلتے گزر جاتی ہے صحت اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطاء کی ہوئی ایک عظیم نعمت ہے جسے دنیاوی ذرائع سے حاصل کرنا ناممکن ہے

پولیو کیخلاف جنگ میں والدین کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈی سی لسبیلہ

پولیو خطرناک مرض جو مستقبل کو معذوری کے اندھیروں میں دھکیل سکتا ہے، حمیرا بلوچ

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے اپنی بیٹی زرماہ بلوچ کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر عوام کو واضح پیغام دیا ہے کہ پولیو کے خلاف جنگ میں والدین کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ضلع لسبیلہ میں پولیو مہم کا افتتاح کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک مرض ہے، جو ہمارے بچوں کے مستقبل کو معذوری کے اندھیروں میں دھکیل سکتا ہے۔ اس سے بچنے کا واحد اور موثر طریقہ پولیو ویکسین کے دو قطرے ہیں۔ میں نے اپنی بیٹی زرماہ بلوچ کو یہ قطرے پلا کر ایک ماں کی حیثیت سے اپنا فرض ادا کیا ہے اور میں تمام والدین سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ بھی اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ہمارا قومی فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو صحت مند مستقبل دیں اور پولیو جیسے موذی مرض کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کریں پولیو این آئی ڈی مہم 5 فروری تک جاری رہے گی، اور والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو یہ قطرے لازمی پلوائیں تاکہ ہمارا معاشرہ ایک صحت مند نسل کی بنیاد رکھ سکے۔

چاغی کالجز میں آن لائن کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے

ڈی سی کے ان اقدامات کے مثبت اثرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں، شہری

چاغی (خ ن) بلوچستان کے پسماندہ ضلع چاغی میں تعلیم کے فروغ کے لیے ایک انقلابی قدم اٹھایا گیا ہے، جہاں پہلی بار سیکنڈری ایجوکیشن کی بہتری کے لیے جدید اقدامات متعارف کرائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم کی قیادت میں اساتذہ کی کمی جیسے سنگین مسئلے سے نمٹنے کے لیے کالجز میں آن لائن کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس سے سینکڑوں طلبہ مستفید ہو رہے ہیں مختلف شعبوں میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند طلبہ نے ان آن لائن کلاسز میں داخلہ لے لیا ہے، جہاں انہیں پنجاب کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ماہرین تعلیم کی رہنمائی میسر آرہی ہے۔ یہ اقدام چاغی جیسے دور افتادہ علاقے میں معیاری تعلیم کی فراہمی میں سنگ میل ثابت ہو رہا ہے ڈپٹی کمشنر چاغی کے ان اقدامات کے مثبت اثرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں، اور بنیادی بنیادوں پر اٹھائے گئے تعلیمی اقدامات سے عوامی سطح پر اطمینان اور مسرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ طلبہ، والدین اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ اقدامات نہ صرف چاغی بلکہ بلوچستان کے دیگر علاقوں میں بھی تعلیمی ترقی کی راہ ہموار کریں گے۔

بلوچستان میڈیکل ایسوسی ایشن کا ڈاکٹر عبداللہ پر قاتلانہ حملے کی مذمت

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیکل ٹیچر ایسوسی ایشن کی جانب سے جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں ڈاکٹر عبداللہ خان پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو جلد سے جلد گرفتار کیا جائے۔ ڈاکٹروں کے لیے مناسب اور محفوظ ماحول کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اگر حکومت وقت نے اس طرف توجہ نہیں دی تو تمام فیکلٹی سخت سے سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہو جائے گی۔ بعدازاں پی ایم ٹی اے کی پریزیڈنٹ کی قیادت میں وفد جس میں ڈاکٹر مقبول لانگو، ڈاکٹر جلال ہنگلزی، ڈاکٹر غفار اور ڈاکٹر عبداللہ شامل تھے وزیر صحت سے ملاقات کی۔ جنہوں نے موقع پر ہی آئی۔ جی پولیس سے رابطہ کر کے ایف۔ آئی۔ آر کی ہدایت کردیا

جامعہ تربت کے زیراہتمام مسئلہ کشمیر پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد

مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، پروفیسر ڈاکٹر گل حسن

تربت (خ ن) جامعہ تربت میں شعبہ سیاسیات کے زیراہتمام مسئلہ کشمیر پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں فیکلٹی ممبران، انتظامی عملہ اور طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے بھارت اور پاکستان کے درمیان طویل عرصے سے جاری کشمیر کے تنازع پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ کشمیر کی جغرافیائی اور اسٹریٹیجک اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور شعبہ سیاسیات کے فیکلٹی ممبران بہادرین، نواز احمد اور منیر احمد نے اس بات پر زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور بھارت پر دباؤ ڈالنا چاہیے کہ وہ مسئلہ کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی منظور شدہ قراردادوں پر من وعن عمل کرے۔ سیمینار کے دوران مقررین نے بھارتی آئین کے آرٹیکلز 370 اور 35A کی منسوخی اور اس کے جموں و کشمیر کی خودمختاری پر پڑنے والے اثرات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے کشمیر تنازع کی تاریخی پس منظر، بھارت کی مسلسل جارحیت اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور عالمی برادری کے کردار سمیت کشمیری عوام کی کئی دہائیوں پر محیط حق خودارادیت کے لیے جدوجہد پر بھی گفتگو کی۔ وائس چانسلر نے اہم علاقائی اور بین الاقوامی امور پر علمی مباحثے منعقد کرنے پر جامعہ تربت کے شعبہ سیاسیات کی کاوشوں کو سراہا۔

اسلاموفوبیا کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کیا جائے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

اقوام متحدہ کی قراردادیں مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اقدامات نہیں ہیں تو اس نمائندہ عالمی ادارے کی حیثیت کیا معنی رکھتی ہے؟

بڑی طاقتوں کیلئے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ تنازعات حل کرانے میں اقوام متحدہ کو فعال نہیں بنا پائے، یوم کشمیر پر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اقوام متحدہ کی موثر نمائندہ عالمی ادارے کی حیثیت تب ہی تسلیم ہو پائے گی جب اس کے روبرو آنے والے اس کے رکن ممالک کے باہمی تنازعات کے حل کے لیے اس کی قراردادوں اور فیصلوں پر ان کی روح کے مطابق عمل درآمد ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن اینٹی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے 5 فروری یوم کشمیر پر مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے رکن ممالک بالخصوص بڑی طاقتوں کی قیادتوں کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ دنیا کے تنازعات حل کرانے کے لیے اب تک اقوام متحدہ کو کیوں فعال نہیں بنا پائے۔ علاقائی اور عالمی امن کی خاطر کشمیر، فلسطین، افغانستان اور اسلاموفوبیا کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر ان کی روح کے مطابق عمل درآمد اقوام متحدہ کے رکن ممالک کی ترجیح اول ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری کا دن کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کے عزم کا دن ہے۔ عالمی برادری کو تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنی چاہئیں۔ کشمیریوں کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو کچلنے کیلئے بھارتی سازشیں اور ہتھکنڈے ناکام ہو چکے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں ماورائے عدالت قتل کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق نے کہا کہ بھارتی قابض افواج نہتے کشمیری نوجوانوں کو نام نہاد سرچ آپریشنز اور جھوٹے مقابلوں میں شہید کر رہی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ آج کے یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد بھی اقوام متحدہ اور اس کے رکن بالخصوص بڑے ممالک کی توجہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کی جانب مبذول کرانا ہے۔ اگر اقوام متحدہ کی درجن بھر قراردادیں بھی دیرینہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے موثر ثابت نہیں ہو رہیں تو اس نمائندہ عالمی ادارے کی حیثیت کیا معنی رکھتی ہے؟۔ اقوام متحدہ کے رکن ممالک بالخصوص بڑی طاقتوں کی قیادتوں کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ دنیا کے تنازعات حل کرانے کے لیے اب تک اقوام متحدہ کو کیوں فعال نہیں بنا پائے۔ علاقائی اور عالمی امن کی خاطر کشمیر، فلسطین، افغانستان اور اسلاموفوبیا کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر ان کی روح کے مطابق عمل درآمد اقوام متحدہ کے رکن ممالک کی ترجیح اول ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری کا دن کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اور حق خود ارادیت کے عزم کا دن ہے

پشین، اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد زہری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلیفون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 6 فروری 2025ء

سنگین انسانی جرائم: کشمیر اور فلسطین کا المیہ

بدھ کے روز بلوچستان سمیت ملک بھر اور پوری دنیا میں یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے اور اس عہد کی تجدید کے ساتھ منایا گیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کے آگے سر تسلیم خم کرنے کی بجائے کشمیری مسلمانوں کی حمایت اور ان کے ساتھ یکجہتی کا تسلسل کبھی ٹوٹنے نہیں دیا جائے گا وزیر اعظم شہباز شریف نے اس دن کی مناسبت سے آزاد کشمیر کی قانون اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بڑی گہری بات کہی ہے کہ پانچ فروری پکار پکار کر یہ یاد دلا رہا ہے کہ کسی پانچ اگست سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازع کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغامات میں کشمیری مسلمانوں کے ساتھ لازوال یکجہتی کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے عالمی برادری سے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے اپنے پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں حالیہ پیش رفت سے واضح ہوتا ہے کہ دیرینہ تنازعات کو بڑھنے نہیں دیا جانا چاہئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام ہر سال یوم یکجہتی کشمیر مناتے ہیں تاکہ کشمیری عوام کی حق خود ارادیت کے حصول کے لئے ان کی منصفانہ اور جائز جدوجہد کی حمایت کی تجدید کی جا سکے وزیر اعظم نے کہا کہ حق خود ارادیت بین الاقوامی قانون کا بنیادی اصول ہے، ہر سال اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی ایک قرارداد منظور کرتی ہے جس میں لوگوں کو اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کے قانونی حق پر زور دیا جاتا ہے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط مقبوضہ جموں و کشمیر دنیا کے سب سے زیادہ فوجی علاقوں میں سے ایک ہے اور کشمیری خوف و ہراس کے ماحول میں زندگی گزار رہے ہیں ادھر سپہ سالار قوم چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ کشمیر کی خاطر دس جنگیں اور بھی لڑنا پڑیں تو لڑیں گے، کشمیر کل بھی پاکستان کا حصہ تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی پاکستان ہی کا حصہ رہے گا ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کا فیصلہ کسی غاصب فوج کو نہیں کشمیر کے عوام کو کرنا ہے، کشمیر اور پاکستان کا رشتہ لازم و ملزوم ہے کشمیر کی خاطر تین جنگیں لڑی ہیں، دس اور لڑنی پڑیں تو ان شاء اللہ لڑیں گے، اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہم ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سے خطاب کے موقع پر کشمیر کے ساتھ ساتھ فلسطین کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہو گا وزیر اعظم کے خطاب کی تفصیلات میں جانے سے قبل ایک اور خبر کا ذکر ضروری ہے جس سے پوری دنیا میں موجود مسلمانوں میں غم، تشویش اور غصے کی لہر ابھری ہے یہ بیان امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دیا ہے انہوں نے غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں امریکی فوج بھیجنے کا فیصلہ بھی خارج از امکان نہیں واشنگٹن میں اسرائیلی وزیر اعظم کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا، غزہ کی پٹی پر قبضہ کرلے گا جبکہ وہاں رہنے والے فلسطینیوں کو وہاں سے نکل جانا چاہئے امریکی صدر کے اس بیان پر عالمی سطح پر حیرت و پریشانی اور تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے ٹرمپ کے اس بیان کے بعد آسٹریلیا نے فلسطینی ریاست کی حمایت کا اعادہ کیا ہے آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے کہا ہے کہ امریکی صدر کی جانب سے غزہ کی پٹی پر قبضہ کرنے کے اعلان کے بعد آسٹریلیا حکومت مشرق وسطیٰ میں دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے ادھر سعودی عرب نے فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنے کے کسی بھی منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ فلسطینی ریاست کے بغیر اسرائیل کے ساتھ کوئی تعلقات نہیں کریں گے سعودی وزارت خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب، فلسطینی ریاست کے قیام کی غیر متزلزل حمایت کرتا ہے اور وہ فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کرتا ہے سعودی وزارت خارجہ نے واضح کیا ہے کہ مسئلہ فلسطین مملکت سعودی عرب کے لئے سر فہرست ہے اور فلسطینی ریاست کے قیام سے متعلق سعودی عرب کا موقف مضبوط اور غیر متزلزل ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی کسی بھی خلاف ورزی، چاہے وہ اسرائیلی آبادکاری کی پالیسیوں کے ذریعے ہو، فلسطینی علاقوں کے الحاق کے ذریعے، یا فلسطینی عوام کو ان کی سرزمین سے بے گھر کرنے کی کوششوں کے ذریعے ہو، مملکت سعودی عرب اس کو واضح طور پر مسترد کرتی ہے عالمی رہنماؤں کی طرف سے امریکی صدر کے بیان پر ردعمل اور مبصرین و تجزیہ کاروں کی جانب سے تجزیوں تبصروں کا سلسلہ جاری ہے اب اس سارے تناظر میں یوم یکجہتی کشمیر پر بات کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اس وقت مسلم امہ کو اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کی اشد ضرورت ہے ورنہ کشمیر سے فلسطین تک خون مسلم کی ارزانی کا جو سلسلہ جاری ہے وہ جاری رہے گا اور کشمیر سے فلسطین تک سنگین انسانی جرائم کے مرتکب ہندو انتہاء پسند اور صیہونی انتہا پسند ریاستیں مسلمانوں کا خون بہاتی رہیں گی جبھی تو وزیر اعظم شہباز شریف نے کشمیر اور فلسطین کا ذکر کرتے ہوئے عالمی برادری کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے اور کہا ہے کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہو گا فلسطین اور کشمیر کے عوام کو ان کی مرضی سے جینے کا جمہوری حق ملنا دنیا کی جمہوریت پسندی کا امتحان ہے، فلسطین اور کشمیر کے عوام کے جمہوری حق کی حمایت پوری دنیا کے جمہوری مزاج ادارے، تنظیمیں، بین الاقوامی اصول، عالمی قانون اور مہذب انسان کرتے ہیں، کسی ملک یا قوم کو یہ حق نہیں کہ وہ فوجی قوت کی بنیاد پر کسی اور خطے اور وہاں کے رہنے والوں کو غلام بنالے، فلسطین اور کشمیر میں جمہوریت کے وہی اصول لاگو کرنا ہوں گے جنہیں پوری دنیا تسلیم کرتی، ان پر یقین رکھتی اور ان کی تبلیغ کرتی ہے، دنیا میں دو الگ الگ اصول، انصاف و جمہوریت کے دو الگ الگ معیار اور عالمی قانون کے نفاذ میں امتیاز قبول نہیں وزیر اعظم کی باتیں سو فیصد مبنی بر انصاف اور عین حقیقت ہیں انہوں نے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی ہے دیکھیے اس بابت عالمی ضمیر کب جاگے اور کب اقوام متحدہ اور دیگر عالمی قوتیں ہندوستان اور اسرائیل کے ہاتھ روک کر کشمیر اور فلسطین میں سنگین جرائم کے ارتکاب پر انہیں انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کریں۔

عدم تشدد، استقامت اور جدوجہد کی میراث

جیتا یہاں
عمر فاروق
omerbashah@gmail.com

ہمارے ہاں باچا خان کے نام سے معروف خان عبدالغفار خان امن پسند سماجی مصلحین میں سب سے زیادہ ممتاز شخصیت ہیں۔ وہ 6 فروری 1890 کو پشاور کے علاقے عثمان زئی میں پیدا ہوئے۔ ان کی ساری زندگی عدم تشدد کے فلسفے سے عبارت رہی۔ تاہم ہمارے قومی اور ریاستی بیانیے کا کوئی دھارا آج بھی انہیں مثبت معنوں میں اہمیت کا حامل کردار تسلیم نہیں کرتا۔ اول تو ان کا ذکر نصابی کتابوں سے دور رکھا جاتا ہے یا پھر ان کے بارے میں ہر تذکرہ منفی انداز میں کیا جاتا ہے۔ دوسری طرف دنیا بھر میں ان کا احترام ایک ایسی شخصیت کے طور پر کیا جاتا ہے جس کی تعلیمات نے پاکستان کے شمال مغربی ریجن میں شدت پسند اور سخت گیر مزاج رکھنے والے جنگجوؤں کی سرزمین میں عدم تشدد اور امن کو فروغ دیا۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ کچھ سال قبل چارسدہ میں اس عظیم فلسفی اور سیاست دان کے نام سے منسوب باچا خان یونیورسٹی کو دہشت گردوں نے حملے کا نشانہ بنایا تھا جس میں ایک پروفیسر سمیت 22 افراد شہید ہو گئے تھے۔
ہندوستان کی تقسیم اور ایک علیحدہ ملک پاکستان کے مطالبے کی سیاست کے پس منظر میں غفار خان کی شخصیت ہمارے ہاں ہمیشہ متنازعہ رہی۔ خاص طور پر انڈین نیشنل کانگریس اور گاندھی کے ساتھ ان کے خاندان کی قریبی وابستگی کی وجہ سے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ اور حکمران اشرافیہ کے ایک بڑے حلقے ...

... کے اجلاسوں میں بھرپور شرکت کی۔ 5 مارچ سنہ 1948 کو پارلیمنٹ میں تقریر کرتے ہوئے باچا خان نے اعتراف کیا کہ میں نے برصغیر پاک و ہند کی تقسیم کی مخالفت کی تھی۔ لیکن اب جب کہ تقسیم ہو ہی چکی ہے تو اس کے بعد لڑائی کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہی اجلاسوں میں پاکستان سے وفاداری کا اعلان کرتے ہوئے انھوں نے بار بار اپنے اس عزم کو دہرایا کہ ان کا پروگرام تخریبی نہیں تعمیری ہے اور خدائی خدمت گار تحریک بنیادی طور پر اصلاحی اور سماجی تحریک ہے جسے انگریز عہد کے سیاسی جبری صورتحال نے کانگریس کے ساتھ اشتراک کی جانب دھکیل دیا تھا۔ اس سے قبل بانی پاکستان محمد علی جناح نے باچا خان کو اپنے ہاں کھانے پر مدعو کیا تو اس موقع پر دونوں کے درمیان دل کھول کر باتیں ہوئی تھیں۔ انھوں نے بانی پاکستان کو ایک بار پھر یقین دلایا تھا کہ وہ پاکستان کے وفادار ہیں اور چونکہ ان کے متعلق بعض حلقوں میں شکوک ہیں اس لیے جب تک وہ شکوک رفع نہیں ہو جاتے وہ ...

... دعوت پر ان کی کسی تقریب میں گئے تو ان کی زندگی تک کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ وہ آپ کو مار دیں گے، اور یہ ملاقات نہ ہو سکی۔ باچا خان نے اپنے انٹرویو میں کہا کہ 'جب میں گورنمنٹ ہاؤس میں قائداعظم کے پاس یہ دعوت نامہ لے کر گیا کہ وہ خدائی خدمت گاروں کی طرف سے دی جانے والی ایک تقریب میں شمولیت فرمائیں تو قائداعظم نے ہچکچاہٹ کا اظہار کیا' اس کے بعد باچا خان، جو مفاہمت کے لیے کوشاں تھے الٹا حکومت کے معتوب بن گئے اور اس ملاقات کے خلاف سازش کے مرکزی کردار قیوم خان ایک آمر مطلق بن کر ان کے خلاف کارروائیوں میں مصروف ہو گئے۔ اس طرح باچا خان اور پاکستانی حکومت کے درمیان مفاہمت زیادہ دیر قائم نہ رہ سکی۔ باچا خان کو غداری کے الزام میں تین سال کے لیے منٹگمری جیل بھیج دیا گیا۔ بعد میں پاکستان کے فوجی حکمران ایوب خان کے عہد تک باچا خان 'غدار'، 'افغان ایجنٹ' اور حکومت پاکستان کے لیے 'خطرناک شخص' بن چکے تھے۔ 1961 تک حالات اس حد تک خراب ہو چکے تھے کہ انھوں نے پاکستان چھوڑ دیا اور افغانستان میں پناہ لے لی۔
اسی طرح بھٹو صاحب کے ساتھ بھی ایک بار باچا خان نے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ انہوں ...

... کابل کا لیڈر ہے۔ اگر آپ اسے پاکستان کا بھی لیڈر رہنا چاہتے ہیں پھر ہم کہاں جائیں گے۔"
باچا خان ایک ممتاز پشتون رہنما تھے جو تحریک آزادی کے ایک سرگرم رکن تھے، ان کی سیاست کی شروعات رولٹ ایکٹ کے خلاف تحریکوں میں ان کے کردار سے ہوئی جہاں ان کی ملاقات مہاتما گاندھی سے ہوئی۔ ہندوستان کی سیاسی سرگرمیوں میں ان کے بھرپور کردار کے نتیجے میں، انہیں 1920 سے 1947 کے درمیان کئی بار قید اور تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ غفار خان، جنہیں باچا خان اور "سرحدی گاندھی" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، 1929 میں، انہوں نے عدم تشدد پر مبنی خدائی خدمت گاروں کی سرخ پوش فوج بنائی اور جلد ہی وہ ہندوستان کی آزادی کی وسیع تر تحریک کا حصہ بن گئے۔ اس تحریک نے 1947 میں تقسیم تک کانگریس پارٹی کی مدد کی۔ تاہم، خدائی خدمتگار تحریک (1929-1955) کی طویل جدوجہد سے باچا خان نے ایک ایسے معاشرے کی تشکیل اور سماجی ماڈل کو متعارف کرانے میں بھی مدد کی ہے جہاں ترقی پسند سیاسی جماعتوں کا نظریاتی رجحان اور سیاسی وابستگی آمریت اور انارکی کی مخالفت کرتے ہوئے سولین بالادستی، عوامی حکمرانی، جمہوریت، انسانی حقوق، آئینی حقوق، اپنے وسائل پر حقوق اور صوبائی خودمختاری کا حصول ہو۔ آج پاکستان کو جب انتہا پسندی اور دہشت گردی کی تحریکوں سے نمٹنے کے لیے باچا خان کے فلسفے پر مبنی ایک ...

امریکی امداد بند، کیا پاکستان متاثر ہوگا؟

دسترس
میاں عمران احمد

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پوری دنیا کو دی جانے والی امریکی امداد بند کر دی ہے اور نئی امداد جاری کرنے سے بھی روک دیا ہے۔ یہ امداد 172 ممالک کو دی جاتی ہے۔ اس پابندی سے دنیا کے کئی ممالک متاثر ہوں گے، خصوصاً ترقی پذیر ممالک پر زیادہ اثر ہو سکتا ہے۔ پاکستان بھی ایک ترقی پذیر ملک ہے۔ امریکی امداد پر پابندی سے پاکستانی معیشت کس حد تک متاثر ہو سکتی ہے، یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلیمان شاہ نے انڈیپینڈنٹ اردو کو بتایا کہ 'پاکستان کے لیے امریکی امداد تو اب تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ اگر پچھلے 20 سال کا ڈیٹا دیکھیں تو امریکہ نے پاکستان کو تقریباً 32 ارب ڈالر براہ راست امداد دی ہے، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس میں بتدریج کمی ہو رہی ہے۔ 2023 میں امریکہ نے پاکستان کو 170 ملین ڈالر امداد دی، جو تقریباً 49 ارب روپے بنتی ہے۔ 2024 میں امداد کم ہو کر 116 ملین ڈالر رہ گئی، جو کہ تقریباً 32 ارب روپے بنتی ہے۔
...
ساتھ لے گیا ہے۔ امریکہ کی پاکستان کو امداد کی مالی حیثیت تو بہت کم ہے، لیکن اس کی سٹریٹیجک ویلیو بہت زیادہ ہے۔ امریکہ کی کسی بھی ملک کو امداد بہتر سفارتی تعلقات کو ظاہر کرتی ہے۔ فی الحال یہ پابندی 90 روز کے لیے ہے۔ اگر 90 روز بعد بھی پاکستان کی امداد بند رہتی ہے تو پاکستان کو دیگر محاذ پر مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔'
'پاکستان اس وقت سات ارب ڈالر کے آئی ایم ایف پروگرام میں ہے۔ مارچ میں آئی ایم ایف وفد پاکستان آ رہا ہے۔ ایک مہینے میں بہت کچھ سامنے آ جائے گا۔ میں حالات کو مزید کشیدہ ہوتے دیکھ رہا ہوں۔ وزیر اعظم پاکستان اور وزیر خزانہ پہلے ہی اقرار کر چکے ہیں کہ آئی ایم ایف پروگرام کی منظوری میں امریکی سابق صدر جو بائیڈن نے کلیدی کردار ادا کیا تھا۔ اب ٹرمپ کی حکومت ہے، حالات تبدیل ہو سکتے ہیں۔' سابق حکومتی مشیر ڈاکٹر فرخ سلیم نے انڈیپینڈنٹ اردو کو بتایا کہ 'امریکہ کی پاکستان کو امداد خوراک، تعلیم، صحت، جینڈر انکلوژن اور جمہوریت کے فروغ جیسے شعبوں میں زیادہ ضرورت ہے۔ سب سے زیادہ امداد خوراک، ایمرجنسی فوڈ اسسٹنس پروگرام کے تحت دی جاتی تھی، جو کہ تقریباً 21.5 ملین ڈالر سے زائد ہے۔ یو ایس ایڈ ...

اونٹ رے اونٹ تیری کونسل کل سیدھی

روزن خیال
مریم گیلانی

آرمی چیف کا پاکستان کے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کو سخت انتباہ

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

قیام پاکستان سے اب تک

چیئرنگ کراس
سید عارف نوناری



غذائی بحران سے غافل ہمارے "ذہن ساز"

برملا
نصرت جاوید

صبح جو کالم چھپا ہے رواں سردی کے موسم میں بارشیں نہ ہونے سے متعلق تھا۔ تھوڑی تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ اب کے برس پنجاب میں تاریخی اوسط کے مقابلے میں 42 فی صد کم بارش ہوئی ہے۔ سندھ کے کئی علاقوں میں اس کا تناسب 50 فی صد سے بھی تجاوز کر گیا۔ زراعت سے جڑے حقائق سے غافل ہونے کی وجہ سے مجھے گمان تھا کہ نہروں اور ٹیوب ویلوں کے ہوتے ہوئے اوسط ...
ایک صاحب جنہوں نے میرا کالم پڑھنے کے بعد ایک پیغام لکھا تھا میرے دوست کے خدشات کی ...

مسلم فکری دھارا مختلف کیوں ہے؟

خورشید ندیم

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ٹائپ اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہو گی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہو گا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہو گا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہو گا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہو گا۔

خوشخبری داخلے جاری ہیں
ڈسپنسر، ڈسپنسر، میڈیکل ٹیکنیشن، سی ٹی اسکین، آئی، او ٹی، ڈائیلاسز، ڈینٹل، الٹراساؤنڈ، ایکسرے، انستھیزیا، لیبارٹری ٹیکنیشنز ایک اور دو سالہ ٹیکنیشنز ڈپلومہ برائے پیرامیڈیکل کورسز ایوننگ اور مارننگ کلاسز سیشن مارچ 2025 میں برائے میل فیمیل تعلیمی قابلیت میٹرک محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں داخلہ فارم پروفیشنل اکیڈمی فار میڈیکل سائنسز اینڈ ہیومن کیئر، ڈاکٹر شیر محمد روڈ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں رابطہ نمبر 0333-7828917/0812821071
..........S.G

اطلاع عام
بنگلہ نمبر W2/B3-518 رقبہ 120 گز سیٹلائٹ ٹاؤن اسکیم اس وقت سید منصور احمد ولد سید محمد عارف کے نام ہے ٹرانسفر بشیر احمد ولد عبدالخالق کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
سلیم QDA..........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5610174254565 بارکھان سے کوئٹہ سفر کے دوران گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03330200172 پر مطلع کریں المشتہر محمد موسیٰ ولد باز محمد
سندس ADVT..........

صدیق بلوچ صحافتی دنیا کا اہم حوالہ

تحریر: وحید زہیر

صحافت جنکا اوڑھنا بچھونا رہا، قیادت میں اور قیادت کے چناؤ میں خود پسند ہونا، سچائی کی تلاش میں سرگرداں رہنا، عقیدت و احترام کے لین دین میں راسخ ہونا، بدفعل و بدمزاج عناصر کے لئے چیلنج بننا، پسے ہوئے عوام کی خدمت میں پیش پیش رہنا، محکوم اقوام کے استحصال میں ملوث افراد و نظام کے خلاف آواز بلند کرنا یہ ہیں لالہ صدیق بلوچ جو زندگی بھر ان خوبیوں کو ساتھ لے کر چلتے رہے قلم کو ہتھیار بنا کر ڈٹے رہے پایہ استقلال کے ساتھ جم کر لکھتے رہے نوجوانوں کی کردار سازی کرتے رہے ایک قابل اعتبار صحافی کے طور پر نامور رہے۔ صحافت سے وابستہ رہنا یا اپنے صحافتی ادارے کی داغ بیل ڈالنا اس ملک میں کوئی آسان کام نہیں خاص طور پر صدیق بلوچ جیسے ایک سنجیدہ صحافی کے لئے حالانکہ کاروباری ذہن رکھنے والے اخباری مالکان ہمیشہ مزے لوٹتے رہے ہیں جبکہ کارکن صحافی ان ناخواندہ، غیر صحافیانہ مزاج رکھنے والے اخباری مالکان کیلئے ہمیشہ سولی پر چڑھتے رہے ہیں سونے کی چڑیا ثابت ہوتے رہے ہیں صدیق بلوچ اکثر ایسے اخباری مالکان کا ذکر کرتے تھے جن کی وجہ سے میڈیا یا ہاؤسز بدنامی کا باعث بنتے رہے ہیں۔ یا ان افادہ جرنلزم میں شامل صحافی جن کی وجہ سے آج صحافت اور میڈیا تنزلی کا باعث ہے۔ ان تمام خرابیوں کے باوجود نہ صرف صدیق بلوچ اپنے نظریہ اور جذبات کے ساتھ ثابت قدم رہے بلکہ انکے سندھ (کراچی) اور بلوچستان میں شاگرد اور دوستوں کا حلقہ ہمیشہ نیک نامی کماتا رہا ہے انہوں نے خاندانی پیشے کے طور پر نہیں بلکہ ایک مشن کے طور پر خاندان کے نوجوانوں کو صحافت کی ذمہ داری سونپی ہے آج ان کے خاندان کے درجنوں نوجوان مختلف اخبارات اور میڈیا ہاؤسز سے وابستہ ہیں۔ باقی جنگی سیاسی طور پر تربیت کی وہ بھی عزم و ہمت کے ساتھ جمہوری سیاست کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ صدیق بلوچ نے طلباء کی تعلیم کے حوالے سے نہ صرف حوصلہ افزائی کی بلکہ مختلف مضامین میں بھی رہنمائی کرتے رہے خواتین کی تعلیم میں دلچسپی پر انکی قدم قدم پر پذیرائی کی۔ کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والے نوجوانوں کو سہولیات فراہم کیں۔ ملک کے نظریاتی رہنماؤں کے ساتھ تنگی کی جیل کی مصیبتیں کاٹیں وہ سندھ و بلوچستان کے نامور صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین انسان دوستوں کے صف میں شمار کئے جاتے تھے۔ جتنے شاگرد انکے سندھ میں ہیں ان سے کہیں زیادہ بلوچستان میں ہیں بلوچ اور بلوچستان

کا مقدمہ لڑنے کے لئے انہوں نے ہمیشہ کے لئے کوئٹہ میں ڈیرہ ڈالا اور مرتے دم تک کوئٹہ میں صحافتی سرگرمیوں میں خوب اپنا حصہ ڈالتے رہے۔ وہ پاکستان کے اہم سیاسی تجزیہ نگار کے طور پر جانے جاتے تھے سندھ و بلوچستان میں صحافتی اداروں میں اہم عہدوں پر فائز رہے جبھی تو ان کی خدمات کے پیش نظر سندھ حکومت نے لیاری میں ایک مڈل سکول اور بلوچستان میں حکومت بلوچستان نے صدیق بلوچ میڈیا اکیڈمی کے قیام کا اعلان کیا ہے جنہیں سندھ اور بلوچستان کے صحافتی حلقوں میں ایک اعزاز سمجھا جا رہا ہے کیونکہ اس سے قبل صحافت کے میدان میں کسی کو سرکاری و سماجی سطح پر ایسی پذیرائی نہیں ملی ہے صدیق بلوچ میڈیا اکیڈمی سے بلوچستان میں نوجوان صحافیوں کی علمی استعداد میں اضافہ ہو گا اس میں صحافتی میوزیم کے قیام سے بلوچستان کی صحافتی تاریخ و شخصیات کی خدمات کو محفوظ بنانے نئی نسل کو آگاہی کے علاوہ جرنلزم کے طلباء کی علمی استعداد میں اضافہ بھی ہو گا۔ صدیق بلوچ نہ صرف صحافتی حلقوں میں بلکہ سیاسی حلقوں میں بھی اہم مقام رکھتے تھے ان سے عقیدت ان کی بے لوث خدمات کا نتیجہ ہے۔ اعصابی طور پر انکی مضبوطی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کینسر جیسے موذی مرض کے باوجود ایک دن کیلئے بھی اپنا کام نہیں چھوڑا بیک وقت اردو اور انگریزی اداروں کے لیے مقالہ خصوصی اور اپنے تجزیے لکھتے رہے ملک سے باہر کسی ہسپتال میں ہونے کے باوجود وہ لیپ ٹاپ پر اپنا کام کرتے رہے۔ صدیق بلوچ سے محکمہ اطلاعات میں ہونے کی وجہ سے اکثر ملاقات رہتی تھی انہیں ہمیشہ اہل بلوچستان کی محرومیوں پر فکر مند دیکھا وہ ماضی کے حکمرانوں سے ہمیشہ نالاں رہے۔ وہ کہتے تھے کہ اگر پاکستان بننے کے بعد حکمران پے درپے غلطیاں نہ کرتے تو آج ہمیں یہ دن دیکھنے نہ پڑتے۔

دالبندین یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں رحیم بلوچ کی قیادت میں ریلی

اسسٹنٹ کمشنر، شہر کے مختلف اسکولز کے اسکاؤٹس نے اور دیگر نے ریلی میں حصہ لیا

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ضلعی انتظامیہ چاغی کی جانب سے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں بوائز ہائی اسکول شہید فرحان جان سے ریلی کا انعقاد ہوا ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چاغی نظام رحیم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر دالبندین پیر سترار سلان، تحصیلدار طاہر خان سنجرانی، ایڈیشنل ایس ایچ او حکیم مینگل ڈی ڈی او ای شیر آغا سنجرانی ہیڈ ماسٹر حاجی فیض محمد حسنی سمیت دیگر اسکول ہیڈ ماسٹرز نے کی ریلی میں شہر کے مختلف اسکولز کے اسکاؤٹس نے حصہ لیا انسانی زنجیر بنائی گئی ریلی سعودیہ چوک بابائے چاغی روڈ سے واپس اسکول پہنچی اس موقع پر کشمیری عوام کی آزادی کے لیے اجتماعی دعا کرائی گئی ہیڈ ماسٹرز حاجی سمیع شبی حمید اللہ نجبی ایس ایس ٹی عبدالظاہر انقلابی ڈی ایس او فیض اللہ عابد میونسپل کمیٹی کے حکام نے بھی شرکت کی مقررین نے کہا کہ کشمیر ہماری اٹوٹ انگ ہے بھارت کے مظالم کو بند کر کے کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کے قرار دادوں کے مطابق حل کر دیا جائے

جنگل پیر علیزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان یوم یکجہتی کشمیر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

نصیر آباد ڈویژن میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلیاں لوگوں کی کثیر تعداد میں شرکت

ضلع جعفرآباد، استامحمد، صحبت پور، جھل مگسی، کچھی میں ریلیاں، ضلعی آفیسران سول سوسائٹی، طلبہ و طالبات شریک تھی، شرکا نے کشمیری اور پاکستانی قومی پرچم اٹھا رکھے تھے

پاکستان کشمیری بھائیوں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑے گا، اقوام متحدہ اپنی ہی قرار داد پر عمل درآمد کو یقینی بنائے، اظہر شہزاد، ارشد جمالی، فریدہ ترین، جہانزیب بلوچ و دیگر کا خطاب

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد ڈویژن میں ملک بھر کی طرح یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈویژن بھر میں ریلیاں نکالی گئی ریلیوں میں لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمٰن خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع جعفرآباد، ضلع استامحمد ضلع صحبت پور، ضلع جھل مگسی اور ضلع کچھی میں کشمیر سے اظہار یکجہتی کے لیے علیحدہ علیحدہ ریلیاں نکالی گئیں۔ جن میں ضلعی افیسران سول سوسائٹی کے نمائندگان طلبہ و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق جعفرآباد میں ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد کی قیادت میں ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں کشمیری اور پاکستانی قومی پرچم اٹھا رکھے تھے۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے نکالی گئی مزدور چوک سے ہوتے ہوئے واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کو ایک سنگین غلطی قرار دیا اسی طرح ضلع میں استامحمد میں بھی ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی کی سربراہی میں کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں میئر میونسپل کارپوریشن استامحمد میر مظفر خان جمالی ضلعی آفیسران، محکمہ زراعت (ریسرچ) سمیت کثیر تعداد میں طلبہ و طالبات و دیگر نے شرکت کی بھارتی فورسز کی جانب سے کشمیری مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف اقوام متحدہ کو اپیل کی گئی کہ وہ اپنی ہی قرار داد پر عمل درآمد کو یقینی بنائے ڈویژن کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع صحبت پور میں بھی ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی سربراہی میں کشمیری بھائیوں کے حق میں ہم آواز ہو کر ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر مظلوم کے حق میں نعرے درج تھے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ کشمیری عوام پر بھارتی افواج کی جانب سے جو ظلم کی انتہا کی جا رہی ہے اقوام عالم کو چاہیے کہ وہ مداخلت کر کے انہیں جینے کا حق دینے میں کردار ادا کرے جبکہ ضلع کچھی میں ڈپٹی کمشنر جہانزیب بلوچ نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی میں نکالی گئی ریلی کی قیادت کی ریلی کے موقع پر شرکاء کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے لگاتے رہے اور علاقہ نعروں سے گونج اٹھا ضلع جھل مگسی میں بھی کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کا عمل جاری رہا ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے نکالی گئی جو مختلف روٹ سے ہو کر سرکٹ ہاؤس پہنچی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بھارتی حکومت کشمیریوں کی خودارادیت کو دبانے کی ناکام کوششیں کرتے ہوئے مظالم کے پہاڑ توڑے ہوئے ہیں 370 کی شق ختم کر کے اپنے ہی قانون کی خلاف ورزی کی ہے پوری دنیا کی نظریں اب کشمیر پر لگی ہوئی ہیں لمبے لاک ڈاؤن سے راشن اور ادویات ختم ہو چکا ہے بچوں کی خوراک سنگین صورتحال اختیار کر گئی ہے کھلم کھلا انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جا رہی لیکن اقوام متحدہ اور دیگر عالمی دنیا نے چپ کا روزہ رکھا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑے گا پوری قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں جن سے اظہار یکجہتی کیلئے روزانہ احتجاجی جلسے اور ریلیاں نکالی جا رہی ہیں

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین کی قیادت میں یوم کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جا رہی ہے

قلات، یوم یکجہتی کشمیر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چوبدار میں تقریب کا انعقاد

قلات (آن لائن) یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کی تقریبات کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چوبدار قلات میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے محکمہ تعلیم کی جانب سے منعقد کیا گیا تقریب میں DEO قلات نثار احمد نورزئی DDEO عبدالروف مغل سمیت سکول اسٹاف اور طلبا کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب میں طلبا نے تلاوت نعت خوانی ملی نغمے ٹیبلو اور کشمیر سے متعلق تقاریر پیش کئے گئے۔

مقامی نوجوانوں اور طلباء کی حق تلفی کی جا رہی ہے، جواد بڑیچ

میڈیکل اور دیگر محکموں میں غیر مقامی افراد کو سلیکٹ کیا جا رہا ہے

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین پریس کلب میں میڈیکل کے اسٹوڈنٹس جواد بڑیچ محمد اسحاق، دلاویز خان، امید حسنی، فراز احمد، عرفان بلوچ و دیگر نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہمارے پریس کانفرنس کا مقصد دالبندین میں لوکل سرٹیفکیٹس کے غیر مقامی افراد کو جاری کرنے کے خلاف آواز اٹھانا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے ضلع چاغی کے میڈیکل اور دیگر محکموں میں غیر مقامی افراد کو سلیکٹ کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے مقامی نوجوانوں اور طلبا کی حق تلفی ہو رہی ہے۔ ہم اس پریس کانفرنس کے ذریعے ضلعی انتظامیہ کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ دالبندین اور ضلع چاغی میں لوکل سرٹیفکیٹس کی جانچ پڑتال سخت کی جائے اور غیر مقامی افراد کو جو لوکل سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے ہیں، انہیں فوری طور پر کینسل کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک ایسا مربوط میکانزم بنایا جائے کہ غیر مقامی افراد لوکل سرٹیفکیٹس حاصل نہ کر پائیں۔ انہوں نے کہا یہ صرف ایک فرد یا ایک طالب علم کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ یہ ضلع چاغی کے تمام طلباء اور طالبات کا مسئلہ ہے جن کے میڈیکل سمیت مختلف محکموں کی پوسٹوں پر غیر مقامی افراد آسانی سے سلیکٹ ہو جاتے ہیں۔

ہائیر سیکنڈری اسکول میں تقریب منعقد کی گئی، ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی ریلی

لسبیلہ (خ ن) ملک بھر کی طرح اوتھل میں بھی کشمیر ڈے بھرپور انداز میں منایا گیا۔ ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں تقریب منعقد کی گئی اور ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی ریلی بھی نکالی گئی۔ ریلی میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی، اسسٹنٹ کمشنر اوتھل نجیب الرحمٰن، DEO تعلیم لسبیلہ انور جمالی، چیف آفیسر اوتھل حاجی محمد خان دودا و دیگر شرکاء نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ ہمارے دل کشمیری عوام کے دلوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ کشمیری عوام کی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر آزادی تجدید کا دن ہے، دھنیش کمار پلپانی

مظلوم کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں ہر لمحہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) سینیٹر دھنیش کمار پلپانی 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر تاریخی دن ہے۔ یہ دن عوام پاکستان اور اہلیان جموں و کشمیر کے لازوال رشتوں و ہم آہنگی کی پہچان ہے یہ دن دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانیوں اور کشمیریوں کے غیر متزلزل عزم کی تجدید کا دن ہے مظلوم کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں ہر لمحہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں کشمیری عوام نے قیام پاکستان سے قبل ہی نظریاتی طور پر اپنا مستقبل پاکستان کے ساتھ وابستہ کر لیا تھا اہل پاکستان نے ہر مشکل گھڑی میں کشمیریوں کا ساتھ دیا وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کی نعمت سے ہمکنار ہوں گے انشاء اللہ جلد مقبوضہ کشمیر کے عوام حق خودارادیت کو حاصل کر کے آزاد فضاؤں میں سانس لیں گے۔ 5 اگست 2019 کو بھارت کی انتہاپسند حکومت نے یکطرفہ اقدام کیا بھارت کے یکطرفہ اقدام کو کشمیری عوام نے یکسر مسترد کر دیا ہے بھارت کے جبر و استبداد کے باوجود مقبوضہ کشمیر کے عوام نے اپنے حق خودارادیت کی جدوجہد کو ترک نہیں کیا مقبوضہ کشمیر کے بھائیوں، بہنوں، بیٹیوں اور بزرگوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ سینیٹر دھنیش کمار پلپانی نے مزید کہا کہ بھارت کے ریاستی جبر کے خلاف جموں کشمیر کے عوام سینہ سپر ہیں جب سے بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو فوجی چھاؤنی میں تبدیل کر دیا ہے حکومت پاکستان اور سپہ سالار افواج پاکستان نے مسئلہ کشمیر پر دوٹوک موقف اپنایا وطن کے دفاع کے لیے افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اقوام متحدہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کا نوٹس لے بھارتی حکومت کے انتہا پسندانہ اقدامات نہ صرف مقبوضہ کشمیر بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ بن چکے ہیں بھارت اپنے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے اقوام متحدہ کی قراردادوں سے انحراف نہیں کر سکتا انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب مقبوضہ جموں و کشمیر بھارتی تسلط سے آزاد ہو گا

شہید سیف اللہ کشانی کے خاندان سے تعزیت

مل (نامہ نگار) چیف آف کشانی سردار نبی بخش کشانی کی مل آمد شہید سیف اللہ کشانی کے خاندان سے تعزیت کی تفصیلات کے مطابق چیف آف کشانی سردار نبی بخش کشانی مختصر دورے پر مل پہنچے کلی حاجی محمد خان مل میں دو مہینے قبل شہید ہونے والے سیف اللہ کشانی کے گھر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر قبائلی رہنما ملک امیر حمزہ کشانی، مرتضیٰ کشانی اور ملک عبدالسلام کشانی ان کے ہمراہ تھے۔

خضدار، یوم کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریلی نکالی جا رہی ہے

کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کا اٹوٹ رشتہ ہے، سید زاہد شاہ

سبی (اے این این) کمشنر سبی ڈویژن ڈاکٹر سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کا اٹوٹ رشتہ ہے جس کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی کشمیری بھائیوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے سبی ڈویژن میں شامل تمام اضلاع میں یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے کے ساتھ منا کر کشمیریوں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ، سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق، سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف، سینئر نائب صدر میر سلیم گشکوری، جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی پی اے ٹو کمشنر سبی ڈویژن زیشان طاہر بھی موجود تھے کمشنر سبی ڈویژن ڈاکٹر زاہد شاہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر سبی ڈویژن میں یوم یکجہتی کشمیر کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ قومی کاز پر پاکستان قوم ایک پیج پر متحد ہے بھارت کشمیر میں بدترین ریاستی دہشتگردی کا مرتکب ہو رہا ہے اور اب تک سینکڑوں کی تعداد میں کشمیری بھائیوں نے جام شہادت نوش کی جبکہ لاتعداد ماؤں نے اپنے بیٹوں بہنوں نے اپنے بھائیوں اور بیویوں نے اپنے شوہروں کی قربانی دی سینکڑوں کی تعداد میں آج خواتین بیوہ کی زندگی بسر کر رہی ہیں

میزئی اڈہ، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ریلی کا انعقاد

کشمیریوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑینگے، ڈی سی محمد ریاض

بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو جیل میں تبدیل کر دیا ہے، ریلی سے خطاب

میزئی اڈہ (نامہ نگار) یوم یکجہتی کشمیر ضلع قلعہ عبداللہ میں جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا پورے ملک کی طرح ضلع قلعہ عبداللہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر بھرپور جوش و جذبے سے منایا گیا۔ اس موقع پر ڈی سی کمپلیکس میں ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ، محمد ریاض خان نے کی۔ ریلی ڈی ای او (ڈسٹرکٹ آفس کمپلیکس) تک پہنچی، جہاں مقررین نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے تقاریر کیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان، ڈی پی او شاہد نبیل کاکڑ اور ضلعی چیئرمین حاجی دین محمد سکی نے خطاب کرتے ہوئے کشمیری عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلوانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ اس موقع پر ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ ٹھیک حیات بلوچ میونسپل کارپوریشن قلعہ عبداللہ کے چیئرمین اسد خان اچکزئی ڈی سی سپرنٹنڈنٹ بشیر احمد ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر قلعہ عبداللہ مظہر ایجوکیشن آفیسر سید محمد آمین آغا ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر عبدالمنان اچکزئی سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ آفیسر خلیل خان اچکزئی چیئرمین حاجی وکیل احمد کاکڑ ڈی ڈی ای او حفیظ اللہ پیر علیزئی عصمت اللہ مسلم محب وطن ظریف خان کاکڑ ملک نور اللہ پیر علیزئی ماسٹر صلاح الدین پیر علیزئی محمد سلیم کاکڑ و دیگر علاقے کے عمائدین نے شرکت کی مقررین نے اس موقع پر کہا کہ پانچ فروری کشمیری عوام کی قربانیوں کو یاد رکھنے اور عالمی برادری کو مسئلہ کشمیر کی سنگینی کی طرف متوجہ کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ ریلی میں سرکاری افسران، سول سوسائٹی کے نمائندوں، طلبا اور عام شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے لگائے اور کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر دکی کلیم اللہ کاکڑ کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی کا انعقاد

شرکاء نے کشمیر کی آزادی، بھارتی جارحیت کے خلاف، اور پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے

ریلی میں افسران، اساتذہ، طلبہ، سول سوسائٹی کے نمائندگان، تاجر برادری، اور عوام کی بڑی تعداد کی شرکت

دکی (خ ن) دکی میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر دکی کلیم اللہ کاکڑ نے کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور شہر کے مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول دکی میں اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے کشمیر کی آزادی، بھارتی جارحیت کے خلاف، اور پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی میں سرکاری افسران، اساتذہ، طلبہ، سول سوسائٹی کے نمائندگان، تاجر برادری، اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے اختتام پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر دکی کلیم اللہ کاکڑ نے کہا 5 اگست 2019 کا دن تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، جب بھارت نے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے وہاں ظلم و بربریت کا ایک نیا باب رقم کیا۔ یہ اقدام عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت جاری رکھیں گے۔ کشمیر کے عوام 76 سال سے قربانیاں دے رہے ہیں، اور ان کی لازوال جدوجہد جلد رنگ لائے گی۔ دیگر مقررین نے بھی بھارتی حکومت کے ظالمانہ اقدامات کی شدید مذمت کی اور اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ تقریب کے آخر میں کشمیر کی آزادی، پاکستان کی ترقی و خوشحالی، اور کشمیری عوام کے حوصلے و استقامت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

میاں عابد علی کی قیادت میں کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی ریلی

فضا پاک فوج زندہ آباد، کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے گونج اٹھی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کے مرکزی چیئرمین ملک ارباب ناصر کاسی کے احکامات پر پاکستان یوتھ پیس بلوچستان کے صوبائی صدر میاں عابد علی اور جنرل سیکرٹری عبدالحق بنگ کی قیادت میں 5 فروری کشمیر ڈے کے حوالے سے کشمیری بھائیوں سے بطور ہمدردی بیدار ریلی کے مقام سے ریلی نکالی گئی جس میں پاکستان یوتھ پیس موومنٹ نصیر آباد کے ضلعی صدر حاجی فیض محمد کھیازئی، سینئر نائب صدر محمد گل بنگ، منظور احمد جعفری، الطاف حسین بنگ، نشان جتوئی، اعجاز بنگ و دیگر شریک تھے ریلی کے شرکاء نے سبز ہلالی پرچم ہاتھوں میں اٹھا رکھے تھے۔ پاکستان زندہ آباد پاک فوج زندہ آباد، کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے گونجتی ہوئی ریلی پٹ فیڈر ریلی ڈیرہ مراد جمالی قومی شاہراہ ڈی سی روڈ و دیگر راستوں سے ہوتی ہوئی اللہ والا چوک شہید بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیر آباد کے سامنے پہنچی جہاں مقررین نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر حل ہونا چاہیے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے آج پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے پوری قوم کشمیریوں کے حق خودارادیت کے مطالبہ کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بھارت غاصبانہ طریقے سے مظلوم کشمیریوں پر قبضہ جمائے اور ظلم و بربریت ڈھائے ہوئے ہیں۔ کشمیری عوام مسلسل قابض بھارتی افواج کی ظلم اور بربریت کا دلیرانہ انداز میں مقابلہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کو چاہیے کہ مسئلہ کشمیر کو جلد حل کر کے کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ان کو حق خودارادیت دیا جائے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے امتحانات ملک بھر میں جاری

6 لاکھ پچیس ہزار چھ سو اٹھائیس طلباء و طالبات امتحانات دے رہے ہیں

خضدار (بیورو رپورٹ) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے امتحانات پورے ملک میں جاری ہیں ضلع خضدار میں 31 سینٹرز قائم کیئے گئے ہیں پورے پاکستان میں 6 لاکھ پچیس ہزار چھ سو اٹھائیس طلباء و طالبات امتحانات دے رہے ہیں۔ آج یہاں خضدار کے امتحانی سینٹرز کا جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار کے جنرل سیکرٹری مولانا عنایت اللہ رودینی خضدار پریس کلب کے صدر عبداللہ شاہوانی چیئرمین محمد ایوب بلوچ جمعیت علمائے اسلام خضدار تحصیل کے امیر قاری نذیر احمد شاکر و دیگر نے دورہ کیا جب کہ وفاق المدارس پاکستان خضدار اور آواران کے سپرنٹنڈنٹ / مسؤل مولانا عبدالحکیم اور ان کے ترجمان حافظ بلال احمد مردوئی بھی دورہ کرنے والے وفد کے ہمراہ تھے۔ وفد نے جامعہ اشاعت الاسلام خضدار جامعہ مفتاح العلوم خضدار اور جامعہ علوم الشرعیہ کوشک خضدار کا دورہ کیا، جہاں امتحانات کے نگران اعلیٰ سے ملاقاتیں کی گئیں اور امتحانات کا جائزہ لیا۔ وفاق المدارس ضلع خضدار کے ترجمان حافظ بلال احمد مردوئی کا کہنا تھا کہ وفاق المدارس پاکستان کے امتحانات کا پورے پاکستان میں ایک ہی پرچہ ہوتا ہے اور ایک ہی وقت میں امتحانات پورے پاکستان میں شروع ہو جاتے ہیں امتحانات میں کسی قسم نقل کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی ہے طلباء اپنی محنت اور صلاحیتوں کی بنیاد پر امتحان دیتے ہیں، متوسط سے لیکر دورہ حدیث تک کے پرچے ایک ہی چھت کے نیچے ہوتے ہیں تاہم وہاں طلباء کو رول نمبرز و سلپ نمبرز اس ترتیب کے ساتھ ہوتے ہیں

نصیر آباد، پاکستان زندہ باد موومنٹ کے امداد حسین مری کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جا رہی ہے

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے زیرنگرانی یوم یکجہتی کشمیر کی تقریبات کا انعقاد

گورنمنٹ بوائز اسکول میں یوم کشمیر کی مناسبت سے ملی نغمے، تقاریر اور ٹیبلو پیش کئے گئے

سبی (خ ن) ضلعی انتظامیہ سبی اور محکمہ تعلیم کے زیرنگرانی ضلع بھر میں یوم یکجہتی کشمیر کی تقریبات بھرپور انداز میں منائی گئیں۔ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول سبی میں یوم کشمیر کی مناسبت سے ملی نغمے، تقاریر اور ٹیبلو پیش کیا گیا اسی طرح گورنمنٹ بوائز مڈل سکول نیو کالونی ناصبجی، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول دیہپال کلاں، اور ہائی سکول تلی میں بھی یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا طلباء نے تلاوت، نعت، تقاریر اور ملی نغمے پیش کئے، اسکول کے احاطے میں طلباء نے کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے سکولوں کے ہیڈ ماسٹر اور پرنسپل صاحبان نے اقوام متحدہ سے اپیل کی کہ کشمیر کا مسئلہ حل کیا جائے اور کشمیریوں کی آزادی کی لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئیں۔

اسسٹنٹ کمشنر حب کی قیادت میں کشمیریوں سے یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد

کشمیری بہنوں بھائیوں اور بزرگوں سے یکجہتی کے لئے فلک شگاف نعرے لگائے

حب (خ ن) ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے 5 فروری یوم ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے 5 فروری یوم کشمیر کے موقع پر یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا گیا شہر بھر میں میونسپل کارپوریشن حب کی جانب سے اہم مقامات پر کشمیر ڈے کی مناسبت سے پینا فلیکس بینرز آویزاں کیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر حب منصور قاضی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حب علی رضا کھوسہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب سربلند خان کی قیادت میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے لسبیلہ پریس کلب حب سے ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے کے موقع پر یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا گیا شہر بھر میں میونسپل کارپوریشن حب کی جانب سے اہم مقامات پر کشمیر ڈے کی مناسبت سے پینا فلیکس بینرز آویزاں کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر حب منصور قاضی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حب علی رضا کھوسہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب سربلند خان کی قیادت میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے لسبیلہ پریس کلب حب سے ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے کشمیری بہنوں بھائیوں اور بزرگوں سے یکجہتی کے لئے فلک شگاف نعرے لگائے اور کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے حب گونج اٹھا یکجہتی کشمیر ریلی حب شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئی لسبیلہ پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کر گئی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر حب سربلند خان نے کہا پاکستان کشمیریوں کی حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتا ہے عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیریوں پر انڈیا کا وحشیانہ ظلم کا نوٹس لیا جائے اسسٹنٹ کمشنر حب نے کہا بلوچستان کے عوام کشمیریوں کے لیے ہر فورم پر حمایت جاری رکھیں

باہمی مشاورت کے بعد درزی یونین ڈیرہ مراد جمالی کی نئی کابینہ تشکیل

قادر بخش لہڑی سرپرست اعلیٰ، مٹھا خان سونگی صدر، ایاز مستوئی جنرل سیکرٹری منتخب

نصیر آباد (نامہ نگار) دکانداران و تاجران کے صدر خان جان ہنگلزئی کی نگرانی میں باہمی مشاورت کے بعد درزی یونین ڈیرہ مراد جمالی کی نئی کابینہ تشکیل دے دی گئی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر استاد قادر بخش لہڑی کو سرپرست اعلیٰ مٹھا خان سونگی کو صدر، استاد امداد حسین لہڑی کو نائب صدر، استاد دودا خان کورار کو چیئرمین محمد حیات رند کو وائس چیئرمین، ایاز احمد مستوئی کو جنرل سیکرٹری، اور ریاض احمد بھٹو کو پریس سیکرٹری منتخب کر لیا گیا اس موقع پر قدیر شاپنگ مارکیٹ کے صدر حافظ شفیع محمد مینگل۔ میڈیکل اسٹور یونین کے صدر مختیار احمد بنگ۔ جنرل سیکرٹری وقاص کمار۔ چکی مالز یونین کے صدر محمد داود بلوچ سمیت دیگر موجود تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دکانداران تاجران کے صدر خان جان ہنگلزئی اور درزی یونین کے سرپرست اعلیٰ استاد قادر بخش لہڑی نے کہا کہ درزی برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے یونین کا قیام ایک سنگ میل ثابت ہو گا یونین دکانداروں، ہنرمندوں اور کاریگروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی اور ان کے مسائل کو ہر فورم پر اجاگر کرے گی انہوں نے کہا کہ درزی برادری معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے، اور ان کے مسائل کا حل وقت کی ضرورت ہے نو منتخب صدر مٹھا خان سونگی نائب صدر امداد حسین لہڑی اور دیگر منتخب عہدیداروں نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ درزی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ درزی برادری کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطے کیے جائیں گے اور کسی بھی زیادتی کے خلاف بھرپور آواز بلند کی جائے گی یونین کے رہنماؤں نے کہا کہ تمام درزی برادری کو یونین کے پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہو گا تاکہ اجتماعی مسائل کو بہتر انداز میں حل کیا جا سکے۔ یونین کا مقصد صرف حقوق کا تحفظ ہے بلکہ ہنرمندوں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا بھی ترجیحی فہرست میں شامل ہو گا اجلاس میں یونین کے تنظیمی ڈھانچے اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی گفتگو کی گئی، اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ تمام درزی برادری کے مسائل کو اولین ترجیح دی جائے گی۔

کمانڈ ایریا کے کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کا حل تلاش کیا جائے، غلام سرور

تاکہ کاشتکار بہتر انداز میں اریگیشن کے اقدامات سے مستفید ہو سکیں، سپرنٹنڈنگ انجینئر

نصیر آباد، ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل غلام سرور ہنگلزئی نے کہا ہے کہ انجینئر زکی کاوشوں سے کاشتکاروں کے وسیع تر مفاد میں اقدامات کرنے کا سلسلہ جاری ہے اس وقت پٹ فیڈر کنال اور کیر تھر کنال کی کمانڈ ایریا میں کاشتکاروں کو جو مسائل درپیش ہیں ان کے متعلق ہمیں آگاہی حاصل ہے ہماری بھرپور کوشش رہے گی کہ تمام مشکلات کا فوری اور بامعنی طور پر حل تلاش کیا جائے تاکہ کاشتکار بہتر انداز میں اریگیشن کے اقدامات سے مستفید ہو سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پٹ فیڈر کینال کے ملنے والے زمینداروں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل غلام سرور ہنگلزئی نے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی صوبائی سیکرٹری آبپاشی حافظ عبدالماجد اور چیف انجینئر اریگیشن کنالز ناصر مجید کے احکامات کی روشنی میں کمانڈ ایریا کے کاشتکاروں کو درپیش مسائل کی تدارک کے لیے تفصیلی دورہ کیا دورے کے موقع پر کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے عمل کا بھی باریک بینی کے ساتھ جائزہ لیا اس موقع پر غلام سرور ہنگلزئی نے محکمہ اریگیشن کے انجینئرز کو سختی کے ساتھ ہدایت دی کہ زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کار بہتر معنوں میں سرانجام دینے کے لیے کوئی کسر نہ چھوڑی جائے کاشتکاروں کی جانب سے جن مسائل کے متعلق ہمیں آگاہی فراہم کی گئی ہے اس کا تدارک کرنا وقت کی ضرورت بن چکا ہے اس وقت پٹ فیڈر کینال اور کیر تھر کینال سے بمپر کراپ فصلات حاصل ہونے کی توقع کی جا رہی ہے اس لیے ضروری ہے کہ تمام انجینئر زرعی پانی کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اس وقت یہ فصلات تیار ہو چکی ہیں جسے آخری پانی کی ضرورت پڑے گی بعدازاں ایس ای اریگیشن غلام سرور ہنگلزئی نے کیر تھر کینال کا بھی دورہ کیا اور وہاں پر بھی کاشتکاروں اور زمینداروں سے ملاقات کی انہوں نے انجینئرز کو سختی کے ساتھ ہدایات دیں

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ XIII اختر شاہ صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 25 — آئندہ پیشی 18/2/2025

1۔ محمد نعمان ولد محمد صادق (اناثری) 2۔ محمد طاہر ولد محمد صادق 3۔ بی بی حلیمہ ولد محمد صادق 4۔ تاج بی بی دختر محمد صادق 5۔ خیر النساء دختر محمد صادق 6۔ ممتاز عزیز دختر محمد صادق درخواست گزار نمبر 1 تا 6 پسران و دختران مرحوم محمد صادق 7۔ حمیدہ بی بی زوجہ محمد طاہر دوتانی (مرحوم) 8۔ یاسمین دختر محمد طاہر دوتانی 9۔ محمد ذاکر ولد محمد طاہر دوتانی 10۔ نسرین دختر محمد طاہر دوتانی 11۔ محمد محسن ولد محمد طاہر دوتانی 12۔ محمد امجد ولد محمد طاہر دوتانی 13۔ سالار ولد محمد طاہر دوتانی درخواست گزاران نمبر 7 تا 13 بیوہ و پسران دختران مرحوم محمد طاہر دوتانی ولد مرحوم محمد صادق سکنہ شالدار و مدرسہ روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول لیٹر آف ایڈمنسٹریشن سرٹیفکیٹ

ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں سائل اساکلان نے ایک درخواست بابت لیٹر آف ایڈمنسٹریشن گزاری ہے جس کی آئندہ ساعت 18/2/025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 02/02/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

R.No......60893

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)

پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی

بولیاں مطلوب ہیں

تمام رجسٹرڈ سپلائر/کنٹریکٹر/او ای ایم کے لئے بولیوں کا نوٹس،
کیو آئی اے پی میں نصب اسپیکرز پی/او پی اے سسٹم کی خریداری

پی پی آر اے رول نمبر 36 (بی) کے مطابق انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ اور ایف بی آر کی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل بولی دہندگان سے مندرجہ ذیل شرائط کے مطابق بولیاں مطلوب ہیں۔

S.#.	Description & Bid No.	Quantity	Bid Submission Date/Time	Bid Opening Date/Time/Place	Basis (Price)
01	NETWORK CONTROLLER (240 W) MAKE BOSCH (OR EQUIVALENT)	Each 01	Thursday 27th February 2025 11:30 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	Thursday 27th February 2025 12:00 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	F.O.R
02	POWER AMPLIFIER (250 W) MAKE BOSCH (OR EQUIVALENT)	Each 01	Thursday 27th February 2025 11:30 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	Thursday 27th February 2025 12:00 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	F.O.R
03	CALL STATION MAKE BOSCH PRAESIDEO SERIES MODEL LBB 4430/00 443/00, CALL STATION KEYPAD MODEL LBB 4432/00 (OR EQUIVALENT)	Each 01	Thursday 27th February 2025 11:30 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	Thursday 27th February 2025 12:00 Hrs APM OFFICE Quetta Int'l Airport	F.O.R

NOTE: BID SECURITY / EARNEST MONEY, IN THE FORM OF BANKERS CHEQUE IN FAVOR OF (PAA DISBURSEMENT ACCOUNT), FOR THE COMPLETE ABOVE MENTIONED TENDER IS FIXED FOR **RS. 290,000/-**.

1. پی پی آر اے ای-پیڈ سسٹم http://eprocure.gov.pk (مفت) پر دستیاب بولی دستاویزات میں طے شدہ شرائط کے مطابق بولیاں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ بولی دہندگان کو ای-پیڈ پی پی آر اے (فیڈرل) میں رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے تاکہ بولی کی دستاویز اور الیکٹرانک بولی جمع کرانے سمیت دیگر متعلقہ معلومات تک رسائی حاصل کی جا سکے۔
2. بولیاں پی پی آر اے ای پیڈ ویب پورٹل http://eprocure.gov.pk بولی بند ہونے کے وقت اور تاریخ سے قبل الیکٹرانک طور پر جمع کرائی جانی چاہئے۔ بولیوں کو ای پیڈ کے ذریعے الیکٹرانک طور پر اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل پتے پر ہارڈ فارمیٹ (سیل) میں جمع کرایا جانا چاہئے بصورت دیگر بولیوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔
3. بولیوں کو الیکٹرانک اور ہارڈ فارمیٹ میں، ایک بند لفافے میں، مناسب طریقے سے بھرا ہوا اور بولی دستاویز میں فراہم کردہ مخصوص فارمیٹ میں مطلوبہ معلومات کے ساتھ مقررہ شیڈول پر یا اس سے قبل نیچے بیان کردہ پتے پر منسلک کیا جانا چاہئے، بصورت دیگر بولی جمع کرانے پر غور نہیں کیا جائے گا۔ مہر بند بولیاں اسی دن مقررہ وقت پر کھولی جائیں گی۔
4. دفتر کی طرف سے تکنیکی تشخیص کے لئے، بولی دہندگان کو پیش کردہ اشیاء کی تشخیص کے لئے تکنیکی بروشر/وضاحت شیٹ پیش کرنا ضروری ہے، اور اشیاء کو بروشر/وضاحت شیٹ میں فراہم کردہ ہی ہونا چاہئے جب اشیاء آخری مرحلے میں فراہم کی جاری ہوں، بصورت دیگر طریقہ کار کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔
5. الیکٹرانک بولیوں کو ای پیڈ کے ذریعے (جمعرات 27 فروری 2025، 11:30 بجے) اور ہارڈ کاپی فارمیٹ میں (سنگل اسٹیج دو لفافہ طریقہ کار کے مطابق تکنیکی اور مالی بولیوں کے لئے علیحدہ مہر بند لفافے) آفیسر انچارج/اے پی ایم کوئٹہ بین الاقوامی ہوائی اڈے کے دفتر میں جمع کرایا جانا لازمی ہے۔ بولیاں جمعرات 27 فروری 2025 دن 12 بجے کھولی جائیں گی۔
6. نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان بولی کھولنے کی تاریخ/وقت سے قبل فوری طور پر پی اے اے کو مطلع کریں اور ایف بی آر کے فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (100% تعمیل) اور جی ایس ٹی/این ٹی این سرٹیفکیٹ کا ثبوت نیچے دیے گئے پتے پر اور tajkakar3@gmail.com پر جمع کرائیں۔
7. اصل بولی کی سیکورٹی تکنیکی تجویز (ہارڈ فارمیٹ سیل بند لفافہ) کے ساتھ منسلک ہونی چاہئے اور بولی سیکورٹی کی کاپی (پے آرڈر/بینکرز چیک) ای پیڈز آن لائن جمع کرانے کی تاریخ اور وقت سے قبل جمع ہونا چاہئے۔
8. معاہدے کی کارکردگی کے لئے وقت کی مدت: معاہدے کی تسلی بخش تکمیل اور وارنٹی مدت تک۔

پی اے اے ٹھوس وجوہات کی بنا پر کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول/مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جس سے درخواست پر بولی دہندگان کو آگاہ کیا جائے گا۔

9. یہ اشتہار پی اے اے کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk اور پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دستیاب ہے۔ اپنے سوالات کے لئے براہ مہربانی ای میل کریں (anum.naeem@caapakistan.com.pk)۔

انتباہ: بولی دہندگان کی جانب سے جمع کرائے گئے کوئی بھی مالی دستاویز اگر جعلی پائے گئے یا کسی بھی مرحلے پر غیر مجاز پائے گئے تو اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا اور قانون کے مطابق قانونی کارروائی کی جائے گی۔

چیف آپریٹنگ آفیسر/ایئرپورٹ منیجر
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ
فون: 081-9241003-4، فیکس: 081-9241002

PID-K-2404/24
www.paa.gov.pk

روزنامہ مشرق کوئٹہ
اسپورٹس

آئی سی سی پلیئرز رینکنگ، ٹی ٹونٹی ٹاپ ٹین میں پاکستانی کھلاڑی جگہ بنانے میں ناکام

انگلینڈ کے جو روٹ نمبرون ٹیسٹ بیٹر برقرار، اسٹیو اسمتھ تین درجے ترقی کے بعد پانچویں نمبر پر پہنچ گئے، مینڈس ایک درجہ ترقی کے ساتھ چھٹے نمبر پر آگئے

آسٹریلیا کے عثمان خواجہ 6 درجے ترقی کے بعد 11 ویں نمبر پر آگئے، محمد رضوان 16 ویں، بابر اعظم 19 ویں نمبر پر موجود، ٹیسٹ باؤلرز میں نعمان علی کی پانچویں پوزیشن

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ پلیئرز رینکنگ جاری کر دی، انگلینڈ کے جو روٹ نمبرون ٹیسٹ بیٹر برقرار ہیں جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ تین درجے ترقی کے بعد 5 ویں نمبر پر آگئے ہیں۔ سری لنکا کے کپتان مینڈس ایک درجے ترقی کے ساتھ چھٹے نمبر پر موجود ہیں جبکہ آسٹریلیا کے عثمان خواجہ 6 درجے ترقی کے بعد 11 ویں نمبر پر آگئے۔ پاکستان کے وائٹ بال ٹیم کے کپتان محمد رضوان 16 ویں اور بابر اعظم 19 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ اس کے علاوہ ٹیسٹ بولرز میں بھارت کے جسپریت بمرا کا پہلا نمبر برقرار ہے جبکہ ٹیسٹ بولرز میں پاکستان کے نعمان علی 5 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ آسٹریلیا کے نیتھن لیون دو درجے ترقی کے بعد چھٹے نمبر پر آگئے۔ ٹیسٹ آل راؤنڈرز میں رویندرا جڈیجا کا پہلا نمبر ہے جبکہ ٹی ٹوئنٹی بیٹرز میں آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ بھارت کے ابھیشیک شرما لمبی چھلانگ لگاتے ہوئے 38 درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے، ٹی ٹوئنٹی بیٹرز میں بابر اعظم ایک درجے تنزلی کے بعد 7 ویں نمبر پر چلے گئے۔ انگلینڈ کے عادل رشید ایک درجے تنزلی کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے جبکہ بھارت کے ورون چکرورتی تین درجے ترقی کے بعد تیسرے نمبر پر آگئے۔ بھارت کے روی بشنوئی چار درجے ترقی کے بعد چھٹے نمبر پر آگئے، ٹی ٹوئنٹی ٹاپ ٹین بولرز میں پاکستان کا کوئی کھلاڑی شامل نہیں، ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز میں بھارت کے ہاردیک پانڈیا پہلے نمبر پر موجود ہے۔

سلیکٹرز کو چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ پر نظرثانی کا مشورہ ملنے لگا

آئی سی سی کی جانب سے گیارہ فروری تک اسکواڈ میں تبدیلی کی اجازت ہے

لاہور (آن لائن) قومی سلیکٹرز کو چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ پر نظرثانی کا مشورہ دے دیا گیا، البتہ چیئرمین پی سی بی نے حتمی فیصلہ انہی پر چھوڑ دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی سلیکٹرز نے سب سے آخر میں چیمپئنز ٹرافی کے اسکواڈ کا اعلان کیا، اس میں فہیم اشرف اور خوشدل شاہ کی شمولیت پر میڈیا اور سابق کرکٹرز کی جانب سے شدید تنقید سامنے آئی، صرف ایک اسپیشلسٹ اسپنر اور اوپنر کے انتخاب پر بھی حیرت ظاہر کی گئی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ دنوں سلیکشن کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ از سر نو اعلان شدہ اسکواڈ کا جائزہ لیں، اگر کوئی غلطی ہوئی یا کمی رہ گئی تو اسے دور کر لیں، البتہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے اس حوالے سے حتمی فیصلہ سلیکٹرز پر ہی چھوڑ دیا ہے، وہ ان کے کام میں مداخلت نہیں کرنا چاہتے۔ بعض سابق کرکٹرز نے اسکواڈ میں چند کرکٹرز کی شمولیت کو سفارش اور سیاسی دباؤ کا نتیجہ قرار دیا تھا، بورڈ کی اعلیٰ شخصیات تک بھی یہ باتیں پہنچی ہیں، البتہ سلیکشن کمیٹی کا اصرار ہے کہ میرٹ پر کھلاڑیوں کا انتخاب کیا۔ واضح رہے کہ آئی سی سی کی جانب سے بغیر کوئی وجہ بتائے کسی ٹیم میں تبدیلی کی آخری تاریخ 11 فروری ہے، اس کے بعد صرف انجری وغیرہ کی صورت میں ہی ٹیکنیکل کمیٹی کی اجازت سے ردوبدل ممکن ہوگا۔

خضدار: اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے زیر اہتمام میر غوث بخش بزنجو اسٹیڈیم خضدار میں جاری کرکٹ ٹورنامنٹ ہو رہا ہے ان سیٹ میں محکمہ اسپورٹس کے آفیشلز میچ دیکھ رہے ہیں

سہ ملکی سیریز: نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کی لاہور آمد، سخت سکیورٹی میں ہوٹل پہنچا دیا گیا

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان سیریز کا آغاز 8 فروری کو قذافی اسٹیڈیم میں ہوگا

لاہور (آن لائن) پاکستان میں ہونے والی سہ ملکی کرکٹ سیریز میں شرکت کے لیے نیوزی لینڈ کی ٹیم آکلینڈ سے براستہ دبئی لاہور پہنچ گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، لاہور آمد پر نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کو سخت سکیورٹی میں ہوٹل پہنچایا گیا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم آج مکمل آرام کرے گی اور آج (جمعرات) سے پریکٹس سیشن کا آغاز کرے گی۔ سیریز شروع ہونے سے قبل پاکستان اور نیوزی لینڈ ٹیم کے کپتانوں کی پریس کانفرنس بھی رکھی گئی ہے۔ سہ ملکی سیریز میں شرکت کے لیے جنوبی افریقہ کی ٹیم جمعہ کو لاہور پہنچے گی اور اگلے روز پہلے ٹریننگ سیشن میں حصہ لے گی۔ واضح رہے کہ پاکستان میں ہونے والی سہ ملکی سیریز سنگل لیگ کی بنیاد پر 8 سے 14 فروری تک کھیلی جائے گی جس کے ابتدائی 2 میچز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں ہوں گے جبکہ آخری لیگ میچ اور فائنل کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں ہوگا۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان سیریز کا آغاز 8 فروری کو قذافی اسٹیڈیم میں ہوگا جبکہ دوسرا میچ 10 فروری کو نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے مابین ہوگا۔

محکمہ کھیل و امور نوجوانان جشن جھالاوان اسپورٹس فیسٹیول شروع ہو گیا

حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام

آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز کے چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہونے کا امکان

...انتظامات دیکھ رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ بلوچستان مینا بلوچ کے وژن کے تحت صوبے میں کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنا اور امن و خوشحالی لانے سے متعلق اقدامات کیے جا رہے ہیں اس سلسلے...

پی سی بی نے پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن کی رونمائی کر دی

نئے لوگو میں تمام فرنچائز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے، سلمان نصیر

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے لوگو کی رونمائی کر دی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن کا لوگو جاری کر دیا، ایونٹ کا 10 واں ایڈیشن 8 اپریل سے 19 مئی تک کھیلا جائے گا۔ پی ایس ایل کے سی ای او سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ دسویں ایڈیشن کی مناسبت سے لوگو ترتیب دیا گیا ہے۔

لاہور: چوتھی جونیئر پولو چیمپئن شپ کے تیسرے دن دین پولو اور سی آئی ٹی شپنگ کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر

آئی ایل ٹی 20 پلے آف مرحلے میں داخل ہو گیا

دبئی (آن لائن) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو گیا ہے جس میں ڈیزرٹ وائپرز، دبئی کیپیٹلز، ایم آئی ایمریٹس اور شارجہ واریئرز نے پلے آف میں اپنی جگہ حاصل کر لی ہے۔ کوالیفائر 1 میں ڈیزرٹ وائپرز اور دبئی کیپیٹلز آمنے سامنے ہوں گے جس کی فاتح ٹیم براہ راست فائنل میں پہنچے گی۔ ایم آئی ایمریٹس اور شارجہ واریئرز ایلیمینیٹر میں مدمقابل ہوں جس کے بعد فاتح کا مقابلہ کوالیفائر 1 کی ہارنے والی ٹیم سے ہوگا۔ جس کی فاتح ٹیم کوالیفائر 1 جیتنے والی ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔ اس ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 10 لاکھ ڈالر سے زائد کی انعامی رقم رکھی گئی ہے۔ ڈیزرٹ وائپرز سیزن کی بہترین ٹیم کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے۔ جس نے پلے آف کے آغاز میں ہی اپنی جگہ بنالی ہے جس میں لگاتار 4 فتوحات بھی شامل ہیں۔ موجودہ چیمپئن ایم آئی ایمریٹس پلے آف میں جگہ بنانے والی دوسری ٹیم تھی۔ ان کے سیزن میں گراوٹ آئی ہے اور 10 میچوں میں 5 فتوحات حاصل کی ہیں۔

تین ملکی سیریز کے بعد اسٹیڈیمز آئی سی سی کے حوالے کر دیے جائیں گے

نیا اپ گریڈڈ قذافی اسٹیڈیم 11 فروری کو آئی سی سی کے حوالے کر دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) 8 فروری سے شروع ہونے والے تین ملکی ون ڈے ٹورنامنٹ کے بعد پاکستان کے اسٹیڈیمز چیمپئنز ٹرافی کے لیے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے حوالے کر دیے جائیں گے۔ قذافی اسٹیڈیم نے 8 اور 10 فروری کو تین ملکی سیریز کے میچز کی میزبانی کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق نیا اپ گریڈڈ قذافی اسٹیڈیم 11 فروری کو آئی سی سی کے حوالے ہوگا، نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں 12 اور 14 فروری کو میچز ہونا ہیں، 15 فروری کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی آئی سی سی کے پاس چلا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اسٹیڈیمز کے چارج سنبھالنے کے بعد آئی سی سی اسٹیڈیم میں اپنے معاملات ختم کرے گی، آئی سی سی سے پی سی بی نے مزید مہلت دینے کی کوئی درخواست کی نہ آئی سی سی نے مہلت دی۔

نواں ایشیائی سرمائی اولمپک 7 فروری سے چین میں شروع ہوگا

مقابلوں میں 34 ممالک کے 1270 سے زائد کھلاڑی حصہ لیں گے

ہربن (آن لائن) چین میں نویں ایشیائی سرمائی اولمپک کے مقابلے 7 سے 14 فروری تک ہربن شہر میں منعقد ہوں گے۔ چین کے سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق، "سرمائی خواب، ایشیائی عوام میں محبت" کے موضوع کے تحت ہونے والا یہ ایونٹ 2022 بیجنگ سرمائی اولمپکس کے بعد چین میں منعقد ہونے والا اب سے بڑا بین الاقوامی سرمائی کھیلوں کا ایونٹ ہوگا۔ منتظمین نے تصدیق کی ہے کہ تمام 13 مقابلہ جاتی مقامات کو جدید سہولیات سے آراستہ کر دیا گیا ہے، اور ان میں ماحولیاتی استحکام، معیشت پر کم بوجھ ڈالنے اور کھیلوں کے بعد ان مقامات کے استعمال کو یقینی بنانے کے اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ یہ مقابلے 34 ایشیائی ممالک اور خطوں سے تعلق رکھنے والے 1,270 سے زائد کھلاڑیوں کی میزبانی کریں گے۔

راہول ڈریوڈ کی گاڑی کو حادثہ، جھگڑے کی ویڈیو وائرل ہو گئی

ممبئی (آن لائن) سابق بھارتی ہیڈ کوچ و کپتان راہول ڈریوڈ کی گاڑی کی آٹو رکشہ سے تصادم ہوا ہے، جس کے بعد کرکٹر آگ بگولہ ہو گئے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں راہول ڈریوڈ کو سڑک پر جھگڑا کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ڈریوڈ کی گاڑی کو حادثہ بنگلورو کے مصروف علاقے کننگھم روڈ پر پیش آیا۔ آٹو ڈرائیور نے مبینہ طور پر پیچھے سے گاڑی کو ٹکر ماری، جب وہ ٹریفک میں پھنسے ہوئے تھے تاہم یہ واضح نہیں ہو سکا کہ گاڑی خود سابق کرکٹر چلا رہے تھے یا نہیں

تنازعات طول پکڑ گیا پاکستان فٹبال فیڈریشن کے انتخابات ایک بار پھر التوا کا شکار

فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے پی ایف ایف کے آئین میں جزوی تبدیلی کا مطالبہ برقرار رکھتے ہوئے پاکستان فٹبال فیڈریشن کانگریس کا فیصلہ مسترد کر دیا

فیفا احکامات اور پی ایف ایف کانگریس کی مخالفت کے باعث معاملات جوں کے توں، حالیہ فیصلے کے بعد پھر سے پی ایف ایف انتخابات غیر یقینی صورتحال سے دوچار

لاہور (آئی این پی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے انتخابات کے انعقاد میں ایک بار پھر تاخیر کا امکان ہے، کیونکہ فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے پی ایف ایف کانگریس کا فیصلہ مسترد کر دیا ہے۔ اس فیصلے کے بعد انتخابات کا انعقاد غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق فیفا نے پی ایف ایف کے آئین میں جزوی تبدیلی کا مطالبہ برقرار رکھا ہے، اور جب تک فیفا کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ترمیم نہیں کی جاتی، انتخابات ممکن نہیں ہوں گے۔ پی ایف ایف کانگریس کی دو تہائی اکثریت نے فیفا کی تجویز کردہ ترامیم کو مسترد کر دیا تھا، جس کے بعد معاملہ مزید پیچیدہ ہو گیا ہے۔ اس پیش رفت کے بعد نارملائزیشن کمیٹی کے چیئرمین ہارون ملک کی مدت 15 فروری کو ختم ہو رہی ہے، اور وہ جلد ہی پی ایف ایف کانگریس کے ارکان سے ملاقات کریں گے تاکہ انتخابات کے مستقبل پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ فیفا نے گزشتہ سال پاکستان فٹبال فیڈریشن نارملائزیشن کمیٹی کی مدت میں توسیع کی تھی اور اس کمیٹی کو انتخابات کروانے کا ٹاسک دیا گیا تھا۔ تاہم، فیفا کے جاری کردہ احکامات اور پی ایف ایف کانگریس کی مخالفت کے باعث معاملات اب تک حل نہیں ہو سکے۔

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مشیر برائے کھیل و ثقافت مینا مجید بلوچ کے ہمراہ سابقہ انٹرنیشنل باکسر عبداللہ رند باکسر اور نگزیب اور شاہ زیب خان کا گروپ فوٹو

کوئٹہ: بلوچستان سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم کشمیر کی مناسبت سے کوئٹہ سے پشین جانے والی سائیکل ریس کو جماعت اسلامی کے ضلعی امیر عبدالحلیم رند، جمیل احمد مشوانی و دیگر روانہ کر رہے ہیں

قذافی اسٹیڈیم کی خندق پر نیٹ کا کام شروع، کام آخری مرحلے میں داخل

نیٹ کے بعد چھکا لگا تو بال خندق میں گرنے کی بجائے باہر پھسل جائے گی

لاہور (این این آئی) قذافی اسٹیڈیم میں خندق کا معاملہ حل ہو گیا، چھکا لگنے پر گیند اندر نہیں گرے گی۔ قذافی اسٹیڈیم کی خندق پر نیٹ لگنے کا کام شروع کر دیا گیا ہے، جس کے بعد چھکا لگنے پر گیند اندر کی طرف پھسل جائے گی۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے سلسلے میں لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں اپ گریڈیشن کا کام آخری مرحلے میں داخل ہو گیا، آج جمعرات تک تمام کام مکمل ہونے کے بعد اسٹیڈیم انتظامیہ کے حوالے کر دیا جائے گا۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں آج پہلی بار نئے قذافی اسٹیڈیم میں پریکٹس کریں گی، اسٹیڈیم میں پویلین اور گراؤنڈ کے درمیان خندق بھی بنائی گئی ہے، اس خندق کو بنانے کا مقصد یہ ہے کہ کھیل کے دوران کوئی فین گراؤنڈ میں داخل نہیں ہو سکے۔

راشد خان ٹی ٹوئنٹی میچز میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے باؤلر بن گئے

جوہانسبرگ (این این آئی) افغانستان کے اسپنر راشد خان ٹی ٹوئنٹی میچوں میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر بن گئے۔ جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی میچ میں راشد نے کیریئر کی 632 ویں وکٹ حاصل کی اور 631 وکٹیں حاصل کرنے والے ڈوائن براوو کو پیچھے چھوڑا۔ ڈیوائن براوو نے 546 اننگز میں 11183 گیندیں پھینک کر 631 وکٹیں لی تھیں۔ راشد نے 457 اننگز میں 10552 گیندیں کرا کر براوو سے زیادہ وکٹیں حاصل کی ہیں۔

سہ فریقی سیریز، چیمپئنز ٹرافی کیلئے مہم کا آغاز ہو گیا، عاقب جاوید

چیمپئنز ٹرافی کی خوبصورتی یہ ہے کہ اس میں کوئی کمزور ٹیم نہیں، عبوری ہیڈ کوچ

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید نے کہا ہے کہ ٹرائی نیشن سیریز اور چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہماری مہم کا آغاز ہو گیا۔ اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کے ہمراہ پی سی بی ڈیجیٹل پر بات چیت کرتے ہوئے عاقب جاوید کا کہنا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی سے قبل ٹرائی نیشن سیریز ہمارے لیے آئیڈیل موقع ہے۔ انہوں نے چیمپئنز ٹرافی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی کی خوبصورتی یہ ہے کہ اس میں کوئی کمزور ٹیم نہیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس آج سینٹر وکٹ کی سہولت دستیاب تھی جو عموماً نہیں ملتی اس لیے سینئر بوسینڈ میچ کھیلا۔ انہوں نے بتایا کہ میچ میں کھلاڑیوں کو ہر طرح سے تیاری کروائی جاتی ہے۔

پیٹ کمنز کے بعد آسٹریلوی ٹیم کو ایک اور جھٹکا، ہیزل ووڈ بھی زخمی ہو گئے

انجری کے باعث آسٹریلیا کے اہم کھلاڑی کی چیمپئنز ٹرافی میں شرکت مشکوک ہو گئی

سڈنی (آئی این پی) آسٹریلیا کو چیمپئنز ٹرافی سے قبل ایک اور جھٹکا، پیٹ کمنز کے بعد جوش ہیزل ووڈ کی بھی انجری کے سبب میگا ایونٹ میں شرکت مشکوک ہو گئی۔ آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز ٹرافی سے قبل انجری کا شکار ہو گئے، جس کے بعد اب آئی سی سی 2025 کے میگا ایونٹ میں شرکت مشکوک ہو گئی۔ اطلاعات کے مطابق اب دوسرے اہم آسٹریلوی فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ بھی انجری کا شکار ہو گئے، جس کی وجہ سے خدشہ ہے کہ وہ بھی ایونٹ میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

کشمیر کا مسئلہ حل کئے بغیر دنیا میں امن کا قیام ممکن نہیں ہو سکتا، میر سلیم کھوسہ

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے عزم کی تجدید کا دن ہے، کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی میں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے

کشمیر کی مکمل آزادی تکمیل پاکستان کا نامکمل ایجنڈا ہے اور اس کے لیے ہماری جدوجہد جاری رہے گی، صوبائی وزیر

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر آزاد کشمیر کے عزم کی تجدید کا دن ہے، ہم کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی میں کبھی تنہا نہیں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ہم اپنے کشمیری بھائیوں سے والہانہ محبت اور ان کے حق آزادی کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ 5 فروری کے دن آزاد کشمیر کی عوام نے پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اپنی گہری وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا 5 فروری اس عزم کا اعادہ کرنے کا دن ہے کہ ہم کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی میں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ہم دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ کشمیر جنوبی ایشیا کا ایک ایسا سلگتا ہوا مسئلہ ہے جسے حل کیے بغیر دنیا میں امن کا قیام ممکن نہیں۔ کشمیر کی مکمل آزادی تکمیل پاکستان کا نامکمل ایجنڈا ہے اور اس کے لیے ہماری جدوجہد جاری رہے گی، ہمارا یہ عزم ہے کہ کشمیر کی آزادی ہی پاکستان کی حقیقی تکمیل ہے اور ہم اس مقصد کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہیں گے۔ پاک فوج اور کشمیری عوام نے کشمیری آزادی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے اور ہم ان قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے جب تک کشمیر آزاد نہیں ہوگا، ہماری یہ جدوجہد جاری رہے گی یہ پیغامات اس عزم کی تجدید ہیں کہ پاکستانی عوام اور کشمیری بھائی یکجان ہیں اور آزادی کی اس جدوجہد میں کشمیریوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا

میونسپل کمیٹی آفس بھاگ سے 5 فروری کشمیر ڈے کی مناسبت سے ریلی

ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر بھاگ اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کریم بخش نے کی

بھاگ (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی آفس بھاگ سے 5 فروری کشمیر ڈے کی مناسبت سے ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر بھاگ نوید بلوچ اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی بھاگ کریم بخش بھٹی نے کی اس موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی بھاگ رئیس محمد عثمان ہاشمی تحصیلدار بھاگ سید اللہ یار شاہ ایڈیشنل ایس ایچ او غلام مصطفیٰ عباسی کونسلر ایڈووکیٹ محمد پناہ کلواڑ لیویز رسالدار حفیظ ابڑو فضل الرحمن جھمٹ سب انسپکٹر صوبہ خان ابڑی ہیڈ محرر سعید احمد ابڑو انچارج اسپیشل برانچ غلام حیدر بزدار محمد وارث گولہ حفیظ بلوچ حافظ زبیر احمد گویا و دیگر نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے "کشمیر بنے گا پاکستان" اور "ہم کشمیریوں کے ساتھ ہیں" کے فلک شگاف نعرے لگائے اور بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ہم کشمیر عوام کی آزادی اور حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہیں کشمیری بھائیوں کی قربانیاں تاریخ کے سنہری حروف میں لکھی جائیں گی پاکستان ہمیشہ کشمیر عوام کے ساتھ کھڑا تھا کھڑا ہے اور کھڑا رہے گا بھارت کشمیری عوام پر 78 سالوں سے مسلسل ظلم ڈھا رہا ہے اس دن کو منانے کا مقصد کشمیری عوام اور دنیا کو یقین دلاتا ہے

گنداواہ: ڈی سی جھل مگسی سید رحمت اللہ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے سے منایا گیا

مختلف پارٹیوں کیجانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلیاں نکالی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح ڈیرہ مراد جمالی میں بھی 5 فروری کے دن کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا گیا۔ مختلف پارٹیوں کیجانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلیاں نکالی گئی اسی طرح جماعت اسلامی نصیر آباد کیجانب سے امیر ضلع بشیر احمد ماندائی کی سربراہی میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے مرکز جماعت اسلامی نصیر آباد الہدیٰ پبلک سکول میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں جماعت اسلامی کے ارکان، کارکنان سمیت ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر امیر ضلع جماعت اسلامی نصیر آباد بشیر احمد ماندائی اور نائب امیر پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو و دیگر نے تقریب کے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 فروری ہمیں اس عزم کی یاد دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے کشمیری پر ڈھائے جانے والے ظلم و بربریت بھی برداشت نہیں کرینگے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور وہاں کے عوام و بھائیوں سے آزادی کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ بھارتی حکومت اور قابض فوج کی جانب سے کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے مظالم انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں، جنہیں عالمی برادری کو سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ کشمیر کے عوام نے قربانیوں کی ایک لازوال داستان رقم کی ہے، اور ان کی جدوجہد آزادی کو کسی صورت دبایا نہیں جا سکتا۔ آج کا دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ہر پلیٹ فارم پر ان کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے

نصیر آباد، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول جماعت دہم کے طلباء کے اعزاز میں تقریب

میر بلال صادق عمرانی کا طلباء، پی ٹی شو اور اسکاؤٹس کیلئے نقد ایک لاکھ روپے کا اعلان

نصیر آباد (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شہید سہیل اسلم ڈیرہ مراد جمالی میں جماعت دہم کے طلباء کیلئے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال صادق عمرانی جبکہ اعزازی مہمانان خصوصی میں عبدالحمید ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر آباد اور ایف سی بلوچستان 144 ونگ کے میجر سید بدر عباس شامل تھے۔ دیگر مہمانوں میں ظفر اللہ کٹی ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز اسپیشل ہائی سکول ڈیرہ مراد جمالی، ڈی ڈی او ای مقبول احمد عمرانی اے ڈی ای او محمد اسلم ابڑو، جی ٹی اے بلوچستان نصیر آباد کے ڈویژنل صدر آصف عظیم عمرانی جنرل سیکرٹری مشتاق خان سیال، تحسور احمد کورار پیپلز پارٹی کے سرگرم رکن کامریڈ محمد رحیم بلوچ سمیت دیگر تھے ہیڈ ماسٹر محمد عالم ڈوکی نے تمام معزز مہمانوں کا استقبال کیا اور ان کو خوش آمدید کہا جبکہ سکاؤٹس نے کلیپنگ اور سلامی کے ساتھ استقبال کیا جبکہ پی ٹی شو کے طلباء نے پی ٹی شو پیش کیا اور سلامی کے ساتھ ویلکم کیا۔ سکول کا سپاسنامہ پیش کیا اور مہمانوں کو سکول کی ضروریات سے آگاہ کیا طلباء نے تلاوت، نعت، ٹیبلو، خاکوں، تقاریر، مزاحیہ قوالی اور مزاحیہ تقاریر اور بلوچی رقص میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید نے ہیڈ ماسٹر، اساتذہ اور طلباء کی کارکردگی کو بے حد سراہا اور تعلیم کے میدان میں کامیابیاں سمیٹنے کیلئے تفصیلی روشنی ڈالی۔ ایف سی بلوچستان 144 ونگ کے میجر سید بدر عباس نے طلباء کو بنیادی تعلیم مکمل کرنے کے بعد مستقبل میں بہترین تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ملک و قوم کیلئے مختلف شعبوں میں مخلصی سے فرائض سرانجام دینے پر زور دیا۔

آج زہری میں احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا، جمعیت علماء اسلام

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام تحصیل زہری کا اجلاس زیر صدارت حاجی واحد بخش زہری نائب امیر جمعیت علماء اسلام تحصیل زہری میں منعقد ہوئی اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے ہوا اجلاس کا ایجنڈا زہری میں نادرا، بینک، اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی عدم بحالی جمعیت علماء اسلام تحصیل زہری مجلس عاملہ کا ایک باقاعدہ اجلاس ہوا جس میں تحصیل زہری کے بنیادی سہولیات کے مراکز جیسا کہ نادرا، یو بی ایل اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی عدم بحالی پر افسوس کا اظہار کیا گیا کئی دن گزرنے کے باوجود تا حال زہری کے عوام خصوصاً تاجر برادری کو انتہائی مشکلات درپیش ہیں جن کے حل کے لیے وعدے کئے گئے لیکن کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ جس کے لیے جمعیت علماء اسلام زہری اپنے عوام کے مشکلات کو مدنظر رکھ کر ایک کمیٹی بنائی گئی جو خضدار میں ڈپٹی کمشنر خضدار، یو بی ایل اور بسپ کے زمہ داران سے ملاقات کر کے مسئلے کے حل کے لئے کوششیں کریں گے بصورت دیگر عدم شنوائی کی صورت میں ضلعی جماعت کو اعتماد میں لے کر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کریں گے پہلے مرحلے میں 6 فروری بروز جمعرات زہری میں احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا اور اس کے بعد بھی مسئلے کے حل کی طرف کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے تو قومی شاہراہ کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کرنے کا آپشن موجود ہیں۔

کشمیری بھائیوں پر مظالم کیخلاف ہر محاذ پر آواز بلند کرتے رہیں گے، ڈی سی نصیر آباد

بھارت ایک دہشت گرد ملک ہے جو اپنی دہشت گردانہ کارروائیاں کر کے نہتے مظلوم کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ توڑ رہا ہے

بھارت اپنے ہی شہریوں پر حملے کروا کر دہشت گردی میں پاکستان کو بدنام کرنے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے، منیر احمد خان کاکڑ

نصیر آباد (خ ن۔ نامہ نگار) کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کی سربراہی میں فقید المثال ریلی نکالی گئی جس میں ضلعی افسران شہریوں، میونسپل کمیٹی کے کونسلران، سیاسی سماجی نمائندین لیڈی ہیلتھ ورکرز، طلبہ و طالبات سمیت کثیر تعداد میں دیگر افراد شریک تھے۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی ظلم و بربریت کے خلاف نعرے درج تھے علاقہ کشمیر بنے گا۔ پاکستان کے نعروں سے گونج اٹھا ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے نکالی گئی جو کہ پریس کلب اللہ ہو چوک میونسپل کمیٹی آفس اور اسسٹنٹ کمشنر آفس سے ہو کر واپس ڈی سی آفس پہنچی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ آج دنیا بھر میں یکجہتی کشمیر کا دن منایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں نصیر آباد میں بھی کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں افسران طلبہ و طالبات سیاسی و سماجی شخصیات سوشل ورکرز سمیت دیگر نے شرکت کر کے اپنے مظلوم بھائیوں کا ساتھ دیا ہے انہوں نے کہا کہ کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کر کے پوری قوم نے یہ ثبوت دیا ہے کہ وہ اپنے نہتے بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں ان پر کیے جانے والے مظالم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے بھارت ایک دہشت گرد ملک ہے جو اپنی دہشت گردانہ کارروائیاں کر کے نہتے مظلوم کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ توڑ رہا ہے اور یہ بھارت کا مکروہ چہرہ پوری دنیا آج دیکھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ بھارت وہ دہشت گرد ملک ہے جو اپنے ہی شہریوں پر حملے کروا کر دہشت گردی میں پاکستان کو بدنام کرنے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے اور پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کے ہر محاذ پر سیاسی سفارتی اور اخلاقی مدد کرتا رہے گا

پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، ظہیر احمد زہری

کشمیر جنت نظیر وادی کو بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا ہے، شرکاء سے خطاب

پشین (خ ن) یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں پورے پاکستان کی طرح ضلع پشین میں بھی ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر پشین ظہیر احمد زہری نے کی۔ ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے ہوا جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماء اور قبائلی قائدین سمیت تمام مکاتب فکر کے افراد شامل تھے، ریلی کے شرکاء نے پاکستانی اور کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے، مظاہرین نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگائے، جبکہ قبائلی و سیاسی رہنماؤں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکاء کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد زہری نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اور ہم پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے اقوام متحدہ سے بھارتی مظالم کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر جنت نظیر وادی ہے، جسے بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا ہے تاہم بھارت کی ان ظالمانہ کارروائیوں کی وجہ سے پورا خطہ عدم استحکام کا شکار ہو گیا ہے انہوں نے کشمیری عوام کے انسانی حقوق کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا جبکہ دیگر سیاسی رہنماؤں نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج پوری قوم یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے سے منا رہی ہے

دالبندین: کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے موقع پر اے ڈی سی نظام رحیم کی قیادت میں ریلی نکالی جا رہی ہے

5 فروری مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کا دن ہے، طور اوتمانخیل

لورالائی (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے کہا ہے کہ 5 فروری مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے یہ دن بھارت کے ظلم و استبداد اور ہٹ دھرمی کے خلاف کشمیریوں کی لازوال جدوجہد آزادی کی حمایت میں تجدید عہد کا دن ہے یہ صرف پاکستان اور آزاد کشمیر میں ہی نہیں بلکہ دنیا بھر میں جوش و جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے اور آزادی کے متوالوں مظلوم کشمیریوں کو یہ پیغام دیا جاتا ہے کہ بھارت کے تسلط سے کشمیر کو آزادی دلانے میں وہ تنہا نہیں ہم ان کے ساتھ ہیں رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے حالات کے تناظر میں اس سال یوم یکجہتی کشمیر کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ 5 اگست 2019 کو مودی سرکار نے جموں و کشمیر کی مقبوضہ وادی کو دنیا کی سب بڑی جیل میں بدل دیا ہے پانچ سال پانچ ماہ گزرنے کے باوجود 80 لاکھ سے زائد مسلمان آبادی تمام بنیادی سہولتوں انسانی حقوق سے محروم اور محاصرے کی کیفیت میں ہیں وادی کے عوام کی زندگی 9 لاکھ بھارتی فوج کے ہاتھوں اجیرن ہو چکی ہے

بارکھان میں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈی سی کی قیادت میں ریلی

طلباء، سول سوسائٹی، سرکاری افسران، علاقائی عمائدین کی بڑی تعداد میں شرکت

بارکھان (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع بارکھان میں بھی کشمیری عوام کی آزادی کے لئے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر بارکھان کی قیادت میں ڈی سی آفس سے ریلی نکالی گئی ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی واپس ڈی سی آفس میں اختتام پذیر ہوئی ریلی میں ڈی پی او بارکھان ارشاد گول اسکول کے طلباء، سول سوسائٹی کے نمائندوں، سرکاری افسران اور علاقائی عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے بلند کیے اور بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بارکھان وقار خورشید عالم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا دل اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے لیے دھڑکتا ہے کیونکہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے پاکستانی عوام ہر لمحہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے۔

خضدار میں کشمیر ڈے کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریلی

شرکاء کشمیر کے حق اور بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف نعرہ بازی کر رہے تھے

خضدار (خ ن) خضدار میں کشمیر ڈے کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایک ریلی یکجہتی کشمیر کے عنوان سے نکالی گئی جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کر رہے تھے۔ شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پاکستان و کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے شرکاء کشمیر کے حق میں اور بھارت کے غاصبانہ قبضہ و مظالم کے خلاف نعرہ بازی کر رہے تھے۔ ریلی کے شرکاء میں اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ ایس ایس پی خضدار جاوید احمد زہری اسسٹنٹ کمشنر زہری خالد احمد ڈی ای او خضدار عابد حسین بلوچ ڈی ایس پی خضدار محمد جان ساسولی اور انجمن تاجران خضدار کے نمائندے اقلیتی کمیونٹی کے افراد اور عام شہریوں نے شرکت کی۔ یکجہتی کشمیر ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ کشمیر کا پاکستان سے ابدی رشتہ ہے لیکن بھارت غاصبانہ قبضہ اور جارحیت کی بناء پر مظالم ڈھا رہا ہے اور کشمیریوں کی حق خودارادیت غصب کرنا چاہتا ہے جو کہ اقوام متحدہ کے اصول اور ضابطہ کے خلاف ہے۔

یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈی سی نوشکی کی قیادت ریلی نکالی گئی

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر ہمیں عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے، امجد حسین

نوشکی (نامہ نگار) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈی سی نوشکی امجد حسین سومرو کی قیادت میں ڈی سی آفس سے سردار اسد اللہ خان روڈ تک ریلی نکالی گئی قرآن خوانی اور دعا کی گئی اس موقع پر انہوں نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں عالمی برادری کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ ہم اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے کردار ادا کریں اور کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں مدد کریں۔ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کی جدوجہد آزادی میں ان کا ہر ممکن ساتھ دیتا رہے گا۔

جموں و کشمیر کا منصفانہ حل ہماری خارجہ پالیسی کا کلیدی ستون رہے گا، منصور علی شاہ

پاکستان کشمیریوں کی حق خودارادیت کے حصول تک حمایت جاری رکھے گا، شرکاء سے خطاب

سبی (خ ن) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی شیخ جہانزیب کے احکامات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی اصغر مگسی اور اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ کی قیادت میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن میں بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے شرکاء نے کشمیریوں پر بھارتی فوج کے مظالم کے خلاف نعرے بازی کی ریلی میں تمام محکموں کے افسران سمیت سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شریک تھے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے کہا کہ جموں و کشمیر کا منصفانہ حل ہماری خارجہ پالیسی کا کلیدی ستون رہے گا۔ پاکستان کشمیریوں کی حق خودارادیت کے حصول تک حمایت جاری رکھے گا خطے میں امن کا خواب اس وقت شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے جب کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کا حل نکالا جائے، کشمیر کا مسئلہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے اور مسئلہ کشمیر حل کئے بغیر خطے میں امن کی بحالی ناممکن عمل ہے

کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے، ڈی سی آفس میں پرچم کشائی، ریلی انعقاد

کونسلران، سیاسی سماجی نمائندین، طلبہ و طالبات سمیت کثیر تعداد میں لوگوں کی شرکت

لورالائی (خ ن) کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے ڈی سی آفس میں پرچم کشائی کی اور بعد میں ایک شاندار ریلی نکالی گئی جس میں ضلعی آفیسران شہریوں، میونسپل کمیٹی کے کونسلران، سیاسی سماجی نمائندین طلبہ و طالبات سمیت کثیر تعداد میں دیگر افراد شریک تھے۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی ظلم و بربریت کے خلاف نعرے درج تھے علاقہ کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے گونج اٹھا۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے نکالی گئی جو کہ شہر کے مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے باچا خان چوک میونسپل کمیٹی آفس اور اسسٹنٹ کمشنر آفس سے ہو کر واپس ڈی سی آفس پہنچی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے کہا کہ آج دنیا بھر میں یکجہتی کشمیر کا دن منایا جا رہا ہے

5 فروری بھارتی مظالم کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کا دن ہے، میر جواد زہری

پوری پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، اسسٹنٹ کمشنر کا خطاب

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ اور سول سوسائٹی گوادر کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈی آئی جی پولیس آفس سے سید ظہور شاہ ہاشمی چوک تک ایک شاندار ریلی نکالی گئی، جس میں مختلف سرکاری و نجی اسکولوں کے طلبہ، اساتذہ، وکلاء، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستان اور کشمیر کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند کیے اور کشمیری عوام سے یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گوادر میر جواد احمد زہری، سول سوسائٹی کے رہنما محمد جان بلوچ اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری نے اپنے خطاب میں کہا کہ 5 فروری کا دن کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی اور ان پر ہونے والے بھارتی مظالم کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ بنے گا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ عظیم الشان ریلی ہندوستان کے لیے ایک واضح پیغام ہے

بقیہ 1 — غزہ پر قبضہ

ملازمتیں دیں گے، شہریوں کو بسائیں گے۔ٹرمپ نے کہا کہ فلسطینیوں کے لیے منصوبے کے تحت اردن اور مصر کے رہنما جگہ فراہم کریں گے۔مشرق وسطی کے دیگر رہنماؤں سے بات ہوئی، انہیں فلسطینیوں کو غزہ سے منتقل کرنے کا آئیڈیا پسند آیا۔صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اپنے منصوبے کے بعد غزہ میں دنیا بھر کے لوگوں کو آباد ہوتے دیکھتا ہوں۔ میں اسرائیل، غزہ اور سعودیہ کا دورہ کروں گا، سعودی عرب بہت مددگار ثابت ہوگا۔ہمیں امید ہے کہ جنگ بندی برقرار رہے گی۔ بہت سے ممالک جلد ہی ابراہام معاہدے میں شامل ہوں گے۔ٹرمپ نے بتایا کہ نیتن یاہو کے ساتھ ملاقات میں ہم نے حماس کے خاتمے کو یقینی بنانے کے طریقے پر تبادلہ خیال کیا۔غزہ کو دوبارہ تعمیر کرنے اور اس پر قبضہ کرنے کا عمل انہی لوگوں کے ذریعے نہیں ہونا چاہیے۔امریکی صدر نے کہا کہ میں ایران کے ساتھ ڈیل کرنا پسند کروں گا۔ اگر ایران کے پاس جوہری ہتھیار ہیں تو یہ ان کی بدقسمتی کا باعث ہوگا۔اس موقع پر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا منصوبہ، جس کے تحت امریکا فلسطینی علاقے غزہ پٹی کا کنٹرول سنبھالے گا، تاریخ بدل سکتا ہے۔اسرائیلی وزیراعظم نے کہا کہ ٹرمپ غزہ کو مختلف مستقبل دیکھتے ہیں، یہ قابل توجہ ہے اور تاریخ بدل سکتا ہے۔اس کے علاوہ نیتن یاہو نے کہا کہ میں اور ڈونلڈ ٹرمپ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ایران کبھی ایٹمی ہتھیار تیار نہ کرے۔دوسری جانب فلسطینی شہریوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ پر قبضہ کرنے کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کچھ بھی ہو جائے، ہم کسی صورت غزہ چھوڑ کر کسی اور مقام پر منتقل نہیں ہوں گے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق زیادہ تر فلسطینیوں کی طرح غزہ کے جنوبی شہر رفح کے رہائشی حاتم عزام نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان پر سخت غم و غصے کا اظہار کیا جس میں انہوں نے کہا کہ غزہ کے رہائشیوں کو مصر یا اردن منتقل ہو جانا چاہیے۔ 34 سالہ شہری نے ٹرمپ کے گزشتہ ہفتے غزہ میں صفائی سے متعلق اپنے منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے استعمال کیے گئے الفاظ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ سمجھتے ہیں کہ غزہ کچرے کا ڈھیر ہے، ایسا بالکل نہیں ہے۔امریکی صدر کو فریب کا شکار کہتے ہوئے شہری نے کہا کہ ٹرمپ مصر اور اردن کو تارکین وطن لینے پر ایسے مجبور کرنا چاہتے ہیں گویا کہ یہ ملک ان کے ذاتی فارم ہیں۔مصر اور اردن دونوں نے ٹرمپ کے خیال کو سختی سے مسترد کر دیا ہے اور ان ممالک کے علاوہ غزہ اور دیگر ہمسایہ ممالک نے بھی اسے ماننے سے انکار کیا ہے۔ٹرمپ اور نیتن یاہو کو فلسطینی عوام اور غزہ کے لوگوں کے حوالے سے حقائق کو سمجھنا چاہیے، یہ وہ لوگ ہیں جن کی اپنی سرزمین میں گہری جڑیں ہیں، اہم کہیں نہیں جائیں گے۔ رفح کے ایک اور 30 سالہ رہائشی ایہاب احمد نے افسوس کا اظہار کیا کہ ٹرمپ اور نیتن یاہو "اب بھی فلسطینی عوام اور ان کے اپنی زمین سے انسیت کو نہیں سمجھتے، ہم اس سرزمین پر رہیں گے، چاہے کچھ بھی ہو، چاہے ہمیں خیموں اور سڑکوں پر ہی رہنا پڑے، ہم اپنی زمین سے جڑے رہیں گے۔ایہاب احمد نے بتایا کہ فلسطینیوں نے برطانیہ کے مینڈیٹ کے بعد 1948 کی جنگ سے سبق سیکھا جب اسرائیل کے قیام کے وقت لاکھوں فلسطینیوں کو گھروں سے محروم کیا گیا اور انہیں واپس جانے کی اجازت نہیں دی گئی، دنیا کو اس پیغام کو سمجھنا چاہیے کہ اس بار ہم اس طرح سے کہیں نہیں جائیں گے جیسا کہ 1948 میں ہوا تھا۔ادھر حماس کے سینئر رہنما سمیع ابو زہری نے ٹرمپ کی جانب سے غزہ کے باشندوں کو ملک چھوڑنے کے مطالبے کی مذمت کرتے ہوئے اسے افراتفری اور کشیدگی پیدا کرنے کا نسخہ قرار دے دیا۔

بقیہ 2 — آرمی چیف

کہ کشمیر کی خاطر تین جنگیں لڑی ہیں اور اگر 10 مزید بھی لڑنا پڑیں تو لڑیں گے، ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کی بنیاد پر اللہ کا گروہ ہی ہمیشہ غالب رہے گا۔ پاک فوج کے تعلقات عامہ کے ترجمان (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے دورہ مظفرآباد کے دوران کشمیری عمائدین اور ویٹرنز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر بنے گا پاکستان، کشمیر اور پاکستان کا رشتہ لازم و ملزوم ہے، کشمیر کل بھی اور آج بھی پاکستان کا حصہ تھا اور رہے گا، آزادی کی شمع، کشمیریوں کی ایک پیڑھی دوسری پیڑھی کے حوالے کرتی چلی آرہی ہے، انہوں نے کہا کہ اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہم ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں، اللہ تعالی نے کشمیر کی سر زمین کو قدرتی حسن اور وسائل سے نوازا ہے، آج، کل یا پرسوں یا تھوڑے عرصے تک مقبوضہ کشمیر میں زیادتی کر سکتے ہو مگر ہمیشہ کے لئے نہیں، کشمیر کا فیصلہ کشمیری عوام نے کرنا ہے، نہ کہ مقبوضہ کشمیر میں کسی غاصب فوج نے، کشمیر کی خاطر تین جنگیں لڑی ہیں، دس اور لڑنی پڑیں تو انشااللہ لڑیں گے، آرمی چیف کا کہنا تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے اس فرمان کو دہرایا کہ "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" اور کہا کہ شہ رگ کو جسم سے کاٹنے کا مطلب زندگی کا خاتمہ ہے، مسلمان کبھی دشمن کی تعداد یا ہتھیاروں سے مرعوب نہیں ہوتا، ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کی بنیاد پر اللہ کا گروہ ہی ہمیشہ غالب رہے گا، کشمیر میں انٹرنیٹ کی سہولیات کو بہتر بنائیں گے اور آئی ٹی سیکٹر میں یوتھ کے لیے روزگار پیدا کریں گے۔

بقیہ 3 — وزیراعظم

سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازع کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے، بھارتی فوج کی تعداد میں اضافے سے کشمیریوں کی آزادی کی تڑپ اور بڑھ رہی ہے، 5 اگست کی سوچ سے باہر نکلنا بھارت کے مفاد میں ہے، اسلحے کے انبار جمع کرنے سے خطے کے غریبوں کی زندگی نہیں بدلے گی، بنیان مرصوص اور ابھینندن ہماری عسکری صلاحیت کا زندہ ثبوت ہیں۔ بدھ کو مظفرآباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 24 کروڑ عوام کی جانب سے کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے حاضر ہوا ہوں، ہم ان عظیم شہدا کو سلام پیش کرنے آئے ہیں جنہوں نے گزشتہ 7 دہائیوں سے زائد عرصے سے اپنے لہو سے آزادی کی ناقابل فراموش داستان لکھی ہے۔انہوں نے کہا کہ برہان وانی شہید سے لے کر سید علی گیلانی تک، کشمیر کے بہادر بچوں اور بچیوں سے لے کر آسیہ اندرابی تک، بہادر اور بے خوف یاسین ملک سے لے کر میرواعظ عمر فاروق تک جدوجہد آزادی کشمیر کے ہر قائد، ہر رہنما، ہر کارکن، ہر شہری اور ہر کارکن کو ہم سلام پیش کرتے ہیں، اس جدوجہد میں ہم کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں جب تک کہ انہیں ان کا حق آزادی نہیں مل جاتا اور وہ سرخرو نہیں ہو جاتے۔وزیراعظم نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی ولولہ انگیز جدوجہد سے بھارت کے فوجی غرور کو شکست فاش دی ہے، بھارتی فوج نے ہر طرح کا ظلم و جبر ڈھایا اور وادی کشمیر کو بے گناہ کشمیریوں کے خون سے سرخ کر دیا مگر آج بھی کشمیریوں کا عزم آزادی مضبوطی سے ڈٹا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت اپنی لاکھوں کی فوج میں مزید اضافہ کرتا جا رہا ہے مگر کشمیریوں کی آزادی کی تڑپ اور بھی بڑھ رہی ہے، 5 فروری پکار پکار کر یاد دلا رہا ہے کہ 5 اگست سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، نہ کشمیری اسے مانتے ہیں، نہ سلامتی کونسل سمیت دنیا اسے مانتی ہے اور نہ پاکستان اور اس کے 24 کروڑ عوام اسے مانتے ہیں۔

بقیہ 4 — گورنر وزیراعلی

گورنر بلوچستان نے مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے مستقل موقف کا اعادہ کرتے ہوئے عوام کو اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کے حق کی وکالت کی۔انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بین الاقوامی توجہ مبذول کرنے اور کشمیریوں کے حق میں عالمی رائے عامہ کو متحرک کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ پاکستان نے مسلسل مختلف فورمز پر کشمیریوں کے جائز موقف کی حمایت کی ہے اور ان پر ہونے والے مظالم کو عالمی سطح پر اجاگر کیا ہے۔ یہ اخلاقی اور سفارتی حمایت اس وقت تک جاری رہیگی جب تک کشمیریوں کو انکا حق خودارادیت نہیں مل جاتا۔دوسری جانب۔وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر فورم پر ان کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں، جنہیں عالمی برادری کو سنجیدگی سے لینا ہوگا وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ کشمیری عوام سات دہائیوں سے قربانیاں دے رہے ہیں اور ان کی جدوجہد آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کی سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں اور بھارت کو انسانی حقوق کی پامالیوں سے روکا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے جائز حقوق کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 5 — اسماعیلی کمیونٹی

اسینی اسماعیلی کمیونٹی کے 49 ویں امام پرنس کریم آغا خان کے تین بیٹے رحیم آغا خان، علی محمد آغا خان اور حسین آغا خان ہیں جبکہ ایک بیٹی زہرا آغا خان مولانا شاہ کریم کی نماز جنازہ لزبن ہی میں ادا کیے جانے کا اعلان کیا گیا ہے تاہم تدفین کے مقام کا اعلان فی الحال نہیں کیا گیا صدر پاکستان وزیراعظم چیئرمین سینٹ اسپیکر قومی اسمبلی اور وفاقی وزرا کا وفات پر اظہار افسوس پرنس رحیم آغا خان کو اسماعیلی کمیونٹی کا نیا امام بنا دیا گیا پرنس رحیم آغا خان اسماعیلی کمیونٹی کے 50 ویں امام ہیں۔

بقیہ 6 — اقوام متحدہ

کے غزہ پر کنٹرول کے اعلان کو مسترد کر دیا ہے۔اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گوتیرس نے ٹرمپ کے غزہ منصوبے کو نسل کشی کے مترادف قرار دے دیا، سعودی عرب نے واضح کیا ہے کہ فلسطینی ریاست کے قیام کے بغیر اسرائیل کے ساتھ تعلقات قائم نہیں کیے جائیں گے جبکہ آسٹریلیا کے وزیراعظم انتونی البانیز نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ پر کنٹرول کے اعلان سے انہیں شدید دھچکا لگا۔نیویارک ٹائمز کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ایک صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کا غزہ کی آبادی کو منتقل کرنے اور فلسطینی علاقے کو ترقی دینے کا منصوبہ نسل کشی کے مترادف ہوگا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں اقوام متحدہ کے بیورو چیف، فاسیبی نے بتایا کہ گوتریس نے کہا کہ ٹرمپ کے منصوبے سے فلسطینی ریاست کو ہمیشہ کے لیے ناممکن بنانے کا خطرہ ہے۔ادھر سعودی وزارت خارجہ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ فلسطین سے متعلق مملکت کا موقف مضبوط اور غیر متزلزل ہے، اور اس کی کسی بھی حالت میں دوسری تشریح کی اجازت نہیں ہے۔سعودی وزارت خارجہ کے مطابق ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے بھی اس موقف کی کھلے اور دوٹوک انداز سے تصدیق کی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ سعودی عرب فلسطینیوں کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، اور فلسطینی ریاست کے قیام تک اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم نہیں کیے جائیں گے۔سعودی عرب نے امریکی صدر کے فلسطینیوں کی بے دخلی کے منصوبے کی مخالفت کرتے ہوئے ایسی کسی بھی کوشش کو مسترد کر دیا ہے اور اپنے موقف پر قائم رہنے کا اعادہ کیا ہے۔دوسری جانب آسٹریلیا کے وزیراعظم انتونی البانیز نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ پر کنٹرول کے اعلان سے انہیں شدید دھچکا لگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے غزہ کا کنٹرول سنبھالنے کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے آسٹریلوی وزیراعظم نے کہا کہ ہم مشرق وسطی میں دو ریاستی حل کی حمایت کرتے ہیں۔ انتونی البانیز کا کہنا تھا ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے غزہ پر کنٹرول کرنے کے اعلان سے انہیں دھچکا لگا۔ وریں اثنا، امریکی رکن کانگریس راشدہ طلیب نے بھی غزہ کے بارے میں ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔امریکی کانگریس میں ڈیموکریٹس کی نمائندگی کرنے والی واحد فلسطینی نژاد امریکی راشدہ طلیب کہا کہ یہ صدر نسل کشی کے ایک مجرم کے بغل میں بیٹھ کر کھلے عام نسل کشی کا مطالبہ کر رہا ہے۔

بقیہ 7 — صدر زرداری

مملکت آصف زرداری کی چینی صدر شی جن پنگ سے چین کے عظیم عوامی ایوان میں ملاقات ہوئی، ملاقات سے قبل صدر مملکت کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، چین کے عظیم عوامی ایوان میں آمد پر صدر شی جن پنگ نے صدر آصف زرداری کا پرتپاک استقبال کیا، مسلح افواج کے چاک و چوبند دستوں نے گارڈ آف آنر پیش کیا، اس موقع پر پاکستان اور چین کے قومی ترانے بجائے گئے جبکہ دونوں ممالک کے صدور نے اپنے ہمراہ وفد کے ارکان کا ایک دوسرے سے تعارف بھی کرایا، اعلامیے میں کہا گیا ملاقات میں دونوں صدور نے دوطرفہ تعلقات کی مثبت رفتار پر تبادلہ خیال کیا، صدر مملکت اور چینی ہم منصب کی ملاقات میں مشترکہ دلچسپی کے علاقائی و بین الاقوامی مسائل پر گفتگو ہوئی، دوطرفہ شراکت داری کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے مواقع پر بھی بات ہوئی، بنیادی دلچسپی کے امور پر ایک دوسرے کی حمایت کا اعادہ کیا گیا، صدر مملکت نے چین کے ساتھ سدا بہار تزویراتی تعاون کی شراکت داری کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا اور دونوں ممالک کے مابین منفرد، آزمودہ اور خصوصی تعلقات کو اجاگر کیا، آصف زرداری نے کہا چین کی مثالی ترقی اور خوشحالی چینی قیادت کے ویژن، چین کے عوام کی فعالیت کا مظہر ہے۔

بقیہ 8 — یوم کشمیر

صادق و دیگر نے کہا کہ بلوچستان کی عوام نے دنیا کو پیغام دیا ہے کہ وہ کشمیر کے ساتھ کھڑے ہیں ،بھارت 78 سالوں سے کشمیریوں پر ظلم اور زیادتیاں جاری رکھے ہوئے ہیں ،بدقسمتی سے انسانی حقوق کی تنظیمیں مسئلہ کشمیر پر خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں،پاکستانی اور بلوچستانی عوام کشمیر کے ساتھ ہیں اور آزادی کے حصول تک رہیں گے ۔بھارت کشمیر ظلم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں ،کشمیر کا ہر بچہ کشمیر کی آزادی کیلئے اپنا جنگ لڑ رہاہے ،کشمیر کے بہت سے نوجوان انڈیا کے مختلف جیلوں میں بند ہیں کشمیر کی جنگ آزادی میں باپ اور بیٹے شہید ہورہے ہیں اور آزادی کے اس جنگ میں آخر جیت کشمیری عوام کی ہوگی ۔یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈائریکٹریٹ آف یوتھ افیئرز بلوچستان کے زیراہتمام ایک خصوصی واک کا انعقاد کیا گیا، جس کی سربراہی صوبائی مشیر برائے کھیل، امورنوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کی۔

بقیہ 9 — غیر قانونی مقیم

حال 781 افغان شہریوں کو ڈی پورٹ کیا جاچکا، افغانوں کو طورخم بارڈر کے ذریعے ڈی پورٹ کیا گیا وہ افغان جن کو یورپی ممالک سپانسر کررہے ہیں انہیں نہیں نکالا جائے گا اور یورپی ممالک کو پاکستان میں مقیم افغانوں کا ویزا پراسیس تیز کرنے کا کہہ دیا گیا۔

بقیہ 10 — خواجہ آصف

نے پاکستان تحریک انصاف کے 8 فروری کے احتجاج اور 19 فروری کو لانگ مارچ کی کال پر ردعمل جاری کردیا۔

بقیہ 11 — شاہد خاقان

ملک میں از سر نو انتخابات کا مطالبہ دہرادیا۔سابق وزیراعظم نے مزید کہا کہ 26 ویں ترمیم ایک ادارے کی تباہی کا راستہ ہے، مولانا فضل الرحمان نے چھوٹی خرابی قبول کر کے ملک کو بڑی تباہی سے بچایا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کا اتفاق رائے ہے کہ یہ حکومت ملک کی نمائندہ حکومت نہیں، ملکی مسائل کا حل نئے الیکشن ہیں۔شاہد خاقان عباسی نے یہ بھی کہا کہ اپوزیشن کے درمیان ملاقات کا سلسلہ آگے بڑھایا جائیگا، کل بات ہوئی کہ ایک دوسرے کے معاملات پر تحفظات ضرور ہیں۔ گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز اپوزیشن کا پہلا اجلاس ہوا اور اس فورم سے ملکی مسائل کا حل دیں گے۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اجلاس میں 26 ویں ترمیم پر بات ہوئی ہے اور یہ ترمیم؟ میں اور عدلیہ پر وار ہے اس لیے اسے ختم کرنا ہوگا، ترمیم میں اب بھی خرابیاں ہیں لیکن ہم بڑی خرابی سے بچ گئے اور مولانا فضل الرحمان نے ہمیں بڑی خرابی سے بچا لیا۔شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی سے ملنا ضروری نہیں سمجھتا لیکن ملنے پر اعتراض نہیں ہے، نواز شریف سے بات چیت ممکن ہے، لیکن وہ حکومت کا حصہ ہیں۔

بقیہ 12 — لاہور ہائی کورٹ

4 ڈسٹرکٹ سیشن ججز اور 45 سینئر وکلا کے ناموں پر غور ہوگا، جوڈیشل کمیشن کو 10 ایڈیشنل ججز کیلئے 49 نامزدگیاں موصول ہوئیں،10 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے 4 ڈسٹرکٹ سیشن ججز اور 45 سینئر وکلاء کے ناموں پر غور ہوگا۔

بقیہ 13 — آگ لگنے

ماہی گیروں کا تعلق پشکان سے جبکہ ایک کا تعلق کراچی سے ہے۔پولیس حکام کے مطابق جاں بحق افراد کی لاشوں کو پشکان منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 14 — پاکستان اور قطر

شرکت کرنا تھی تاہم چین جانے کے باعث پاک قطر مذاکرات موخر کرنا پڑے، ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار قطر سے مذاکرات کی تیاریوں پر 2 اجلاسوں کی صدارت بھی کر چکے ہیں، دونوں ممالک مذاکرات کی نئی تاریخوں کیلئے رابطے میں ہیں۔

بقیہ 15 — وزیراعلی بلوچستان

انہوں نے ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا اور سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کیا وزیراعلی نے مرحوم کے اہل خانہ اور اسماعیلی برادری سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پرنس کریم آغا خان کی وفات سے دنیا ایک اہم شخصیت سے محروم ہوگئی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پرنس کریم آغا خان کی عوامی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 16 — وزارت خزانہ

تحت سرکاری قرضے میں مجموعی کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے حالانکہ قانون کی منظوری پارلیمنٹ نے دے رکھی ہے، ایک سال کے دوران قرض 8.34 ٹریلین روپے بڑھا اگرچہ حکومت مالیاتی عدم توازن کی وجہ سے عوامی قرضے میں کمی کے حوالے سے پارلیمنٹ سے کیے گئے

بقیہ 17 — سوراب

کار بھی ایکسیڈنٹ کے زد میں آ گئے جس کے نتیجے میں 4 افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ 5 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں بچے اور خواتین شامل ہیں جنہیں فوری طور پر سول ہسپتال سوراب منتقل کردیا گیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق اور زخمیوں کا تعلق ڈسٹرکٹ کوئٹہ سے ہے۔

بقیہ 18 — جنید اکبر

سے خطاب کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا ٹھیک کو ٹھیک اور غلط کو غلط کہہ سکتا ہوں، بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا جس دن درست بات نہ مانی تو صدارت چھوڑ دوں گا، چوروں کو پارٹی میں نہیں چھوڑوں گا، مانتا ہوں پارٹی میں متعدد گروپس ہیں

بقیہ 19 — ٹرانسپورٹرز

مسافر کوچ کو نذر آتش کردیا جبکہ انتظامیہ نے تاحال کوئی کارروائی نہیں کی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر شاہراہوں پر جلائی جانے والی بس کا معاوضہ دی اور اوائیگی کو یقینی بنائے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ژوب، ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ لورالائی ڈیرہ غازی خان روٹ پر چلنے مسافر گاڑیوں کو جگہ جگہ چیک پوسٹوں پر روک کر گھنٹوں گھنٹوں کھڑے کیا جاتا ہے جس سے مسافروں اور ڈرائیوروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے حکومت سے بار بار اپیل کے باوجود کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر بھتہ خوری، عدم تحفظ کے خلاف کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا جانے والی ٹرانسپورٹ کا احتجاج بند کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ بدھ کو دوسرے روز بھی پنجاب اور خیبر پختونخوا کو مسافر کوچ سروس معطل رہی انہوں نے بتایا کہ جب تک ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے ہم احتجاج اپنی بسیں نہیں چلائیں گے

بقیہ 20 — بلوچستان اسمبلی

الگ قرار داد پیش کریں گے۔اجلاس میں حق دو تحریک کے رکن مولانا ہدایت الرحمن گوادر میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔اجلاس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ صحت سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

بقیہ 21 — بیرسٹر گوہر

نے صحت کی مفت سہولیات کا بل قائمہ کمیٹی میں پیش کیا تھا اور ارکان نے الزام لگایا بیرسٹر گوہر نے پارٹی رکن کے بل کی مخالفت کی، ذرائع کے مطابق ڈاکٹر امجد نے پنجاب اور کے پی اسمبلی سے قرارداد پاس کرانے کی کوشش کی اور آصفہ بھٹو زرداری سمیت ن لیگ قیادت سے بھی بل پر رابطہ کیا تاہم امجد خان نے الزام عائد کیا میرا بل تیار ہوا لیکن پارٹی چیئرمین نے بل کے خلاف آواز بلند کی، بیرسٹر گوہر خان پر چنگیز خان کاکڑ نے بھی تحفظات کا اظہار کیا اور الزام لگایا میرا فیصل آباد میں ہائیکورٹ کا بل تھا اپنے ہی چیئرمین نے مخالفت کی، پارٹی کے رکن بل لاتے ہیں اور بیرسٹر گوہر مخالفت کر دیتے ہیں، خط میں بیرسٹر گوہر کے پارلیمانی رہنماؤں سے مشاورت نہ کرنے پر بانی پی ٹی آئی کو آگاہ کیا جائے گا

بقیہ 22 — بھارتی تارکین

205 لوگوں کے لیے صرف ایک ٹوائلٹ ہے۔ امریکا میں مقیم بھارتی غیر قانونی تارکین وطن کی تعداد تقریبا 7,25,000 ہے۔ بھارتی حکام نے ابھی تک اس بارے میں کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا ہے۔ قبل بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا تھا کہ بھارتی حکومت امریکا سمیت بیرون ملک مقیم غیر قانونی بھارتی شہریوں کی "قانونی واپسی کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 23 — بیرسٹر سیف

پی علی امین کا افغان قیادت کیلئے خصوصی خیر سگالی پیغام دیا، پاکستان افغانستان کے دوطرفہ تعاون پر مبنی تعلقات کے فروغ پر اتفاق کیا گیا

بقیہ 24 — پولیو ٹیم

پولیس نے اسلحہ قبضے میں لے لیا، بھارتی نفری نے علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 25 — تعلیم

صوبے میں تعلیم کے فروغ کے لیے انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن اینڈوومنٹ فنڈ (BEEF) کے تحت فروری 2024 سے اب تک 33,466 طلبہ کو 2.98 ارب روپے کی مالیت کے اسکالرشپس دیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 26 — نواز شریف

وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ مہنگائی میں کمی آنا معاشی بہتری کا اشارہ، ترقی کی طرف سفر کی رفتار کا بڑھنا خوشگوار تبدیلی کی آمد کی علامت ہے۔سابق وزیراعظم نواز شریف اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز سے گوجرانوالہ، نارووال، سیالکوٹ کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے ارکان پنجاب اسمبلی نے ملاقات کی

بقیہ 27 — فیک نیوز

ماشر کے خلاف فیک نیوز پھیلانے کی درخواست ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ کو موصول ہوئی جو لاہور سے تعلق رکھنے والے مسیحی خاتون کی جانب سے دی گئی۔ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ کو موصول ہونے والی درخواست کے متن میں کہا گیا مبینہ اغوا اور زیادتی کیخلاف مقدمہ لاہور کے تھانے فیصل ٹاؤن میں درج کیا گیا

بقیہ 28 — فضل الرحمن

کرتے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر حکومت اسٹیبلشمنٹ واضح موقف اپنائے اور قوم کے ضمیر کی ترجمانی کرے، فضل الرحمن نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی غزہ کے بارے میں ہرزہ سرائی پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو ملاقات کے دوران غزہ کے بارے میں ہرزہ سرائی پر امت مسلمہ سراپا احتجاج ہے، فلسطین پر فلسطینیوں کا حق ہے، فلسطینیوں کی جدوجہد اپنی آزادی کی جنگ ہے، اسرائیل صیہونی قبضے کا نام ہے، فلسطین پر اسرائیلی قبضے کو آج تک فلسطین نے تسلیم نہیں کیا، پوری امت مسلمہ فلسطینیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ٹرمپ کو بتانا چاہتا ہوں تم نے افغانستان پر بھی قبضہ کرنا چاہا اور 20 سال خون بہایا، افغانستان میں انسانی حقوق پامال کیے، جنگ مسلط کی لیکن شکست کا سامنا کیا، امیر جے یو آئی نے کہا 15 مہینے تک اسرائیل نے امریکی پشت پناہی میں عام انسانیت پر بم باری کی، غزہ اور خان یونس کو کھنڈرات بنا دیا گیا اب بھی ملبے میں ہزاروں لوگ دبے ہیں

بقیہ 29 — حافظ نعیم الرحمن

زمینی حقیقت تسلیم کیے بغیر دنیا کی سیاست آگے نہیں بڑھ سکتی، کشمیر سہ فریقی مسئلہ، پاکستان کی تقدیر اور تکمیل کا معاملہ ہے، جو کشمیر کا سودا کرے گا پاکستانی قوم نشان عبرت بنادے گی، کشمیر مارچ سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا چند سالوں سے کشمیر کاز کو کمزور کیا گیا، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر تحریک آزادی کشمیر کو از سر نو منظم کرنے کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ 30 — سویڈن

ہے، فائرنگ کرنے والا اکیلا تھا، مزید کسی حملے کا امکان نہیں۔ سویڈش پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کو فی الحال دہشت گردی کے طور پر نہیں دیکھ رہے

بقیہ 31 — بلاول بھٹو

پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے پرنس کریم آغا خان کی انسانیت کی فلاح و بہبود اور علمی و طبی اداروں کے قیام کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

بقیہ 32 — عرفان صدیقی

ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عرفان صدیقی نے کہا خط چارج شیٹ، ابھی تک کسی نے دیکھا نہ پڑھا، پتہ نہیں کس کبوتر کی چونچ میں ہے اور وہ کب کس منڈیر پر اترے گا،عمران خان نے آرمی چیف کے نام خط 2023 کے اوائل میں بھی لکھا تھا جو صدر عارف علوی کے ذریعے آرمی چیف کو بھیجا گیا لیکن رسید آئی نہ جواب۔فوج کے حوالے سے خط پڑھے پرسینئر سیاستدان جاوید ہاشمی کو طویل سزائے قید ہوئی تھی، لیگی رہنما نے کہا نام نہاد خط بانی تحریک کی شدید مایوسی و پریشانی کا ثبوت ہے، وہ کبھی ایک دروازے پر دستک دیتے ہیں کبھی دوسرے پر،کبھی مذاکرات شروع کرتے اور بغیر کوئی وجہ بتائے کسی اور راستے پر چل پڑتے ہیں، نہ جانے کون لوگ اور کہاں بیٹھے ہیں جو اس طرح کے خطوط لکھ کر اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں،عمران خان سوچے سمجھے بغیر اپنا خط قرار دے دیتے ہیں،عمران خان کو جان لینا چاہیے پاس صرف ایک ہی راستہ سنجیدہ مذاکرات کا راستہ ہے، بے مقصد خطوط نویسی سے پہلے کچھ ملا نہ اب ملے گا۔

بقیہ 33 — دفتر خارجہ

رہنماؤں اور حکومتی شخصیات نے شرکت کی۔ ریلی کے دوران شرکاء نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حق میں نعرے بلند کیے اور بھارتی مظالم کو اجاگر کرنے والے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ریلی سے خطاب کرتے ہوئے قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 34 — گورنر

کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو خود کمانے اور اپنی زندگیوں کو بہتر بنانے کیلئے درکار جدید سکلز اور ادارے چلانے کی انتظامی تربیت فراہم کرکے انہیں بااختیار بھی بنایا ہے BRSP، جرمن گورنمنٹ کی مالی معاونت سے بیوٹمز یونیورسٹی میں سینٹر آف ایکسیلینس کا قیام پر ہم پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جسکی افتتاحی تقریب بہت جلد گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقد کی جائیگی

بقیہ 35 — رینٹل سیلنگ

وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے رینٹل سیلنگ بڑھانے کی سمری وفاقی کابینہ کو ارسال کردی، رینٹل سیلنگ میں 60 سے 125 فیصد اضافے کی سفارش کی گئی ہے، ہاؤس رینٹل سیلنگ ملک کے 6 شہروں لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، کراچی، پشاور اور کوئٹہ کے لیے وفاقی ملازمین کے لیے رینٹل سیلنگ بڑھانے کی تجویز دی گئی۔

بقیہ 36 — اپر کرم

جاچکے، سرکاری ذرائع کے مطابق کرم میں بنکروں کی تعداد 250 سے زیادہ ہے جہاں اب تک 30 بنکر گرائے جاچکے۔

بقیہ 37 — بل گیٹس

قسمت سمجھتا ہوں۔69 سالہ بل گیٹس نے اپنی گرل فرینڈ پاولا ہرڈ سے تعلقات پر کہا کہ ہم دونوں ایک ساتھ بہت اچھا وقت گزار رہے ہیں۔بل گیٹس نے بتایا کہ ہم دونوں اولمپکس میں بھی جارہے ہیں اور وہاں بہت سے یادگار دن گزاریں گے۔

بقیہ 38 — چیف سیکرٹری

پر حادثات کی صورت بروقت رسائی اور اعلی معیار کی پری ہسپتال کی دیکھ بھال کو یقینی بنا کر حادثات اور دیگر ہنگامی حالات کے نتیجے میں ہونے والی اموات اور شدید زخمیوں کی تعداد کو کم کرنا ہے، روڈ ٹریفک حادثات کے زخمیوں کو فوری مدد فراہم کرکے اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے حادثات کے واقعات کو کم کرنے کے لیے کام کرکے سڑک کی حفاظت کو بہتر بنانا، پولیس، فائر ڈپارٹمنٹس، اور ہسپتالوں کے ساتھ باہمی تعاون کے ساتھ ایک موثر رابطہ کاری اور رابطہ قائم کرنا، تاکہ ایم ای آر سی بلوچستان کے ذریعے ایک جامع اور اچھی طرح سے مربوط ایمرجنسی ریسپانس سسٹم کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 39 — کشمیر

شہید اور 2 لاکھ سے زائد زخمی ہو چکے ہیں بھارتی فوج کی جانب سے کشمیری خواتین کی آبروریزی کے ہزاروں دل دوز واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ دنیا بھر میں 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منایا جاتا ہے اس سلسلے میں ملک بھر میں عام تعطیل کی جاتی ہے تمام سرکاری دفاتر بند ہوتے ہیں کشمیری شہداء سے یکجہتی کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جاتی ہے پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کا پرزور حامی ہے کشمیری بھارت کے جبری تسلط کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں پاکستان مظلوم کشمیریوں کے ساتھ دامے درمے سخنے کھڑا ہے پاکستان کشمیریوں کو ہر سطح پر اخلاقی، سیاسی اور سفارتی امداد فراہم کرتا رہے گا پاکستان کو اقوام متحدہ میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے سفارتی جدوجہد میں اضافہ کرنا ہوگا۔

بقیہ 40 — پاکستانی

سے پاکستان بھر، آزاد جموں و کشمیر اور دنیا بھر کے دارالحکومتوں میں جلسے، جلوس، ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ اسلام آباد میں شاہراہ دستور سے ریلی نکالی جائے گی۔ دس بجے سائرن بجائے گئے اور شہدائے کشمیر کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔کشمیریوں کی حالت زار کو اجاگر کرنے اور بھارتی مظالم کو بے نقاب کرنے کیلئے اہم راستوں، ہوائی اڈوں اور ریلوے اسٹیشنوں کے اطراف پوسٹرز اور بل بورڈز آویزاں کیے گئے۔ مظفرآباد میں آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا جو گزشتہ سات دہائیوں سے زائد عرصے سے وحشیانہ بھارتی مظالم برداشت کر رہے ہیں۔ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کو ملانے والے منگلا، کوہالہ، برار کوٹ، آزاد پتن وغیرہ میں انسانی زنجیر بنائی گئیں۔

بقیہ 41 — پولیو

کے اسسٹنٹ کمشنرز اور مجسٹریٹس نے پولیو کی ٹیموں کے ہمراہ رفیوزلز کے گھروں میں جا کر انہیں آمادہ کر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون نے سب ڈویژن سریاب میں 18 رفیوزلز، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف نے سب ڈویژن سٹی میں 7 رفیوزلز کے بچوں کو قطرے پلائے جبکہ اس دوران 3 افراد کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیا گیا۔ اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے سب ڈویژن صدر میں 21 رفیوزلز بچوں کو قطرے پلائے جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ سٹی احسام الدین کاکڑ نے 14 رفیوزل بچوں کو کور کر کے 2 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ٹیموں کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر تمام رفیوزلز کو کور کر کے رپورٹ پیش کریں۔

بقیہ 42 — کھربوں

ذرائع سے جڑے ہوئے نہیں جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر غلط بیانی (مس ڈکلیریشن) ہوتی ہے، ذرائع کے مطابق اطلاعات ہیں 5 برسوں کے دوران چائنا کے ساتھ تجارت میں ساڑھے 5 ہزار ارب روپے کا فرق سامنے آیا کیونکہ کارگو، ٹیکس فیس اور ڈیکلریشن میں ہیرا پھیری کیلئے ڈیجیٹل انٹیگریشن میں پائے جانیوالے خلا کا فائدہ اٹھایا جا رہا ہے، ساڑھے 5 ہزار ارب روپے کے اعداد و شمار کا تخمینہ جمع کردہ ڈیٹا سیمپلنگ کی بنیاد پر لگایا گیا ہے، بندرگاہوں کے پراسیسز کو ڈیجیٹلائز کرنے سے ٹیکسوں کی رقم کم ہو جاتی ہیں

بقیہ 43 — پشین

ہے 4 کو کوئٹہ ریفر کردیا گیا تھا جہاں گزشتہ روز ایک زخمی جاں بحق ہوگیا تھا جبکہ بدھ کو دوران حادثے کا ایک اور زخمی برشور باغ سے تعلق رکھنے والے 70 سالہ بخت اللہ بھی ہسپتال میں دم توڑ گئے اس طرح کیس بج دھماکے میں جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی ہے۔

بقیہ 44 — کشمیریوں

منانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ شیخ عبداللہ اور اندرا گاندھی کے درمیان ہونے والے معاہدے کے وقت 1975 میں وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے 28 فروری کو کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کا دن منانے کا اعلان کیا تاہم اس دن کو سرکاری طور پر 05 فروری کے روز منانے کا آغاز 2004 میں ہوا، انہوں نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد کشمیریوں کے منصفانہ جدوجہد، حق خودارادیت، سیاسی و سفارتی حمایت اور غیر متزلزل عزم کا اظہار ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ کشمیر کے عوام کو حق حاصل ہے کہ وہ استصواب رائے کے ذریعے جس کے ساتھ جانا چاہیں جا سکتے ہیں

بقیہ 45 — فلسطینیوں

ہوئے کہا کہ فلسطینیوں کو اپنی سرزمین سے بے دخل کرنا ٹرمپ پاگل پن کا شکار ہے ٹرمپ کا بیانیہ اسرائیلی قبضے اور جارحیت کو مزید طول دینے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ عالمی سازش کے تحت شیطانی طاقتوں کو جمع کرکے ناقابل تسلیم ریاست اسرائیل کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے فلسطینی عوام صیہونی مظالم کی چکی میں پس رہے ہیں۔ کئی عشروں سے اسرائیل کی جارحیت کا شکار فلسطینی آج بھی اسرائیل کی دہشت گردی کے ہاتھوں اپنی ہی سرزمین پر قیدیوں جیسی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران ٹرمپ کی بیان کے خلاف دوٹوک موقف اپنائے فلسطین کی حمایت صرف لفظوں سے نہیں

بقیہ 46 — پرنس کریم آغا

انتظامات کو حتمی شکل دیئے جانے پر کیا جائے گا، نماز جنازہ میں شاہ کریم کے اہل خانہ، جماعت کے سینئر لیڈر اور امامت انسٹی ٹیوشنز کے اداروں سے منسلک افراد شرکت کریں گے جبکہ جماعت کے اراکین سے درخواست کی گئی ہے مدعو نہ کیا جائے تو نماز جنازہ میں ذاتی حیثیت میں شرکت کی کوشش نہ کریں، پرنس کریم آغا خان کے انتقال کی خبر جاری ہوتے ہی دنیا بھر میں جماعت خانوں میں خصوصی دعائیں اور درود کی تسبیح شروع کردی گئی

بقیہ 47 — کشمیر

مسلمان بھائیوں کے لئے بھرپور کردار ادا کریں ۔بھارت کی ریاستی دہشت گردی بالکل عیاں ہیں

بقیہ 48 — وزیراعظم

شہباز شریف نے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی والدہ کے لیے گلدستہ بھی بھجوایا قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 49 — شہید اسد مینگل

کہ وہ اس دن کی مناسبت سے تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کریں شہدا کو اس دور میں لاپتہ کرکے شہید کیا گیا سول ڈکٹیٹرز نے بلوچ نسل کشی اور راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کے فرزند اور احمد شاہ بلوچ کو لاپتہ کر کے شہید کر کے بلوچستان میں ظلم و جبر کا نشانہ بنانے کا عمل شروع کیا گیا شہدا کا جذبہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے جنہوں نے اپنی مختصر زندگی میں بھی گروہی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر حق کا راستہ اختیار کرتے ہوئے قومی جدوجہد کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا بیان میں کہا گیا کہ جو قومیں اپنے شہداء کے افکار و سوچ پر عمل پیرا ہوتی ہیں یقینا وہ قومیں اپنی منزل تک پہنچ پاتی ہیں نصف صدی ہونے کو ہے کہ بلوچ قومی تحریک میں راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کے فرزند پہلے لاپتہ جن کو لاپتہ کر کے شہید کرنے کا مقصد یہی تھا کہ بلوچ قومی جدوجہد کا راستہ خوف و ہراس پھیلا کر روکا جائے۔

بقیہ 50 — سعودی عرب

ڈائریکٹریٹ آف فنانشل انویسٹی گیشن کو پاکستان کے فنانشل مانیٹرنگ یونٹ کے ساتھ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت اور متعلقہ جرائم سے متعلق تحقیقات کے تبادلے میں تعاون کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی منظوری دی گئی، اجلاس میں شامی عبوری صدر اور جرمن صدر کیساتھ سعودی ولی عہد کی ملاقاتوں، یورپی کونسل کے سربراہ کے ساتھ ٹیلی فون رابطے کا جائزہ لیا گیا، کابینہ اجلاس میں علاقائی اور عالمی صورت حال میں پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی اور غزہ پٹی میں فائر بندی کے معاہدے کو جاری رکھنے کیلئے بھرپور سپورٹ کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 51 — جماعت اسلامی

میں اذیتیں برداشت کر رہے ہیں۔ ایک طرف کشمیری تختہ دار پر بھی پاکستان سے محبت کا اعلان کرتے ہیں اور دوسری طرف پاکستان کے حکمران بھارت سے دوستی کی پینگیں بڑھانا چاہتے ہیں قوم کشمیر کا سودا کرنے والوں کا حساب مانگ رہی ہے جماعت اسلامی کشمیر فلسطین سمیت ہر مظلوم کیساتھ اور ہر ظلم و مظالم کے خلاف میدان عمل میں ہیں ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے امیر ضلع عبدالنعیم رند کی قیادت میں یکجہتی کشمیر کے موقع پر پریس کلب کے سامنے یکجہتی کشمیر ریلی سے جماعت اسلامی کے رہنماؤں عبدالنعیم رند، ڈاکٹر عطاء الرحمان، مولانا محمد عارف دمڑ، جمیل احمد مشوانی، محمد حلیم عماس و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کیا جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے پریس کلب کے سامنے جماعت اسلامی یوتھ کے نوجوانوں کی کوئٹہ سے پشین بازار سائیکل ریلی کو بھی رخصت کرتے ہوئے خطابات کیے۔

بقیہ 52 — ڈاکٹر رمضان ہزارہ

قرار دیتی ہے۔ فائرنگ کرنے والے ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ گزشتہ رات کوئیٹل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے گھر پر فائرنگ کی گئی۔فائرنگ کے وقت فیملی موجود تھی۔ اللہ کے کرم سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔بیان میں کہا گیا کہ سیاسی کارکن سمیت کوئی بھی محفوظ نہیں۔انتظامیہ کی کارکردگی کہیں نظر نہیں آتی۔ جو کہ افسوسناک ہے۔بیان میں کہا گیا کہ کیٹل پارٹی کو پارٹی رہنما پر حملے کے حوالے سے تشویش ہے۔اس حملے کے حوالے سے انتظامیہ و پولیس کی کسی قسم کی کوتاہی قابل قبول نہیں۔حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پر ملزمان کی گرفتاری و محرکات کو سامنے لانے میں اپنا جامع کردار ادا کریں۔

بقیہ 53 — کشمیریوں

کا حل ناگزیر ہے، کشمیریوں کی بے شمار قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائیں گی، بھارتی قبضے کیخلاف جدوجہد اپنی منزل حاصل کرے گی۔

بقیہ 54 — فلسطین

نے کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے مظالم کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ افغانستان، عراق، شام، لیبیا اور اب فلسطین، ہر جگہ مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی۔ غزہ میں آج بھی معصوم بچوں، خواتین اور بوڑھوں پر بم برسائے جا رہے ہیں، انہیں پانی، خوراک اور دوا تک سے محروم کیا جارہا ہے۔ یہ سب کچھ امریکی سرپرستی میں ہو رہا ہے۔ مگر یاد رکھو! تاریخ گواہ ہے کہ ظلم کا انجام ہمیشہ برا ہوتا ہے۔ امریکہ اپنے زوال کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے، اور ٹرمپ جیسے اسلام دشمن اس کے زوال کی آخری علامت ہیں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے حکمرانوں کو واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ملک کے کروڑوں مسلمان امریکہ کے اس ظالمانہ بیان پر بھرپور اور موثر ردعمل دیکھنا چاہتے ہیں۔ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ امریکہ کے خلاف سخت سفارتی اقدامات کرے اور دنیا کو واضح پیغام دے کہ پاکستان فلسطین کے عوام کے ساتھ کھڑا ہے

بقیہ 55 — علی امین گنڈاپور

ہوئے کہا 8 فروری کو صوابی انٹرچینج کے قریب خیبر پختونخوا کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا، پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں عہدوں کی تبدیلی کے بعد گزشتہ روز ہونے والی ملاقات میں صوبائی وزیر فضل حکیم بھی موجود تھے۔

بقیہ 56 — بھارت

ہے۔ بھارت کو افغانستان میں پاؤں رکھنے کی جگہ کیا ملی کہ اس نے اس ملک کو پاکستان کے خلاف سازشوں کا اڈہ بنا دیا اور بلوچستان سے وزیرستان تک ایک منظم دہشت گردی کی لہر اٹھا دی۔ جبکہ پاکستانیوں اور افواج پاکستان نے جرات اور بامردی کے ساتھ اس دہشت گردی کا مقابلہ کیا اور کر رہے ہیں وگرنہ بھارت نے ایک اور "سقوط ڈھاکہ" کرنے میں کوئی کسر نہیں رکھ چھوڑی تھی۔ کشمیری مسلمان بھارت کی طاقت اور دبدبے کو پاؤں کی ٹھوکر پر رکھ کر برسرمیدان کھڑے ہیں۔ وہ بھارت کا ہر ظلم و جبر برداشت کر رہے ہیں مگر ان کے پائے استقامت میں لغزش نہیں آئی۔ ایک نسل کے بالوں میں میدان کارزار اور میدان عمل میں ہی چاندی اترتی ہے تو ایک اور تازہ دم نسل میدان میں نکل آتی ہے جس کے لبوں پر آزادی کے گیت ہوتے ہیں اور دلوں میں آزادی کی لگن۔ اس وقت بھی بھارت کی ساڑھے آٹھ لاکھ فوج مرکزی قوانین کا سہارا اور اسرائیل جیسے اتحادیوں کی مدد سے کشمیری نوجوانوں کی مزاحمت کو کچلنے میں مصروف ہے مگر آفرین ہے اس بہادر قوم پر جو سنگینوں کے سائے تلے بھی آزادی کا نعرہ بلند کر رہی ہے

بقیہ 57 — بی این پی

عمل ہے بی این پی نے زرعی ٹیوب ویلز کو سولرائزیشن میں تبدیل کرنے کیلئے بھرپور آواز بلند کی ٹیوب ویل کی شمسی پر منتقلی کا عمل سست روی کا شکار ہے جو قابل تشویش ہے آئے روز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، بھاری بھرکم بلز، زرعی اجناس کی قیمتوں میں اضافہ سے زمیندار فاقہ کشی تک پہنچ چکے ہیں زرعی ٹیکس آئی ایم ایف کے کہنے پر زمینداروں کو مسائل کو نظرانداز کرکے لگایا گیا ہے حکومت کو عوامی مسائل کو کوئی سروکار نہیں انہیں صرف اقتدار سے کام ہے جب تک معاملات کو بہتر گرانا جارہا ہے بی این پی قیادت نے زمینداروں کی ہمیشہ سیاسی و اخلاقی حمایت کی ہے اور ان کے حقوق کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ رہے ہیں اور رہیں گے فوری طور پر سولرائزیشن پر ٹیوب ویلز کو منتقل کیا جائے زرعی ٹیکس کے خاتمے کے ساتھ ساتھ بارڈر کھولنے کیلئے اقدامات کئے جائیں بیان میں کہا گیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے آئے روز شہریوں کے معاشی استحصال، قبضہ گیری سمیت دیگر اقدامات قابل مذمت ہیں

بقیہ 58 — جعلی دستاویزات

پہنچا تھا، ملزم کی جانب سے پیش کیا جانے والا پاسپورٹ جعلی نکلا تھا، ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم 2 سال قبل غیر قانونی سمندر کے راستے یورپ گیا تھا۔

بقیہ 59 — بددیانتی سیاست

سے صوبے کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے کیلئے "امام" کے پلیٹ فارم کو دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ ہوا اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ صوبائی مجلس عمومی کا آئندہ اجلاس عید کے بعد منعقد ہوگا، اجلاس میں رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی خصوصی شرکت اور خطاب فرمائیں گے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ 16 فروری کو صبح ضلع قلعہ سیف اللہ، اسی دن شام کو ضلع لورالائی 17 کو ضلع موسی خیل اور 18 فروری کو ضلع ژوب کا تنظیمی دورہ کیا جائے گا اجلاس میں قرار دیا گیا کہ اسلام اور دین کی خدمت کے نام پر وجود میں آنے والی جماعت کی موجودہ صورتحال نے رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی کے اس موقف پر مہر تصدیق ثبت کر دیا ہے کہ دین کے عنوان سے کی جانے والی سیاست میں جب خوف خدا، فکر آخرت، اخلاص اور دیانت کے بجائے مال اور منصب کی ہوس، خیانت اور بددیانتی سرایت کر جائے

بقیہ 60 — انسانی سمگلروں

5 ملزموں کو 90 لاکھ روپے دیئے تھے، ملزموں نے سہیل، ارسلان اور خرم کو بیرون ملک لیجا کر مزید رقم طلب کی اور انسانی سمگلروں نے نوجوانوں کو اغوا کاروں کو فروخت کردیا، اغوا کاروں نے نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا اور ویڈیو بنا کر گھر والوں کو بھیج دیں، مقدمے میں مزید بتایا گیا اغوا کاروں نے نوجوانوں کی رہائی کے لیے 2 کروڑ 80 لاکھ روپے مانگے، متاثرہ نوجوانوں کے اہل خانہ نے حکومت سے اپنے پیاروں کو بازیاب کرانے کی اپیل کردی۔

بقیہ 61 — ڈاکٹر رمضان ہزارہ

کرنا، ان کے گھروں پر فائرنگ کرنا اور خوف و ہراس کی فضا پیدا کرنا نہ صرف غیر جمہوری بلکہ بزدلانہ حرکتیں ہیں اور اس کا مقصد عوامی حقوق کے لیے آواز اٹھانے والوں کو خاموش کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر رمضان ہزارہ ایک نڈر، اصول پسند اور عوام دوست سیاسی و سماجی رہنما ہیں، جو ہمیشہ بلوچستان کے محکوم اور مظلوم عوام کے حقوق کے لیے صف اول میں رہے ہیں۔ ان کے خلاف اس طرح کی گھناؤنی کارروائیاں ثابت کرتی ہیں کہ جمہوری آوازوں کو دبانے کے لیے ایک منظم سازش کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی مخدوش صورتحال حکومتی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔انہوں نے حکومتی اداروں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ ادارے اپنی ذمہ داری ادا کرتے اور سیاسی کارکنوں کے تحفظ کو یقینی بناتے، تو آج اس طرح کے واقعات رونما نہ ہوتے، ڈاکٹر رمضان ہزارہ ایک نڈر، اصول پسند اور عوام دوست سیاسی و سماجی رہنما ہیں، جو ہمیشہ بلوچستان کے محکوم اور مظلوم عوام کے حقوق کے لیے صف اول میں رہے ہیں

بقیہ 62 — امریکی خاتون

ہے، مریضہ کا امریکہ میں بھی نفسیاتی علاج جاری تھا، 6 ماہ سے انہوں نے ادویات لینا چھوڑ دی تھیں جس کے باعث بائی پولر ڈس آرڈر کی علامات دوبارہ ظاہر ہوئیں، خاتون کی مجموعی صحت کا جائزہ لینے کیلئے خصوصی میڈیکل بورڈ تشکیل دیدیا، خاتون میں خون کی کمی پائی گئی، انتقال خون کیا گیا، سی ٹی سکین، ایم آر آئی اور الٹراساؤنڈ نارمل آیا۔

بقیہ 63 — راکھی ساونت

سے شادی کیلئے مشروط آمادگی ظاہر کرتے ہوئے کہا تھا اگر ان کی والدہ اجازت دیں گی تو وہ رشتے کیلئے تیار ہیں کیونکہ والدہ کی اجازت لینا ضروری ہے۔

بقیہ 64 — کشمیر

کے دن آزاد کشمیر کی عوام نے پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اپنی گہری وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا 5 فروری اس عزم کا اعادہ کرنے کا دن ہے کہ ہم کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی میں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ہم دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ کشمیر جنوبی ایشیا کا ایک ایسا سلگتا ہوا مسئلہ ہے جسے حل کیے بغیر دنیا میں امن کا قیام ممکن نہیں۔ کشمیر کی مکمل آزادی تکمیل پاکستان کا نامکمل ایجنڈا ہے اور اس کے لیے ہماری جدوجہد جاری رہے گی، ہمارا یہ عزم ہے کہ کشمیر کی آزادی ہی پاکستان کی حقیقی تکمیل ہے اور ہم اس مقصد کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہیں گے۔ پاک فوج اور کشمیری عوام نے کشمیر کی آزادی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے اور ہم ان قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے جب تک کشمیر آزاد نہیں ہوگا، ہماری یہ جدوجہد جاری رہے گی یہ پیغامات اس عزم کی تجدید ہیں کہ پاکستانی عوام اور کشمیری بھائی یکجان ہیں اور آزادی کی اس جدوجہد میں کشمیریوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

بقیہ 65 — علی وزیر

تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوارڈینیٹر نور باچا، ملک مجید کاکڑ، سید زبیر شاہ آغا اور باچا خان وزیر، این ڈی ایم کے صوبائی جنرل سیکرٹری اسمٰعیل خان ناصر اور صورت خان کاکڑ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پشتون قومی سیاسی تحریک اور پشتون تحفظ موومنٹ کے اہم رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی تمام مقدمات میں ضمانت کے باوجود مسلط شدہ صوبائی حکومت کی جانب سے حب میں بدنام زمانہ تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ علی وزیر کو فی الفور رہا کیا جائے اور علی وزیر کی عدم رہائی اور اسی طرح چمن میں گزشتہ ڈیڑھ سال سے جاری پرلت کے مطالبات تسلیم نہ کرنے اور صوبے کے اہم قومی شاہراہوں پر بدامنی، دہشتگردی، بھتہ خوری کی المناک صورتحال اور گزشتہ روز ضلع پشین خانوزئی کے لیویز اہلکاروں کے ہاتھوں ڈیرہ اسماعیل خان میں شہادت کے المناک واقعے، ٹرانسپورٹروں کو تحفظ فراہم کرنے اور معصوم بچے مصور خان کی تین ماہ بعد بھی تاحال عدم بازیابی اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی رہائی کیلئے احتجاجی تحریک کا اعلان کیا گیا۔

بقیہ 66 — پی ٹی آئی

میں نے پہلے کہا ہمیں کوئی اسٹوڈنس ہیں یہ بالکل لکھیں اور 100 دفعہ خط لکھیں لیکن خط کس کو لکھ رہے ہیں؟

بقیہ 67 — غیر منتخب

مظاہروں اور جلسوں میں بھرپور انداز میں حصہ لے کر موجودہ نام نہاد غیر جمہوری حکومت کے غیر آئینی، غیر قانونی اقدامات کے خلاف آواز بلند کرنا ملک کے جمہوری عوام کے فرائض میں شامل ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال 8 فروری کو فراڈ انتخابات میں عوام کے رائے دہی پر ڈاکہ ڈالا گیا اور حقیقی سیاسی جمہوری پارٹیوں کے مینڈیٹ کو چوری کرکے ملک پر ایک منظم منصوبہ بندی کے ذریعے غیر جمہوری اور مقتدر قوتوں نے فارم 47 کے ذریعے غیر منتخب نمائندوں کو مسلط کرکے ملک کو شدید سیاسی، آئینی، معاشی و سماجی بحرانوں جبکہ عالمی طور پر ملک کو تنہائی سے دوچار کیا۔ ملک کو موجودہ بحران اور گھمبیر بحرانوں سے نکالنے کے لیے واحد راستہ ملک میں موجودہ غیر جمہوری، غیر آئینی اور غیر قانونی حکومتوں کا خاتمہ اور ایک آزاد و خودمختار صحیح الیکشن کمیشن کے ذریعے صاف شفاف انتخابات کا فوری انعقاد ہے تاکہ ایک نمائندہ عوامی جمہوری حکومت قائم کرکے موجودہ غیر یقینی کی صورتحال کا خاتمہ کیا جاسکے۔ اور پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنا کر داخلہ و خارجہ پالیسیوں کا محور بنانا ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے ملک کے انصاف کے اداروں کی اہمیت اور افادیت کو ختم کرکے حکومت من پسند اقدامات اور نتائج کے حصول کی روش پر گامزن ہے، 26 ویں آئینی ترمیم جیسے اقدامات نے موجودہ بحران کو مزید شدت سے دوچار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور دیگر سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لیے عوام اپنی جدوجہد کو تیز کریں

بقیہ 68 — ملک

لیویز فورس کے نائب رسالدار نور احمد خان، سپاہیوں داؤد خان، بلال احمد اور رشید زمان کے ایصال ثواب کے لیے علیحدہ علیحدہ فاتحہ خوانی کیں۔ اس موقع پر عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے خطاب میں درابن واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لیویز سپاہیوں اور تھانہ انچارج کو صوبے سے باہر کس نے کیونکر بھیجا یہ اب بھی سوالیہ نشان ہے؟ اور ان کے ساتھ پیش آنیوالا غیر انسانی دردناک واقعہ حکومتی غفلت کا واضح ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن میں دہشتگردی، بدامنی کے واقعات اور ایک منصوبے کے تحت پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند کیئے جا رہے ہیں، قدرت کی عطاء کردہ بے شمار خزانوں معدنی وسائل پر قبضہ کیا جا رہا ہے، پشتونوں کے بجلی، پانی، گیس اور تمام نایاب قیمتی جنگلات کو قبضہ کیا جا چکا ہے ملک کے تمام اقوام عوام کی تجارت جاری ہے جبکہ پشتونوں کی تجارت کو مختلف حیلوں وبہانوں سے پابندیاں عائد کرکے ختم کردیا گیا ہے اور تمام ملک میں پشتونوں کے سرومال کو تحفظ حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتونوں نے زمانے کے ہر غاصب کے خلاف اپنی سر کی قربانیوں سے اپنے مادر وطن کا دفاع کیا ہے اور اپنے وطن، عزت اور ننگ و ناموس کا دفاع ہمارے اکابرین سے ورثے میں ملی ہیں۔

بقیہ 69 — کشمیری

سے مظلوم کشمیریوں پر ظلم و ستم، غیر قانونی فوجی محاصرے، اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو دنیا کی مہذب اقوام مزید نظرانداز نہیں کر سکتیں۔انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ہمیشہ مظلوموں کے حق میں آواز بلند کرتی رہی ہے اور کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کو اسلامی اور انسانی فریضہ سمجھتی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلوانے میں کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر صرف خطے کا نہیں بلکہ عالمی امن کا مسئلہ ہے، جسے پرامن اور منصفانہ طریقے سے حل کیا جانا چاہیے۔ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر اپنی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے، اور ان کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔انہوں نے عالمی دنیا سے بھی اپیل کی کہ وہ کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی، اور اخلاقی حمایت مزید موثر انداز میں جاری رکھے۔ انہوں نے قوم سے درخواست کی کہ وہ کشمیری بھائیوں کے لیے دعا کریں اور ہر ممکن فورم پر ان کے حق میں آواز بلند کریں۔

بقیہ 70 — ملت

ہیں کہ قومی اکابرین اور تمام عظیم شہداء کے قومی ارمانوں کی تکمیل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے پشتونخوا نیپ پشتون قومی سیاسی تحریک کے رہنما اور صف اول کی نمائندہ پارٹی بن کر ابھر رہی ہے وہ پارٹی کے ضلع لورالائی کے ضلعی کمیٹی کے توسیعی اجلاس میں صدارتی خطاب کر رہے تھے جس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری سردار گل مرجان کبزئی، اللہ نور خان، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت جلالزئی اور ضلعی سیکرٹری مصطفی کمال نے بھی خطاب کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ ارمان لونی شہید سمیت تمام قومی اکابرین اور شہداء کی یاد اور قربانیوں کو ہمیشہ تازہ کرتے ہوئے ان کی تاریخی جدوجہد سے وطن کے ہر بچے کو باخبر کریں گے اور اپنے وطن کے غیور عوام کو یہ باور کراتے رہیں گے کہ ان عظیم شہداء نے اپنے محبوب وطن اور محبوب ملت کی خاطر اپنے سروں کی قربانیاں دے کر تاریخ میں امر ہوگیا اور ارمان لونی کو چھ سال پہلے اسی لورالائی شہر میں ایک حکومتی آفیسر کے ہاتھوں پرامن احتجاج کے دوران شہید ہوئے ارمان لونی نے پشتونخوا ایس او اور پشتونخوا نیپ کے پلیٹ فارم سے انتہائی کم عمری میں جدوجہد کا آغاز کرتے ہوئے شہادت کے مرتبے تک اپنی تحریک کے ساتھ منسلک رہے اور اس دوران انتہائی ولولہ انگیز اور انتہائی وطن دوستی، عوام دوستی پرمبنی اور انتہائی جرات کے ساتھ اپنے ملت کی آزادی کیلئے آواز بلند کیا۔انہوں نے کہا کہ پشتون افغان ملت کی کروڑوں کی آبادی اور ان کی سیاسی قومی تحریک وہ تاریخی صلاحیت رکھتی ہے کہ وہ ہمارے ملت کو درپیش اذیت ناک صورتحال سے نجات کیلئے منظم جدوجہد کرتے ہوئے قومی آزادی، قومی خودمختاری، متحدہ قومی صوبہ کے ہدف کو حاصل کرتے ہوئے ہمارے مظلوم عوام کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکے اور پشتون دشمن قوتوں کی اتنی طاقت نہیں کہ وہ غیور پشتون افغان عوام کا مقابلہ کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ انگریز کی سازشی جغرافیائی تقسیم اور قومی غلامی نے پشتون افغان ملت کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا اور پھر 45 سال سے سامراجی قوتوں کی غیر اعلان شدہ جنگ اور جعلی دہشتگردی نے ملت کو تباہی و بربادی سے دوچار کیا

بقیہ 71 — ایرانی تیل

عوام کی معاشی قتل کرنے کی مترادف ہے بلوچستان میں بسنے والے عوام نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے انہوں نے کہا کہ ایرانی تیل کی سپلائی بندش سے ڈیزل اور پٹرول کے کاروبار سے وابستہ ہزاروں افراد نان شبینہ کو محتاج ہوئے ہیں ان لوگوں کے ذریعہ معاش کا یہ ایک ہی ذریعہ ڈیزل اور پٹرول سپلائی کا ہے ایرانی ڈیزل اور پٹرول کی بندش کی وجہ سے نہ صرف کاروبار کرنے والے لوگ متاثر ہوئے ہیں بلکہ پٹرول اور ڈیزل کی قلت سے عوام مشکلات سے دوچار ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام غربت کی لکیر کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں یہاں روزگار ہے نہ ہی زراعت ہے اور نہ ہی کوئی صنعتی شعبہ موجود ہے بلوچستان کے لوگوں کے روزگار کا دارومدار منی پٹرول پمپ اور ایرانی تیل کی سپلائی بندش پر ہے

کھرل لوک کے تجارتی تضادات بندرگاہوں پر انڈر انوائسنگ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نہ ہونا بڑی وجوہات

5 برسوں کے دوران چائنا کے ساتھ پاکستان کی تجارت میں ساڑھے 5 ہزار ارب روپے کا فرق سامنے آنے کا انکشاف

خامیوں کی وجہ سے کارگو مینی فیسٹ، ڈیکلیریشنز اور ٹیکس اسسمنٹ کی ہیرا پھیریاں ہو رہی ہیں، ذرائع وزارت دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کی بندرگاہوں پر انڈر انوائسنگ اور ڈیجیٹل امپلیمنٹیشن کے خلا کی وجہ سے 5 برسوں کے دوران چائنا کے ساتھ پاکستان کی تجارت میں ساڑھے 5 ہزار ارب روپے کا فرق سامنے آنے کا انکشاف ہوا ہے، وزارت دفاع کے ذرائع نے میری ٹائم سیکٹر کی اصلاحات پر تاسک فورس رپورٹ کے نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ملکی پورٹس کے آپریشنز دیگر ممالک کے ساتھ ڈیجیٹل ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

خانوزئی، پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال دراہن واقعہ کے لیویز شہداء کی فاتحہ خوانی کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

کشمیریوں نے جہدوجہد آزادی کیلئے بے مثال قربانیاں دیں، صادق عمرانی

بھارت جموں وکشمیر کے لوگوں کو ڈرانے اور دبانے کی مذموم مہم چلا رہی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر و پیپلز پارٹی کے سینٹرل میٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ 05 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر دن کا مقصد مقتسم کشمیر کے سبھی حصوں میں بسنے والے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے یہ دن منانے کا سلسلہ گزشتہ کئی سالوں سے بلا انقطاع جاری ہے اور بلوچستان کے عوام بھی اپنے کشمیری بہن، بھائیوں کے ساتھ 05 فروری کو پورے عزم اور حوصلے کے ساتھ یکجہتی دن ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطینیوں کو اپنی سرزمین سے بے دخل کرنا ٹرمپ کا پاگل پن ہے، جمعیت نظریاتی

عالمی سازش کے تحت ناقابل تسلیم ریاست اسرائیل کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، مولانا قادر لونی

اسلامی کے حکمران ٹرمپ کی بیان کے خلاف دوٹوک موقف اپنائے فلسطین کی حمایت صرف لفظوں سے نہیں ہوسکتی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلی مولانا میاں محمد جمیل قادری مرکزی جنرل سکرٹری مفتی احمد علی ثانی مفتی شفیع الدین ڈاکٹر مولانا شمس الھدی مرکزی سکرٹری اطلاعات سید حاجی عبداللہ شاہ چشتی مالیات معاون قاری عبیداللہ حقانی نے ٹرمپ وزیراعظم بنجمن یاہو کے فلسطینیوں کی بے دخلی کے عندیہ اور غزہ پر قبضے کا بیان مضحکہ خیز قرار دیتے ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کینسر کے عالمی دن کی مناسبت سے ریلی کے شرکا ماڈاکٹر فیروزا چکزئی، ڈاکٹر خوش نصیب ودیگر آگاہی واک میں شریک ہیں

بھارت کیخلاف کشمیریوں کی جدوجہد نتیجہ خیز ثابت ہوگی، جھالاوان عوامی پینل

5 فروری کا دن کشمیر اور پاکستان کے باہمی تعلق کی علامت بن چکا ہے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 05 فروری کا دن کشمیر اور پاکستان کے دفاع اور سلیمت سے جڑا ہوا ایک مسئلہ ہے۔ یہ ہمسائے کے گھر میں لگی آگ نہیں بلکہ اپنے گھر کے دالان میں بھڑکنے والے شعلے ہیں۔ کشمیر کی وادیوں میں الجھا ہوا بھارت پاکستان کے وجود کو آج بھی کھلے دل سے تسلیم کرنے پر تیار نہیں۔ اسے جب بھی موقع ملتا ہے پاکستان کو زخم زخم کر گزرتا ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

زرعی ٹیکس کے نفاذ کی مذمت کرتے ہیں، بی این پی

بلوچستان کے غیور عوام، زمیندار معاشی تنگ دستی کا شکار ہیں

حکمرانوں کا بلوچستان کے تمام طبقہ فکر کے ساتھ ناروا سلوک جاری ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں زرعی ٹیکس کے نفاذ کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ بلوچستان کے تمام طبقہ فکر کے ساتھ ان کا ناروا سلوک جاری ہے بلوچستان کے غیور عوام، زمیندار معاشی تنگ دستی کا شکار ہیں لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے رہی سہی کسر زرعی ٹیکس کے نفاذ کے ساتھ پورا کیا جارہا ہے جو معاشی قتل کے مترادف ..... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب نے پاکستان کیساتھ منی لانڈرنگ تحقیقات کے تبادلے کی منظوری دیدی

منظوری ولی عہد شہزاد محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ اجلاس میں دی گئی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جائیں گے

علاقائی و عالمی صورت حال میں پیشرفت کا جائزہ، غزہ میں فائر بندی معاہدے کو جاری رکھنے کیلئے بھرپور سپورٹ کا اظہار

ریاض (بیورو رپورٹ) سعودی عرب نے پاکستان کے ساتھ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی تحقیقات کے تبادلے کی منظوری دے دی، سعودی میڈیا رپورٹ کے مطابق ولی عہد شہزاد محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کا اجلاس دارالحکومت ریاض میں ہوا، پاکستان کے فنانشل مانیٹرنگ یونٹ کے ساتھ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی تحقیقات کے تبادلے کی منظوری دی گئی، کابینہ نے سعودی ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، انجمن طلبا اسلام بلوچستان کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ تقریب سے سینیٹر کامران مرتضی ایڈووکیٹ خطاب کر رہے ہیں

کشمیریوں کے حق خودارادیت کا حصول ٹھہر چکا ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

کشمیریوں کی بے شمار قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائیں گی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ آج کا دن پوری دنیا کو یہ پیغام دیتا ہے کہ بھارت کشمیریوں کے حقوق غصب کئے ہوئے ہے کشمیریوں کو حق خودارادیت کا حصول ٹھہر چکا ہے، بھارت کو مذکرات کی کہانی پڑے گی، عالمی دنیا کو کشمیر کے مسئلے پر سنجیدگی سے سوچنا ہوگا، نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے لئے مسئلہ کشمیر ..... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطین پر امریکی قبضے کا اعلان ناقابل قبول اور کھلی جارحیت ہے، مولانا واسع

ٹرمپ کے اس زہریلے بیان کیخلاف پوری امت مسلمہ کو یکجا ہوکر مزاحمت کرنی ہوگی

امریکہ اور اسرائیل کے مظالم ڈھکے چھپے نہیں، ہر جگہ مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام، بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکہ کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیان نے ایک بار پھر اس کی اسلام دشمنی کو واضح کر دیا ہے۔ فلسطین پر امریکی قبضے کا اعلان اور غزہ کے معصوم شہریوں کو جلاوطن کرنے کی ناپاک سازش ناقابل قبول اور کھلی جارحیت ہے۔ ٹرمپ کے اس زہریلے بیان کے خلاف پوری امت مسلمہ کو یکجا ہوکر مزاحمت کرنی ہوگی انھوں ..... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کاسی قبائل کے معتبرین ملک عارف کاسی، ملک سمیع اللہ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے گھر پر حملہ بزدلانہ عمل ہے، رحمت صالح بلوچ

واقعے کا فوری نوٹس لے کر ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے، پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے گھر پر ہونے والی فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، شرمناک اور جمہوری اقدار پر براہ راست حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حملہ محض ایک فرد پر نہیں بلکہ آزادی اظہار، جمہوری سیاست اور عوامی حقوق کی جدوجہد پر کھلا وار ہے۔ سیاسی کارکنوں کو ہراساں ..... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

غیر منتخب نمائندوں نے عالمی طور پر ملک کو تنہائی سے دوچار کیا، سیاسی جماعتیں

ملک کو گھمبیر بحرانوں سے نکالنے کیلئے صاف شفاف انتخابات کا فوری انعقاد ہے

گزشتہ سال 8 فروری کو فراڈ انتخابات میں عوام کے رائے دہی پر ڈاکہ ڈالا گیا، مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل سیاسی جمہوری جماعتوں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، بلوچستان نیشنل پارٹی، جمعیت وحدت المسلمین اور سنی اتحاد کونسل نے اپنے مشترکہ بیان میں عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 8 فروری 2024 کے بوگس، جعلی اور نام نہاد انتخابات اور فارم 47 کے نیلامی کے مسلط غیر جمہوری، غیر آئینی حکومت / حکومتوں کے خلاف 8 فروری 2025 بروز ہفتہ یوم سیاہ، احتجاجی ..... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کاسی قبائل کے معتبرین ملک عارف کاسی، ملک سمیع اللہ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بلوچستان بھر میں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مظاہرے و ریلیاں

کشمیر کی آزادی وقت کی اہم ضرورت ہے حکمرانوں کی نااہلی ناکامی کی وجہ سے ہندوستان نے کشمیری عوام کو آزادی نہیں مل رہی

77 برسوں سے کشمیری مائیں، بہنیں، بیٹیاں آزادی کا علم لیے میدان میں کھڑی ہیں، عبدالسمیع رند، ڈاکٹر عطاء الرحمان و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) کشمیر کی آزادی وقت کی اہم ضرورت ہے حکمرانوں کی نااہلی ناکامی کی وجہ سے ہندوستان نے کشمیری عوام کو آزادی نہیں مل رہی حکمران اور سپہ سالار اگر ہمت کریں تو کشمیر کی آزادی چٹکی بجاتے ہے بلوچستان میں بھی مظالم کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہے 77 برسوں سے کشمیری مائیں، بہنیں، بیٹیاں آزادی کا علم لیے میدان میں کھڑی ہیں، وادی لہولہان، نوجوان، حریت رہنما جیلوں ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے گھر پر فائرنگ وحملہ کی مذمت کرتے ہیں، نیشنل پارٹی

ڈاکٹر رمضان ہزارہ سیاسی کارکن ہے ان کو ایسے متفی ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں نیشنل پارٹی کے ممبر مرکزی کمیٹی ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے گھر پر فائرنگ وحملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر رمضان ہزارہ سیاسی کارکن ہے ان کو ایسے متفی ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا ہے۔ نیشنل پارٹی اس گھناونے اقدام کو سیاسی عمل دسیاسی کارکنوں کے خلاف سازش ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بدیانتی کی سیاست کو اسلامی سیاست کہنا جرم ہے، مولانا عبدالمالک

دراہن میں شہید ہونے والے لیویز اہلکاروں کی شہادت کے واقعے کی تحقیقات کی جائیں، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان کے صوبائی رابطہ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس زیر صدارت صوبائی امیر مولانا عبدالمالک منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ محمد ہمایون چشتی نے حاصل کی اجلاس میں صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان، پروفیسر حسین احمد شیرانی اور گریگری انوینٹ کی رکنیت کی درخواست منظور کی گئی۔ اجلاس میں جماعتی امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے مشاورت ..... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کشمیر کی آزادی ہی پاکستان کی حقیقی تکمیل ہے، میر سلیم کھوسہ

کشمیر جنوبی ایشیا کا ایک ایسا سلگتا ہوا مسئلہ ہے جسے حل کیے بغیر دنیا میں امن کا قیام ممکن نہیں، پارلیمانی لیڈر

نصیر آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر آزادی کشمیر کے عزم کی تجدید کا دن ہے ہم کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی میں کبھی تنہا نہیں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ہم اپنے کشمیری بھائیوں سے والہانہ محبت اور ان کے حق آزادی کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ 5 فروری ..... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

علی وزیر کو فی الفور رہا کیا جائے، عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ

احتجاجی مظاہروں اور جلسوں میں اپنی شرکت کو یقینی بنائے، عوام سے اپیل

کوئٹہ (پ ر) پشتون ملت اتحاد سیاسی جمہوری پارٹیوں کا اجلاس پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ میں پشتونخوا ایپ کے مرکزی سینئر سیکریٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ کے زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلع سیکریٹری شاہ اللہ خان کاکڑ اور زین اللہ درانی، پشتونخوا ایپ کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سیکریٹری فقیر خوشحال کاسی، صوبائی آفس سیکریٹری ندا سنگر، رحمت اللہ صابر، سلیمان بازئی، پشتون ..... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد اصولوں کے مطابق ہے، جمعیت

اقوام متحدہ اور عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (اے پی پی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ نائب امیر مولانا محمد ایوب سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شنہزاو سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد سالار مولوی سید سعد اللہ آغا اور دیگر نے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد برحق اور عالمی انسانی حقوق کے اصولوں کے عین مطابق ہے۔ بھارت کی جانب ..... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی تا پشاور ریلوے اپ گریڈیشن منصوبہ جلد شروع ہونے کا امکان

چینی ماہرین کا وفد رواں ماہ کے آخر میں پاکستان کا دورہ کریگا، مالیاتی پلان کو حتمی شکل دی جائیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ کے فیصلے کے بعد ہی پیک کے تحت 6 ارب 70 کروڑ ڈالرز کے کراچی تا پشاور ریلوے اپ گریڈیشن منصوبے میں اہم پیش رفت سامنے آگئی جس سے منصوبے پر جلد کام شروع کرنے کی راہ ہموار ہوگئی، چینی ماہرین کا وفد رواں ماہ کے آخر میں پاکستان کا دورہ کرے گا جس دوران ایم ایل ون منصوبے کے مالیاتی پلان کو حتمی شکل دی جائے گی

امریکی خاتون کی صحت یابی میں وقت لگ سکتا ہے، ڈاکٹر چنچی لال

کراچی (بیورو رپورٹ) جناح ہسپتال کراچی کے شعبہ نفسیات کے سربراہ ڈاکٹر چنچی لال نے کہا ہے نوجوان سے آن لائن دوستی کے بعد کراچی آنیوالی امریکی خاتون کی ذہنی اور جسمانی صحت کی بحالی کیلئے علاج جاری ہے لیکن مکمل صحت یابی میں وقت لگ سکتا ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کو گالی دینے، اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، دانیال چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رجسٹرڈ مسلم لیگ (ن) میڈیا سیل کے سربراہ دانیال چودھری نے کہا ہے پی ٹی آئی کو گالی دینے، بری زبان استعمال کرنے اور اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، انٹرویو میں دانیال چودھری نے کہا جیسے کہ ..... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی آج منائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی 6 فروری کو عقیدت واحترام سے منائی جائیگی پارٹی بیان میں اضلاع کے صدور، جنرل سیکرٹریز، آرگنائزر، ڈپٹی آرگنائزر کو ہدایت کی گئی ہے ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پشین میں موٹر سائیکل حادثہ میں ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پشین کے گل کربلا میں موٹر سائیکل سوار حادثے میں جاں بحق ہوگیا ہے۔ لیویز کے مطابق گزشتہ روز پشین کے گل کربلا میں 55 سالہ شخص سعید اللہ موٹر سائیکل حادثہ میں جان کی بازی ہار گیا ہے جن کی نعش کو سول اسپتال پشین میں ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

علی امین گنڈاپور کی جنید اکبر کو جلسے کیلئے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی پختونخوا کے صدر نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات کی، 8 فروری کے صوابی جلسے کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے جنید اکبر کو جلسے کیلئے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی سمگلروں نے نوجوانوں سے لاکھوں ہتھیا کر بیرون ملک بھیج دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں غیر قانونی طور پر 3 نوجوانوں کو بیرون ملک بھجوانے پر 5 ملزموں کیخلاف مقدمات درج کر لیے گئے، رائیڈ کے رہائشی ماجد اقبال خان کی جانب سے ایف آئی اے میں درج مقدمے کے مطابق 3 بھانجوں کو اٹلی بھجوانے کیلئے ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی خاتون کی صحت یابی میں وقت لگ سکتا ہے، ڈاکٹر چنچی لال

کراچی (بیورو رپورٹ) جناح ہسپتال کراچی کے شعبہ نفسیات کے سربراہ ڈاکٹر چنچی لال نے کہا ہے نوجوان سے آن لائن دوستی کے بعد کراچی آنیوالی امریکی خاتون کی ذہنی اور جسمانی صحت کی بحالی کیلئے علاج جاری ہے لیکن مکمل صحت یابی میں وقت لگ سکتا ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کو گالی دینے، اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، دانیال چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رجسٹرڈ مسلم لیگ (ن) میڈیا سیل کے سربراہ دانیال چودھری نے کہا ہے پی ٹی آئی کو گالی دینے، بری زبان استعمال کرنے اور اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، انٹرویو میں دانیال چودھری نے کہا جیسے کہ ..... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی آج منائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی 6 فروری کو عقیدت واحترام سے منائی جائیگی پارٹی بیان میں اضلاع کے صدور، جنرل سیکرٹریز، آرگنائزر، ڈپٹی آرگنائزر کو ہدایت کی گئی ہے ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پشین میں موٹر سائیکل حادثہ میں ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پشین کے گل کربلا میں موٹر سائیکل سوار حادثے میں جاں بحق ہوگیا ہے۔ لیویز کے مطابق گزشتہ روز پشین کے گل کربلا میں 55 سالہ شخص سعید اللہ موٹر سائیکل حادثہ میں جان کی بازی ہار گیا ہے جن کی نعش کو سول اسپتال پشین میں ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

علی امین گنڈاپور کی جنید اکبر کو جلسے کیلئے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی پختونخوا کے صدر نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ملاقات کی، 8 فروری کے صوابی جلسے کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے جنید اکبر کو جلسے کیلئے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی سمگلروں نے نوجوانوں سے لاکھوں ہتھیا کر بیرون ملک بھیج دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں غیر قانونی طور پر 3 نوجوانوں کو بیرون ملک بھجوانے پر 5 ملزموں کیخلاف مقدمات درج کر لیے گئے، رائیڈ کے رہائشی ماجد اقبال خان کی جانب سے ایف آئی اے میں درج مقدمے کے مطابق 3 بھانجوں کو اٹلی بھجوانے کیلئے ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی خاتون کی صحت یابی میں وقت لگ سکتا ہے، ڈاکٹر چنچی لال

کراچی (بیورو رپورٹ) جناح ہسپتال کراچی کے شعبہ نفسیات کے سربراہ ڈاکٹر چنچی لال نے کہا ہے نوجوان سے آن لائن دوستی کے بعد کراچی آنیوالی امریکی خاتون کی ذہنی اور جسمانی صحت کی بحالی کیلئے علاج جاری ہے لیکن مکمل صحت یابی میں وقت لگ سکتا ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کو گالی دینے، اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، دانیال چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رجسٹرڈ مسلم لیگ (ن) میڈیا سیل کے سربراہ دانیال چودھری نے کہا ہے پی ٹی آئی کو گالی دینے، بری زبان استعمال کرنے اور اداروں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، انٹرویو میں دانیال چودھری نے کہا جیسے کہ ..... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونوں کے سر و مال کو تحفظ حاصل نہیں رزق اور امن کیلئے متحد ہونا ہوگا، پشتونخوا میپ

پشتونخوا وطن میں دہشتگردی، بدامنی کے واقعات اور ایک منصوبے کے تحت پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند کیئے جارہے ہیں

دراہن واقعہ کی غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات حکومت کی ذمہ داری ہے اس اندوہناک واقعہ کے کرداروں کو منطقی انجام تک پہنچانا ہوگا، رحیم زیارتوال

خانوزئی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، خانوزئی میونسپل کمیٹی کے ڈپٹی چیئرمین وضلع ایگزیکٹو محمد دین باچا، ضلع معاونین عبیداللہ پانیزئی، گلزار احمد اور عبدالمتین، محمد قاسم، اعظم صاحب، بخت محمد، محب الرحمن، ولی وطنپال، سعید محمد افغان، ہمایوں خان ودیگر کارکنوں نے دراہن واقعہ میں شہید ہونیوالے خانوزئی ..... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کشمیر یوتھ فورم کے زیر اہتمام یوم کشمیر یکجہتی کے حوالے سے نیلبو دیکھ رہی ہیں

کشمیر پاکستان کا اٹوٹ انگ ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستان کو اقوام متحدہ میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے سفارتی جدوجہد میں اضافہ کرنا ہوگا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کا اٹوٹ انگ ہے قائد اعظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا قیام پاکستان سے لیکر آج تک کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں بھارت کے جبر و استبداد سے نجات حاصل کرنے کے لئے کشمیریوں نے جان و مال کی بے انتہا قربانیاں دی ہیں ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد کشمیری ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان وآزاد جموں وکشمیر ودنیا بھر میں ''یوم یکجہتی کشمیر'' جوش وخروش سے منایا گیا

پاکستان بھر، آزاد جموں وکشمیر اور دنیا بھر کے دارلحکومتوں میں جلسے، جلوسوں، ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان، آزاد جموں وکشمیر اور دنیا بھر میں ''یوم یکجہتی کشمیر'' جوش وخروش سے منایا گیا جسکا مقصد بھارتی ظلم ستم کا شکار کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا اور نہتے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی طرف عالمی برادری کی توجہ مبذول کرانا ہے۔ یہ دن منانے کا مقصد کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق، حق خودارادیت کی منصفانہ جدوجہد کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرنا بھی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ''یوم یکجہتی کشمیر'' کی مناسبت ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پولیو سے انکاری والدین کی کوائف جمع کیے جارہے ہیں، ضلعی انتظامیہ

14 رفیوزل بچوں کو کور کرکے 2 افراد کو گرفتار کرلیا، احسام الدین کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں پولیو کمپین کے دوران ان والدین جو اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری ہے (رفیوزل) کے کوائف جمع کیے جارہے ہیں۔ اس وقت تک کوئٹہ کے تمام سب ڈویژن میں ٹوٹل 90 رفیوزلز پائے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی مختلف ٹیموں نے پولیو کمپین کے تیسرے روز جاری مہم کے دوران تمام سب ڈویژن میں ٹوٹل 58 رفیوزلز کی نشاندہی کی۔ بعد ازاں تمام سب ڈویژن ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی تیل کی سپلائی بندش غریب عوام کی معاشی قتل کرنے کی مترادف ہے، قاری مہراللہ

حکومت مٹی پیٹرول پمپ اور ایرانی تیل کی سپلائی اور بندش کا ظالمانہ فیصلہ واپس لے

ڈیزل اور پٹرول کے کاروبار سے وابستہ ہزاروں افراد نان شبینہ کو محتاج ہوئے ہیں

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، حاجی نادر خان اچکزئی، مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی دادمحمد، حاجی محمد نور اخونزادہ مولوی صالح محمد مولوی محمد صادق ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا صالح محمد سجاد نے کہا کہ مٹی پیٹرول پمپ اور ایرانی تیل کی سپلائی بندش غریب ..... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین پولیو مہم کے دوران پولیو ورکرز کا ریکارڈ چیک کر رہی ہیں

خبردار!
ایل پی جی کی چوری اور کاربن ڈائی آکسائڈ کی مکسنگ جان لیوا ہے
اوگرا کی جانب سے اہم اعلان

ایل پی جی باؤزر سے ایل پی جی سلنڈرز میں ایل پی جی کی منتقلی اور ایل پی جی میں کاربن ڈائی آکسائڈ (CO_2) کی مکسنگ جان لیوا ہے
یہ خطرناک اور غیر قانونی عمل اصل میں چوری ہے جو بڑے پیمانے پر تباہی پھیلا سکتا ہے
عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ
اپنے اردگرد کڑی نظر رکھیں اور اپنی جان و مال کے تحفظ کے لیے ایسی کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی فوری اطلاع
ضلعی انتظامیہ، 15، قریبی پولیس اسٹیشن یا OGRA ہیلپ لائن 0800-77733 پر دیں
اوگرا ۔۔۔ آپ کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر دم کوشاں
URAAN PAKISTAN
PID (I) 5339-D/24